**فرمان الٰہی** **اللہ ایک ہے** تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداداللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | پیر 15 محرم الحرام 1445ھ 22 جولائی 2024ء 7 ساون 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 281

## وزیر داخلہ محسن نقوی کی پشاور کے علاقے میں پولیس چیک پوسٹ پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت

### شہید کانسٹیبل سعید کی قربانی کو خراج عقیدت، کانسٹیبل سعید نے ادائیگی فرض کے دوران جان کا نذرانہ دے کر شہادت کا اعلیٰ رتبہ پایا، محسن نقوی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے پشاور کے علاقے میں پولیس چیک پوسٹ ارنڈ وخوڑ پر فائرنگ کے واقعہ کی مذمت کی ہے اور فائرنگ سے شہید ہونے والے کانسٹیبل سعید کو خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے شہید کانسٹیبل سعید کے خاندان سے دلی ہمدردی و اظہار تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ کانسٹیبل سعید نے ادائیگی فرض کے دوران جان کا نذرانہ دے کر شہادت کا اعلیٰ رتبہ پایا، وطن پر جان نچھاور کرنے والے شہید کانسٹیبل سعید کی قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں، دہشتگردی کے خلاف جنگ میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

# پی ٹی آئی دہشتگرد جماعت، بنوں واقعہ میں ملوث، الزام فوج پر لگانا چاہتے تھے عطا تارڑ

### پی ٹی آئی کے رہنما ہمیشہ لاشوں کی تلاش میں رہتے ہیں، عمران خان نے بیان دیا کہ شہریوں پر براہ راست فائرنگ ہوگئی، وزیر اطلاعات

### خیبر پختونخوا حکومت کی انکوائری مسترد کرتے ہیں، ان کے لوگ اس میں ملوث ہیں، آپ کیسے تحقیقات کراسکتے ہو؟ بنوں میں تاجروں کا ایک امن مارچ تھا، تحریک انتشار کے لوگ بھی شامل ہوئے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات عطا تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف پر سخت تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے رہنما ہمیشہ لاشوں کی تلاش میں رہتے ہیں، ان کی کوشش تھی بنوں واقعہ کا الزام پاک فوج پر لگایا جائے کہ شہریوں پر فائرنگ ہوگئی، خیبر پختونخوا حکومت کی انکوائری مسترد کرتے ہیں، ان کے لوگ اس میں ملوث ہیں، آپ کیسے تحقیقات کراسکتے ہو؟ عمران

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1

## ملک میں مہنگی بجلی کی سب سے بڑی وجہ کیپیسٹی چارجز قرار

### 22 سرکاری کمپنیوں کو گزشتہ تین ماہ میں 169 ارب 36 کروڑ ادا کیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) ملک میں مہنگی بجلی کی سب سے بڑی وجہ کپیسٹی چارجز ہیں جبکہ 22 سرکاری کمپنیاں کیپیسٹی چارجز کی 48 فیصد کی حصے دار ہیں۔ ذرائع کے مطابق سرکاری بجلی گھر بھی بہتی گنگا میں مسلسل ہاتھ دھو رہے ہیں، 22 سرکاری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

## اسپیکر قومی اسمبلی کا قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینز کو نئی گاڑیاں دینے سے انکار

### اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اپنے لیے بھی نئی گاڑی لینے سے انکار کردیا

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے نئی گاڑیاں خریدنے پر پابندی لگاتے ہوئے ایوان کی قائمہ کمیٹیوں کے چیئرمینز کو نئی گاڑیاں دینے سے انکار کردیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے ایوان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

اسلا آباد، وزیراعظم شہباز شریف کی جناح میڈیکل کمپلیکس کی تعمیر کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

# جرمنی میں افغان شہریوں کا پاکستانی قونصل خانے پر حملہ

## پرچم کی بے حرمتی

## پاکستان کا شدید احتجاج

### افغان باشندوں نے پاکستانی پرچم جلانے کی کوشش بھی کی، پاکستانی پرچم کی جگہ افغانی پرچم لہرایا گیا، فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل خانے کی سلامتی کو خطرے میں ڈالا گیا، واقعے سے قونصل عملے کی جان کو خطرہ لاحق ہوا، پاکستان

### جرمن حکام نے سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہونے کے بعد متعدد افراد کو گرفتار کرلیا، تفتیش شروع کردی گئی، پاکستانی سفارتی حکام نے افسوسناک واقعے پر جرمن وزارت خارجہ سے احتجاج کرتے ہوئے تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل جنرل کے باہر افغان باشندوں نے ہنگامہ آرائی کی، پتھراؤ کیا اور پاکستانی پرچم بھی اتار دیا جس پر پاکستانی سفارتی حکام نے واقعہ پر شدید احتجاج کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق جرمنی کے شہر فرینکفرٹ میں افغان شہریوں کی جانب سے پاکستانی قونصل خانے پر پتھراؤ کیا گیا اور پاکستانی پرچم اتارنے کا افسوسناک واقعہ بھی پیش آیا۔ رپورٹ کے مطابق افغان باشندوں نے پاکستانی پرچم جلانے کی کوشش بھی کی، پاکستانی پرچم کی جگہ افغانی پرچم لہرایا گیا، پولیس نے دو افراد کو حراست میں لے لیا۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق جرمن حکام نے سوشل میڈیا پر ویڈیو وائرل ہونے کے بعد متعدد افراد کو گرفتار بھی کیا ہے جن سے تفتیش شروع کردی گئی پاکستان نے فرینکفرٹ جرمنی میں انتہا پسند گروہ کی جانب سے اپنے قونصل خانے پر حملے کی شدید مذمت کی۔ ترجمان دفتر خارجہ ممتاز زہرہ بلوچ کی جانب سے جاری بیان میں پاکستان نے جرمنی کی حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ ویانا کنونشنز کے تحت اپنی ذمہ داریوں کو پورا کرے۔ دفتر خارجہ نے کہا کہ فرینکفرٹ میں پاکستانی قونصل خانے کی سلامتی کو خطرے میں ڈالا گیا، واقعے سے قونصل عملے کی جان کو خطرہ لاحق ہوا۔ ممتاز زہرہ بلوچ نے کہا کہ سفارتکاروں کی سلامتی یقینی بنانا میزبان حکومت کی ذمہ داری ہے، جرمن حکام ملوث افراد کو فوری طور پر گرفتار کریں، ترجمان دفتر خارجہ پاکستانی سفارتی حکام نے افسوسناک واقعے پر جرمن وزارت خارجہ سے احتجاج کرتے ہوئے تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ پاکستانی حکام کے مطابق غیر ملکی سفارتی تنصیبات کی سیکیورٹی کی ذمہ داری جرمن حکومت کی ہے، اس معاملے پر بین الاقوامی برادری میں بھی سفارتی تنصیبات کی سیکیورٹی کے معاملے پر تشویش پائی جاتی ہے۔ جرمن حکام نے پاکستانی سفارتی حکام کو مکمل تحقیقات کی یقین دہانی کرائی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8



فرینکفرٹ، افغان شہری پاکستانی قونصل جنرل کے باہر ہنگامہ آرائی اور پتھراؤ کررہے ہیں

## وزیر توانائی اویس لغاری نے جنوری سے بجلی سستی ہونے کی خوشخبری سنادی

### آئی پی پیز کیپیسٹی پیمنٹ تبدیل نہیں ہوگی، معاہدوں کی شرائط میں نرمی کیلئے کوشاں ہیں، انٹرویو

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری نے جنوری سے بجلی کی قیمتوں میں 4 سے 5 فیصد کمی کی خوشخبری سناتے ہوئے کہا ہے بجلی کی قیمت کم کرنا ہمارے لیے سب سے بڑا چیلنج بھی اور ترجیح بھی، پچھلے سال کی ری بیسنگ کے باعث بجلی بلوں پر 6 ماہ تک دباؤ رہے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ جنوری 2025 سے بجلی کی قیمت میں 4 سے 5 فیصد ہوجائے گی، کوئلے سے بجلی بنانے کیلئے چینی سرمایہ کاری لارہے ہیں جس سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5

## پی ٹی آئی پر پابندی لگانا موجودہ حکومت کی نامناسب کوشش ہے، میاں منظور وٹو

### پیپلز پارٹی سے کسی حکومتی امور بارے مشاورت نا کرنا درست قدم نہیں، سابق وزیراعلیٰ پنجاب

حویلی لکھا (این این آئی) سابق وزیراعلیٰ پنجاب سینئر بزرگ سیاستدان میاں منظور احمد وٹو نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی پر پابندی لگانا موجودہ حکومت کی نامناسب کوشش ہے، میں اسکی سخت مزمت کرتا ہوں، جمہوریت میں حکومت بنانا نسبتاً آسان کام ہے، حکومت چلانا مشکل کام ہے۔ سابق وزیراعلیٰ پنجاب سینئر بزرگ سیاستدان میاں منظور احمد وٹو نے موجودہ حکومت چلانے کیلئے (ن) لیگ کو پھوک پھوک کے قدم رکھنے کا بھی باقی

صفحہ 7 بقیہ نمبر 6

## مریم نواز کا صوبائی کابینہ میں توسیع پر غور شروع

### منشاء اللہ بٹ، سلطان حیدر علی خان کے نام بھی زیر غور ہیں، ذرائع

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے صوبائی کابینہ میں توسیع پر غور شروع کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق اسپیکر پنجاب ا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7

# عوام کی ترقی صحت اور تعلیم پر سیاست نہیں ہونی چاہیے شہباز شریف

### اسلام آباد میں جناح میڈیکل سینٹر کا سنگ بنیاد رکھا ہے، منصوبہ صرف اسلام آباد اور راولپنڈی کیلئے نہیں، جناح میڈیکل سینٹر کی سہولیات سے دیگر علاقوں کے لوگ بھی مستفید ہوں گے

### بجلی کا بحران تھا تو جذبات میں کہہ گیا 6 ماہ میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ہوگا، میرا بہت مذاق اڑایا گیا، عزت رکھنے والا ہے تو پھر آپ نے دیکھا ملک بھر میں جاری 20،20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ختم ہوگئی، شہباز شریف کا خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ نام نہاد منصف نے سازش کرکے پاکستان کڈنی اینڈ لیور انسٹی ٹیوٹ (پی کے ایل آئی) کو تباہ کرنے کی کوشش کی، عوام کی ترقی کے معاملے پر سیاست نہیں ہونی چاہیے، اسلام آباد میں جناح میڈیکل سینٹر کا سنگ بنیاد رکھا ہے، منصوبہ صرف اسلام آباد اور راولپنڈی کیلئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9



اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف جناح میڈیکل کمپلیکس میں تقریب سے خطاب کررہے ہیں

## نہ کے پی اسمبلی ٹوٹے گی نہ قومی اسمبلی سے استعفے دیں گے، علی محمد خان

### لوٹا ہوا مینڈیٹ واپس لے کر حکومت بنائیں گے، جس کے وزیراعظم بانی پی ٹی آئی ہوں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما علی محمد خان نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے پی اسمبلی توڑے گی نہ ہی قومی اسمبلی سے استعفیٰ دے گی۔ ایک بیان میں علی محمد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13

## منصوبے کے تحت مایوسی، جھوٹ اور انتشار کا زہر پھیلایا جارہا ہے، سعد رفیق



### بہت سے لوگ دانستہ اور غیر دانستہ طور پر اس صورت حال کا حصہ بن رہے ہیں، لیگی رہنما

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما، سابق وفاقی وزیر سعد رفیق نے دعویٰ کیا ہے کہ سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مایوسی، جھوٹ، تشدد، کنفیوژن اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12

## عمران خان ملک کی سب سے بڑی حقیقت ہے ' مسرت جمشید چیمہ

### کوئی عالمی امداد پاکستان کو ٹھیک نہیں کرسکتی سینئر رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی سینئر رہنما مسرت جمشید چیمہ نے کہا ہے کہ عمران خان قوم کی آخری امید ہیں، وہ صرف آئین و قانون کی بالادستی کی بات کرتے ہیں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11

## سابق وفاقی وزیر شفقت محمود کا سیاست چھوڑنے کا اعلان

### سیاست چھوڑنے کا فیصلہ کسی دباؤ کی وجہ سے نہیں کیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سابق وفاقی وزیر شفقت محمود نے سیاست چھوڑنے کا اعلان کردیا۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری بیان میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10

# پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ایئر ایمبولینس نے کام شروع کردیا

### میاں نواز شریف کی ہدایت کے مطابق پنجاب کی عوام سے کیا ایک اور وعدہ پورا کردیا، پاکستان کی تاریخ کی پہلی ایئر ایمبولینس نے کام شروع کردیا ہے، وزیر اعلیٰ پنجاب

### میانوالی میں چھت سے گرنے والی خاتون کو فوری ریسکیو کرکے "گولڈن آور" میں پنڈی منتقل کیا گیا اور علاج کی سہولیات فراہم کی گئیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کہا ہے کہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14

لاہور، پنجاب حکومت کی ائیر ایمبولینس، چھت سے گرنے والی میانوالی کی حلیمہ بی بی کی بروقت راولپنڈی منتقلی سے جان بچائی گئی

اسلام آباد، کوآرڈینیٹر وزیراعظم برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# مریم نواز کا ٹیوٹا پراجیکٹس میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کو فروغ دینے کا حکم

### ٹیوٹا اداروں میں مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق جدید کورسز پڑھانے کا فیصلہ

### ٹیوٹا اداروں میں کورین، جاپانی، جرمن، چینی اور عربی لینگویج کورسز بھی متعارف کرانے کی منظوری

لاہور (سمعیہ فیاض) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ٹیوٹا پراجیکٹس میں پبلک پرائیویٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف ٹیوٹا میپنگ پلان کے سلسلے میں خصوصی اجلاس کی صدارت کررہی ہیں

## پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار جان بچانے کا "گولڈن آور" شروع

### چھت گرنے والی میانوالی کی حلیمہ بی بی کی ایئر ایمبولینس کے ذریعے بروقت راولپنڈی منتقلی سے جان بچالی گئی

لاہور (این این آئی) پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار جان بچانے کا "گولڈن آور" شروع ہوگیا، پنجاب میں عام شہریوں کو بھی ایئر ایمبولینس کی سہولت مل گئی۔ چھت سے گرنے والی میانوالی کی حلیمہ بی بی کی ایئر ایمبولینس کے ذریعے بروقت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30

## وزیراعظم ماحولیاتی طور پر پائیدار کوہ پیمائی کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہیں، رومینہ خورشید عالم

### وزیراعظم کی ہدایت پر گلگت بلتستان میں کوہ پیمائی کے اسکول کے قیام کے لیے کوششیں شروع

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ رومینہ خورشید عالم نے اتوار کے روز اس بات پر زور دیا کہ وزیراعظم کی ہدایت پر گلگت بلتستان میں کوہ پیمائی کے اسکول کے قیام کے لیے کوششیں شروع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29

## حماس کی جانب سے پاکستان کے بیان کا خیر مقدم

### پاکستان کا بیان صہیونیوں کے ہاتھوں نسل کشی کا نشانہ بننے والے فلسطینیوں کی حمایت ہے، ردعمل

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے صہیونی قبضہ جنگی جرم اور نیتن یاہو سے متعلق پاکستان کے بیان کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ بیان صہیونیوں کے ہاتھوں نسل کشی کا نشانہ بننے والے فلسطینیوں کی حمایت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15

## بانی پی ٹی آئی کی 12 مقدمات میں جسمانی ریمانڈ کیخلاف درخواستوں پر سماعت (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) بانی پی ٹی آئی کی 12 مقدمات میں جسمانی ریمانڈ دینے کے انسداد دہشتگردی عدالت کے فیصلے کے خلاف درخواستوں پر سماعت (آج) پیر کے روز ہوگی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس طارق سلیم شیخ اور جسٹس انوار الحق پنوں پر مشتمل دو رکنی بینچ 22 جولائی کو سماعت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16

## یوٹیلیٹی اسٹورز نے وزیراعظم ریلیف پیکج کے تحت چینی کی فروخت بند کردی

### شہری وزیراعظم ریلیف پیکج کے تحت سستی چینی سے محروم اور اوپن مارکیٹ سے مہنگی چینی خریدنے پر مجبور

اسلام آباد (این این آئی) یوٹیلیٹی اسٹورز نے وزیراعظم ریلیف پیکج کے تحت چینی کی فروخت بند کردی۔ وفاقی بجٹ میں کمرشل مقاصد کیلئے چینی کی سپلائی پر فی کلو 15 روپے فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کے باعث یوٹیلیٹی اسٹورز کارپوریشن نے چینی کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28

## مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس ایک بار پھر ملتوی ہوگیا، نئی تاریخ کا اعلان جلد متوقع

اسلام آباد (این این آئی) مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس ایک بار پھر ملتوی کردیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے پیر کو مشترکہ مفادات کونسل کا اجلاس طلب کیا تھا۔ اس سے قبل 10 جولائی کو بھی اجلاس ملتوی کردیا گیا تھا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم اور دیگر ارکان کی مصروفیات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27

## سیاسی ڈرامے باز بنوں واقعے پر سیاست کی ناکام کوشش کررہے ہیں، بیرسٹر سیف

### خیبر پختونخوا دہشت گردی سے پہلے متاثر ہے اور کسی بھی بڑے سانحے کا متحمل نہیں ہوسکتا' بیان جاری

پشاور (این این آئی) مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ بعض مسترد شدہ سیاسی ڈرامے باز بنوں واقعے پر سیاست کی ناکام کوشش کررہے ہیں، خیبر پختونخوا دہشت گردی سے پہلے متاثر ہے اور کسی بھی بڑے سانحے کا متحمل نہیں ہو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32

## متبادل ملتے ہی شہباز شریف سے جان چھوٹ جائیگی' فواد چوہدری

### اس سیٹ اپ سے نہ سیاست سنبھل رہی ہے نہ معیشت' سابق وفاقی وزیر کا سوشل میڈیا پر بیان

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے دعویٰ کیا ہے کہ موجودہ سیٹ اپ مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے، متبادل آئیڈیا ملتے ہی وزیر اعظم شہباز شریف سے پاکستان کی جان چھوٹ جائے گی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33

## نیا توشہ خانہ ریفرنس، نیب کی اڈیالہ جیل میں عمران خان، بشریٰ بی بی سے تفتیش

اسلام آباد (این این آئی) توشہ خانہ کے نئے ریفرنس میں قومی احتساب بیورو (نیب) کی ٹیم نے اڈیالہ جیل راولپنڈی میں پاکستان تحریک انصاف کے بانی چیئرمین، سابق وزیراعظم عمران خان اور سابق خاتون اول بشریٰ بی بی سے تفتیش کی میڈیا رپورٹ کے مطابق نیب کی ٹیم اڈیالہ جیل میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26

لاہور، پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام انڈر گریجوایٹ پروگرامز کے لئے دوسرے انٹری ٹیسٹ کے انعقاد پر وائس چانسلر ڈاکٹر خالد محمود امتحانی مراکز کا دورہ کررہے ہیں

## بجلی کی طلب میں اضافہ، شارٹ فال 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گیا

### دیہی علاقوں میں 12 گھنٹے جبکہ شہری علاقوں میں 4 سے 6 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں گرمی اور حبس بڑھنے پر بجلی کی طلب میں بھی اضافہ ہوگیا۔ بجلی کی طلب میں اضافے کے باعث طلب اور رسد کا فرق 6 ہزار میگاواٹ تک پہنچ گیا۔ بجلی کی پیداوار 22 ہزار اور طلب 28 ہزار میگاواٹ رہی۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17

## سعودی عرب میں منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن، 4 پاکستانی بھی گرفتار

ریاض (این این آئی) سعودی عرب میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران 4 پاکستانیوں کو گرفتار کرلیا گیا۔ ادارہ انسداد منشیات کے مطابق ریاض ریجن میں کی گئی کارروائی میں ایک پاکستانی اور ایک ایتھوپین شہری کو گرفتار کیا گیا جن سے 20 کلو چرس برآمد کی گئی۔ جدہ میں 3

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18

## حکومت اپنی مدت پوری کرے گی' ملک افضل کھوکھر

### پاکستان کو دیوالیہ کرنے کی سازش کرنے والوں کو نشان عبرت بنایا جانا چاہیے' رکن قومی اسمبلی (ن) لیگ

لاہور (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما اور رکن قومی اسمبلی ملک افضل کھوکھر نے کہا ہے کہ جن لوگوں نے پاکستان کو معاشی طور پر دیوالیہ کرنے کے لیے ہر سازش کی ان کو نشان عبرت بنایا جانا چاہیے، اب کسی قسم کی غیر آئینی سہولت کاری کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19

## حکومت ایک پاور پلانٹ سے 750 روپے فی یونٹ بجلی خرید رہی ہے' گوہر اعجاز

### حکومت کول پاور پلانٹس سے اوسطاً 200 روپے یونٹ بجلی خرید رہی ہے

لاہور (این این آئی) سابق نگران وزیر تجارت گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ حکومت آئی پی پیز معاہدوں کی وجہ سے ایک پاور پلانٹ سے 750 روپے فی یونٹ بجلی خرید رہی ہے، ان کے ڈیٹا شیئر کرکے چالیس خاندانوں کے خلاف آواز اٹھائی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34

## مجھے ہواؤں میں تبدیلی نظر آرہی ہے، حکومت زیادہ دیر نہیں چلے گی، عمران اسماعیل

### پی ٹی آئی پر پابندی صرف لگانا دیوانے کا خواب ہے اور وہ پورا نہیں ہوگا، سابق گورنر سندھ

کراچی (این این آئی) سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا ہے کہ ہم نے ہر دور میں کسی نہ کسی سیاستدان کو غدار بنایا ہے، پی ٹی آئی پر پابندی لگانا صرف دیوانے کا خواب ہے اور وہ پورا نہیں ہوگا، حکومت خود بوکھلاہٹ کا شکار ہے اور وہ الٹی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25

# تحریک انصاف کا حکومتی پالیسیوں کے خلاف آئندہ جمعہ کو احتجاج کا اعلان

### بجلی کی بلوں میں اضافہ کیا گیا ہے، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے، بہت زیادہ ٹیکسز لگائے گئے ہیں جو نا قابل برداشت ہیں

### یہ ایک سیاسی جماعت کے خلاف کریک ڈاؤن کررہے ہیں ایم این ایز کو خریدنے کیلئے بڑی بڑی آفرز کررہے ہیں، اسد قیصر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال اور حکومتی پالیسیوں کے خلاف آئندہ جمعہ کو احتجاج کا اعلان

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20

# نواز شریف کے سابق پولیٹیکل سیکرٹری آصف کرمانی کا پارٹی چھوڑنے کا اعلان

### نواز شریف کو ان حالات سے متعلق آگاہ کرنے کی کوشش کی لیکن خوشامدی ٹولے کی وجہ سے ممکن نہیں ہوسکا

### عوام مہنگائی اور بجلی کے بلوں سے مر رہے' خوشامدی ٹولہ سب اچھا کی گردان کررہا' نواز شریف بے خبر ہیں' بیان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف کے سابق پولیٹیکل سیکرٹری اور قریبی ساتھی آصف کرمانی نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23

## حکومت کی نااہلی و بدعنوانی سے مسائل بڑھ گئے' جے یو آئی (ف)

### سیاسی عدالتی معاشی عدم استحکام کے باوجود حکمران و مقتدر قوتیں سب ٹھیک ہے کی رٹ لگا رہے ہیں

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سٹی لاہور محمد افضل خان، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع بٹ، سالار مولانا محمد عمیر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24

لاہور، نیشنل ایڈووکیسی اینڈ لابنگ پلیٹ فارم اور نیشنل لابنگ ڈیلیگیشن کا وفد ڈائریکٹر جنرل پولیس ویلفیئر ثمن رائے سے ملاقات کررہا ہے

## انتشار اور الزام تراشی کی سیاست ملکی مفاد میں نہیں' مرکزی علماء کونسل

### سیاستدانوں کا اپنی اپنی انا کی تسکین کیلئے ملک میں افراتفری پیدا کرنا لمحہ فکریہ ہے' مولانا زاہد محمود قاسمی

لاہور (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ مولانا زاہد محمود قاسمی نے کہا کہ انتشار اور الزام تراشی کی سیاست ملکی مفاد میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21

## ٹیلی کام سیکٹر کی کمپنیوں کو 50 ارب روپے سے زائد کی چھوٹ دینے کا انکشاف

### 10 کمپنیوں کو لیٹ پیمنٹ چارجز کی مد میں 54 ارب روپے کی چھوٹ دیدی گئی، دستاویز

کراچی (این این آئی) ٹیلی کام سیکٹر کی کمپنیوں کو 50 ارب روپے سے زائد کی چھوٹ دیئے جانے کا انکشاف ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق وزارت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22

لاہور، پی ٹی آئی کے زیر اہتمام بانی پی ٹی آئی کی رہائی کے لئے احتجاج کیا جارہا ہے

روزنامہ قوت لاہور
میاں محمد فیاض



# سٹی نیوز

# پنجاب میں 22 سے 25 جولائی تک مون سون بارشوں کی پیشگوئی

## 23 سے 24 جولائی کے دوران جنوبی پنجاب میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان

لاہور (این این آئی) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے پنجاب میں 22 سے 25 جولائی تک مون سون بارشوں کی پیشگوئی کر دی۔ ترجمان پی ڈی ایم اے نے بتایا کہ پنجاب میں مون سون کا چوتھا اسپیل 22 جولائی بروز پیر (کل) سے شروع ہونے کا امکان ہے، جو 25 جولائی تک جاری رہ سکتا ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق 23 سے 24 جولائی کے دوران جنوبی پنجاب میں آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔ ترجمان صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے بتایا کہ راولپنڈی، گوجرانوالہ، سرگودھا، لاہور، فیصل آباد، گجرات، ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور اور ساہیوال ڈویژنز میں مون سون بارشوں کا امکان ہے۔ ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے کا کہنا تھا کہ موسمی صورتحال کے بارے متعلقہ انتظامیہ کو الرٹ جاری کر دیا ہے، انہوں نے ہدایت کی کہ بڑے شہروں کی انتظامیہ الرٹ رہے اور پیشگی انتظامات مکمل کرے۔

# پاکپتن میں دوکان کی ملکیت کے تنازعہ نوجوان کو آگ لگا کر ہلاک کر دیا

## آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈی پی او پاکپتن کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے پاکپتن میں ہسپتال روڈ پر دوکان کی ملکیت کے تنازعہ پر ملزمان کے نوجوان کو آگ لگا کر ہلاک کرنے کے معاملہ کا نوٹس لیتے ہوئے آر پی او ساہیوال سے رپورٹ طلب کر لی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے ڈی پی او پاکپتن کو ملزمان کی فوری گرفتاری کا حکم دیا۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سفاک ملزمان کسی رعایت کے مستحق نہیں، سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے۔ پاکپتن پولیس نے علاقہ تھانہ سٹی پاکپتن میں عباس نامی نوجوان کی آگ لگنے سے ہلاکت پر فوری کارروائی کرتے ہوئے مقتول نوجوان کی والدہ کی مدعیت میں 3 نامزد اور 2 نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کیا اور سٹی پاکپتن پولیس نے قتل کے مقدمہ میں نامزد تینوں ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ ڈی پی او پاکپتن طارق ولایت نے بتایا کہ فریقین کا آپس میں دوکان کی ملکیت کا تنازعہ چل رہا تھا، نوجوان عباس کی ہلاکت قتل ہے یا خودکشی پولیس تمام تر پہلوؤں سے تفتیش کر رہی ہے۔ نوجوان کی ہلاکت کے مقدمہ کو اصل حقائق اور پوسٹ مارٹم رپورٹ کے مطابق میرٹ پر یکسو کیا جائے گا۔

باغ جناح میں قائم تاریخی جناح لائبریری کا خوبصورت منظر

# آئی جی پنجاب نے لاہور سمیت مختلف اضلاع میں تعینات پولیس ملازمین کے بچوں کو سنگین بیماریوں کے علاج معالجے کیلئے 21 لاکھ 50 ہزار روپے کے مزید فنڈز جاری

لاہور (کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور پولیس فورس کے ساتھ ساتھ ان کے اہلخانہ کی بہترین ہیلتھ ویلفیئر کیلئے مسلسل مصروف عمل ہیں، اسی سلسلے میں جاری اقدامات کے تحت آئی جی پنجاب نے لاہور سمیت مختلف اضلاع میں تعینات پولیس ملازمین کے بچوں کو سنگین بیماریوں کے علاج معالجے کیلئے 21 لاکھ 50 ہزار روپے کے مزید فنڈز جاری کر دیئے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈیرہ غازی خان کے کانسٹیبل خادم حسین کو 03 سالہ بیٹے کے بون میرو آپریشن کیلئے 10 لاکھ روپے جاری کئے گئے، رحیم یار خان کے اے ایس آئی آغا باقر کو 05 سالہ بیٹے کی ہارٹ سرجری کیلئے 03 لاکھ روپے دیئے گئے۔ ڈرائیور کانسٹیبل صفدر حسین کو 12 سالہ بیٹی کے بلڈ کینسر کے علاج کیلئے اڑھائی لاکھ روپے جاری کئے گئے، خوشاب کے کانسٹیبل محمد امان اللہ کو 05 سالہ بیٹے کی میجر سرجری کیلئے 02 لاکھ 50 ہزار روپے دیئے گئے۔ اوکاڑہ کے کانسٹیبل محمد عباس کو 04 سالہ بیٹی عنایہ عباس کے بلڈ کینسر کے علاج کیلئے اڑھائی لاکھ روپے دیئے گئے جبکہ لاہور پولیس کے کانسٹیبل شہباز منصور مرحوم کے بیٹے ارمان منصور کو آنکھ کے آپریشن کیلئے 01 لاکھ روپے دیئے گئے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے مذکورہ بالا فنڈز میڈیکل فنانشل اسسٹنس کمیٹی کے اجلاس و سکروٹنی کے بعد جاری کئے۔ قبل ازیں ہمارے پھول پراجیکٹ کے تحت بھی پولیس ملازمین کے بچوں کو طبی اخراجات کیلئے رواں برس 22 کروڑ روپے سے زائد رقم دی جا چکی ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ پنجاب پولیس ایک فیملی ہے۔

ایک ضعیف العمر شہری بیڈن روڈ پر ہاتھ سے تیار کیے گئے پنکھے فروخت کرنے کیلئے بیٹھا ہے

# محرم الحرام کے تمام عزاداری جلوس و مجالس کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے' فیصل کامران

## پولیس کے سپروائزری افسران امن کمیٹی ممبران اور جلوس و مجالس منتظمین سے مسلسل رابطے میں ہیں' ڈی آئی جی آپریشنز

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران نے کہا ہے کہ محرم الحرام کے تمام عزاداری جلوس و مجالس کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ محرم الحرام کے 14 ویں روز شہر بھر میں منعقد ہونے والی 77 مجالس اور 07 جلوسوں کو بھرپور سکیورٹی فراہم کی گئی۔ سٹی ڈویژن میں 02 جلوس، 10 مجالس، کینٹ ڈویژن میں 13 مجالس، سول لائنز میں 04 جلوس اور 14 مجالس صدر 08 مجالس، اقبال ٹاؤن میں 01 جلوس اور 24 مجالس اور ماڈل ٹاؤن ڈویژن میں 08 مجالس کو سکیورٹی فراہم کی جا رہی ہے۔ محمد فیصل کامران نے کہا کہ چیکنگ کے بغیر کسی بھی شخص کو جلوسوں میں داخلے کی اجازت نہ دی جائے۔ منتظمین مجالس و جلوس وقت اور روٹس کی پابندی یقینی بنائیں۔ ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز منتظمین جلوس و مجالس کے ساتھ رابطے میں رہیں۔ انہوں نے کہا کہ محرم الحرام کے پروگراموں کی سکیورٹی پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جا سکتا۔ حساس مجالس و جلوسوں کی مسلسل مانیٹرنگ کی جا رہی ہے۔ ڈولفن سکواڈ اور پیروٹیوں نے بھی شہر کی اہم شاہراہوں کو موثر گشت یقینی بنایا۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے مزید کہا کہ لاہور پولیس کے سپروائزری افسران امن کمیٹی ممبران اور جلوس و مجالس منتظمین سے مسلسل رابطے میں ہیں۔

# زیر التواء مقدمات نمٹانے کیلئے سپریم کورٹ میں مزید ایڈہاک ججز کی تعیناتی کی جائے' پنجاب بار کونسل

## سیاسی اور آئینی مقدمات کی بھرمار، عام سائلین کے مقدمات کیلئے الگ عدالتیں قائم کی جائیں' وائس چیئرمین کامران بشیر مغل

لاہور (این این آئی) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین کامران بشیر مغل نے سپریم کورٹ میں دو ایڈہاک ججز کی تعیناتی کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ سالہا سال سے زیر التواء مقدمات کو نمٹانے کیلئے مزید چار ججز کی تعیناتی کی جانی چاہیے، سیاسی اور آئینی مقدمات کی بھرمار کی وجہ سے عدالتوں پر بے پناہ بوجھ ہے، سیاسی معاملات اور عام سائلین کے مقدمات کے لئے الگ عدالتیں قائم کی جائیں۔ اپنے بیان میں وائس چیئرمین پنجاب بار کونسل کامران بشیر مغل نے کہا کہ اعلیٰ عدالتوں میں ججز کی مطلوبہ تعداد نہ ہونے کی وجہ سے سائلین کی درخواستیں کئی کئی سالوں تک التواء میں رہتی ہیں جو انصاف کے نظام پر سوالیہ نشان ہے۔ ججز کی تعداد کم ہونے کی وجہ سے حکم امتناعی لینے اور اس کے خلاف اپیلوں کی شنوائی بھی نہیں ہوتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ اعلیٰ عدالتوں پر سیاسی اور آئینی معاملات کے حوالے سے درخواستوں کا بے پناہ بوجھ ہے، سیاسی درخواستیں پہلے روز سماعت کے لئے مقرر ہو جاتی ہیں جبکہ عام سائلین کی درخواست سماعت کے لئے مقرر ہونے کی باری ہی نہیں آتی۔ تجویز ہے کہ آئینی، سیاسی معاملات اور عام سائلین کی درخواستوں کی سماعتوں کے لئے الگ الگ عدالتیں ہونی چاہئیں، عدالتوں کا نظام عام سائلین کے لئے بنایا گیا تھا جو سیاسی معاملات کی وجہ سے چوک ہوا پڑا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہائیکورٹس سے مزید ججز کو سپریم کورٹ میں لے جا کر وہاں تعداد پوری کی جائے اور ہائیکورٹ میں بھی نئے ججز کی تعیناتی کر کے تعداد کو پورا کیا جائے تاکہ سائلین کو بروقت انصاف مل سکے۔

# اغوائی برائے تاوان سیل لاہور کی ضلع جھنگ کے علاقے سیٹلائیٹ ٹاؤن میں بڑی کارروائی

## اغوائی ہونے والی 22 سالہ ارم شہزادی کو جھنگ سے بازیاب کروالیا گیا

لاہور (کرائم رپورٹر) اغوائی برائے تاوان سیل لاہور کی ضلع جھنگ کے علاقے سیٹلائیٹ ٹاؤن میں بڑی کارروائی، چند ہفتے قبل علاقہ تھانہ سبزہ زار لاہور سے اغوائی ہونے والی 22 سالہ ارم شہزادی جھنگ سے بازیاب کروالیا گیا۔ ڈی ایس پی KR سٹاف میاں انجم توقیر نے بتایا کہ مغوی کو بحفاظت بازیاب کر کے ملزم گرفتار کر لیا گیا 22 سالہ ارم شہزادی کے اغوائی کا مقدمہ تھانہ سبزہ زار لاہور میں درج تھا مغوی کے والد کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی تھی جس میں اس نے بیٹی کو اغوائی کے بعد فروخت کا خدشہ ظاہر کیا تھا مغوی کو جدید ٹیکنالوجی سمیت ہیومن انٹیلی جنس کی مدد سے مختصر وقت میں بازیاب کروایا گیا۔ ایس پی نارتھ فرقان بلال نے کہا کہ جرائم پیشہ عناصر کیخلاف آرگنائزڈ کرائم یونٹ لاہور کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

# پاکستان سنی تحریک داتا گنج بخش ٹاؤن کی نئی باڈی کا اعلان

لاہور (این این آئی) پاکستان سنی تحریک ضلع لاہور کے صدر علامہ محمد ریاض ہزاروی کی زیر صدارت اجلاس میں داتا گنج بخش ٹاؤن کی نئی باڈی کا اعلان کر دیا گیا جس کے مطابق محمد کامران قادری کو داتا گنج بخش کا صدر، ارمان قلندری کو جنرل سیکرٹری، رحمت خان کو نائب صدر، وقار قادری کو نائب صدر، شوکت قادری کو بھی نائب صدر، فضل قادری کو uc49 کا صدر اور علامہ وسیم نقشبندی کو داتا گنج بخش ٹاؤن علماء بورڈ کا صدر منتخب کیا گیا۔

پاکستان سنی تحریک داتا گنج بخش ٹاؤن کے تنظیمی اجلاس میں ضلعی صدر علامہ محمد ریاض ہزاروی کارکنان سے گفتگو کر رہے ہیں

سی سی پی او لاہور محکمہ پولیس کی کارکردگی جانچنے کیلئے متعارف کرائے گئے ''کی پرفارمنس انڈیکیٹرز'' پیشرفت کے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

# سی سی پی او لاہور کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں اہم اجلاس

## محکمہ پولیس کی کارکردگی جانچنے کیلئے ''کی پرفارمنس انڈیکیٹرز'' متعارف کروانے سے متعلق ابتک کئے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا

## ایس ایس پی ایڈمن عاطف نذیر نے اجلاس کو ''کی پرفارمنس انڈیکیٹرز'' کے نفاذ کے حوالے سے پیش رفت پر بریفنگ دی

لاہور (کرائم رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈکوارٹرز میں ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں محکمہ پولیس کی کارکردگی جانچنے کیلئے ''کی پرفارمنس انڈیکیٹرز'' متعارف کروانے سے متعلق ابتک کیے گئے اقدامات کا جائزہ لیا گیا۔ ایس ایس پی ایڈمن عاطف نذیر نے اجلاس کو ''کی پرفارمنس انڈیکیٹرز'' کے نفاذ کے حوالے سے پیش رفت پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں لاہور پولیس کے مختلف ونگز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے سپروائزری افسران کو ماتحت عملے کی کارکردگی کی جانچ کیلئے باقاعدگی سے فیلڈ وزٹس کرنے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بہتر کمانڈ اینڈ کنٹرول سے ماتحت عملے کی بہتر کارکردگی کے ساتھ ساتھ عوام کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی آئیز کے نفاذ سے نا صرف محکمانہ ڈسپلن، میرٹ اور کارکردگی میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کا عمل تیز تر ہوگا۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پولیس افسران اپنے علاقوں کی مساجد اور پبلک مقامات پر باقاعدگی سے کھلی کچہریاں لگائیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد سے شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں گے۔ انہوں نے موثر تفتیش سے مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ کے ساتھ ناانصافی نہ ہو اور گناہ گار سزا سے بچنے نہ پائے۔ سی سی پی او لاہور نے ٹیم ورک اور مشترکہ آپریشنز سے جرائم کا خاتمہ یقینی بنانے کی ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ خواتین اور بچوں کی شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر نمٹایا جائے۔ سی سی پی او لاہور نے تفتیش کے معیار کو بہتر سے بہتر بنانے اور ایف آئی آر کا بروقت اندراج اور میرٹ پر تفتیش یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مظلوم کو انصاف کی فراہمی مشن ہے۔ اجلاس میں ڈی آئی جی (انویسٹی گیشن) ذیشان اصغر، ڈی آئی جی (آپریشنز) محمد فیصل کامران، سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر، ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر، ایس ایس پی (انویسٹی گیشن) انوش مسعود چوہدری، ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال اور ڈویژنل ایس پیز بھی شریک تھے۔

# شہر کے مختلف علاقوں میں ڈاکوؤں اور چوروں نے ڈکیتی و چوری کی وارداتیں

لاہور (کرائم رپورٹر) شہر کے مختلف علاقوں میں ڈاکوؤں اور چوروں نے ڈکیتی و چوری کی وارداتوں کے دوران متعدد شہریوں سے لاکھوں روپے مالیت کی نقدی، طلائی زیورات، موبائل فون، موٹر سائیکلیں، گاڑیاں اور دیگر سامان لوٹ لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق شمالی چھاؤنی میں ڈاکو نادر علی سے 2 لاکھ 40 ہزار نقدی اور موبائل فون، داتا دربار کے علاقے میں ڈاکوؤں نے شاہد سے 1 لاکھ 15 ہزار مالیت کی نقدی و موبائل فون چھین لیا، شاہدرہ کے علاقے میں نصیر سے 1 لاکھ 90 ہزار روپے مالیت کی نقدی اور موبائل فون، جوہر ٹاؤن کے علاقے میں عابد سے 1 لاکھ 65 ہزار روپے اور موبائل فون، شفیق آباد کے علاقے میں قیصر سے 1 لاکھ 35 ہزار روپے اور موبائل فون، برکی کے علاقے میں اختر سے 1 لاکھ 25 ہزار روپے اور موبائل فون، شیر اکوٹ کے علاقے میں محمد فیصل سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، غازی آباد کے علاقے میں حماد سے 1 لاکھ 10 ہزار روپے اور موبائل فون، مناواں کے علاقے میں خرم سے 1 لاکھ 15 ہزار روپے اور موبائل فون، ٹاؤن شپ کے علاقے میں جمیل سے 1 لاکھ 5 ہزار روپے اور موبائل فون لوٹ لیا اور فرار ہو گئے ہیں۔

# شوبز انڈسٹری کے معروف ڈرامہ نگار خلیل الرحمان قمر کے ساتھ ڈکیتی اور اغواء کا واقعہ

## بعدازاں سندر پولیس نے واقعے کا مقدمہ خلیل الرحمان کے بیان پر درج کر لیا

لاہور (خالد صمدانی) پاکستان شوبز انڈسٹری کے معروف ڈرامہ نگار خلیل الرحمان قمر کے ساتھ ڈکیتی اور اغواء کا واقعہ پیش آیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق آمنہ نامی خاتون نے خلیل الرحمان قمر کو فون کر کے اپنے گھر بلایا تھا کہ وہ ڈرامہ بنانا چاہتی ہیں اور جب وہ خاتون کے گھر پہنچے تو مسلح افراد نے واردات کی اور انہیں اغواء کر لیا۔ خلیل الرحمان قمر نے اغواکاروں کو بھاری رقم دی جس کے بعد انہیں چھوڑ دیا گیا، بعدازاں سندر پولیس نے واقعے کا مقدمہ خلیل الرحمان کے بیان پر درج کر لیا۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ ملزمان خلیل الرحمان قمر پر تشدد کرتے رہے اور انہیں مختلف جگہوں پر گھوماتے رہے۔ خلیل الرحمان نے کہا کہ ملزمان نے جان سے مارنے کی دھمکیاں دیتے ہوئے رشتے داروں سے پیسے منگوانے کا کہا۔ ایف آئی آر کے مطابق ملزمان نے خلیل الرحمان قمر سے موبائل، گھڑی، نقدی چھینی اور اے ٹی ایم کارڈ سے اڑھائی لاکھ روپے بھی ٹرانسفر کیے۔ ڈرامہ نگار کا ایف آئی آر میں مزید کہنا تھا کہ ملزمان آنکھوں پر پٹیاں باندھ کر ویران جگہ پر چھوڑ کر فرار ہو گئے۔

# ہاؤس رابری میں ملوث گینگز کے خلاف ایکشن چوھنگ پولیس کی بڑی کارروائی

## ملزمان میں گینگ کا سرغنہ عمران عرف مانی، ہیرا شہزاد، محمد احسان اور حسنین شامل ہیں

لاہور (خالد صمدانی) ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں کی ہدایت پر ہاؤس رابری میں ملوث گینگز کے خلاف پولیس ان ایکشن چوھنگ پولیس کی بڑی کارروائی لاکھوں روپے مالیت کا سامان واردات میں لوٹنے والا 04 رکنی ڈکیت گینگ گرفتار، ملزمان لوگوں کے گھروں میں گھس کر واردات کرتے تھے، ملزمان میں گینگ کا سرغنہ عمران عرف مانی، ہیرا شہزاد، محمد احسان اور حسنین شامل ہیں ملزمان کے قبضہ سے چوری شدہ لاکھوں روپے مالیت کا 10 تولہ سونا، 5 عدد موبائل، 03 پستول و گولیاں اور 50 لاکھ نقدی برآمد کر لی ہے ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش کے لیے حوالہ انویسٹیگیشن ونگ کر دیا گیا ہے ایس پی صدر ڈاکٹر غیور احمد خاں کی ایس ایچ او چوھنگ ناصر حمید اور پولیس ٹیم کو شاباش دی۔

دہلی گیٹ کے قریب دوکاندار نے فٹ پاتھ پر قبضہ جما رکھا ہے

# ڈیمانڈ نوٹس جمع کروائے ساڑھے تین سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود تاجر رہنما کا کنکشن بحال نہ ہو سکا

لاہور (این این آئی) ڈیمانڈ نوٹس جمع کروائے ساڑھے تین سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود تاجر رہنما کا کنکشن بحال نہ ہو سکا، تاجر رہنما نے لیسکو کے افسران و اہلکاروں سے دلبرداشتہ ہو کر چیف ایگزیکٹو سے کنکشن بحال کروانے اور ڈائریکٹر ایف آئی اے سے غفلت لاپرواہی کے مرتکب اہلکاروں کے خلاف تادیبی کارروائی کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق صدر شامی پارک مارکیٹ چونگی امر سدھو حاجی محمد اقبال نے بتایا کہ چند سال قبل کاہنہ نو کے علاقہ میں 50 کے وی کا کنکشن حاصل کر رکھا تھا، بعدازاں کاروبار متاثر ہونے پر کنکشن ڈی سی او کروا دیا گیا، چار سال قبل کاروبار دوبارہ شروع کرنے پر ایس ڈی او کاہنہ سب ڈویژن کو کنکشن بحالی کی درخواست دی جس نے کافی عرصے بعد آر سی او بنا دیا پھر ایکسین کوٹ لکھپت ڈویژن لیسکو سے رجوع کیا گیا جنہوں نے سوا لاکھ روپے کا ڈیمانڈ نوٹس میٹر کاسٹ بمعہ دیگر میٹریل کی مد میں بنا دیا جو متعلقہ برانچ میں جمع کروا دیا گیا، آر او کوٹ لکھپت ڈویژن نے 60 ہزار روپے آر سی او فیس بنا دی وہ بھی بنک میں جمع کروا دی۔

# نئے ٹیکسوں کے بعد خصوصی بچت اسکیموں کے منافع میں ردوبدل کیا گیا

## نئے ٹیکس لگانے کے بعد خصوصی بچت سرٹیفکیٹس کے نرخوں کو بھی ایڈجسٹ کیا گیا ہے

لاہور (این این آئی) نئے ٹیکسوں کے بعد خصوصی بچت اسکیموں کے منافع میں ردوبدل کیا گیا۔ حکومت پاکستان نے مختلف سروسز میں متعدد تبدیلیاں کی ہیں اور نئے ٹیکس لگانے کے بعد خصوصی بچت سرٹیفکیٹس کے نرخوں کو بھی ایڈجسٹ کیا گیا ہے۔ قومی بچت کی جانب سے متعارف کرائی گئی اسکیم چھوٹے اور درمیانے درجے کے سرمایہ کاروں کو متاثر کرتی ہے، سرمایہ کاری پر دو سال کے منافع کے ساتھ سرمایہ کاری کے منفرد مواقع فراہم کرتی ہے۔ ان سرٹیفکیٹس کی مدت لوگوں کے لیے 3 سال تک ہوتی ہے جس میں ہر 6 ماہ بعد منافع تقسیم کیا جاتا ہے۔ حکومت نے اس سال کے شروع میں خصوصی بچت سرٹیفکیٹس سمیت مختلف مصنوعات کے لیے منافع کی شرح کو اپ ڈیٹ کیا۔ ٹیکس کٹوتیوں کے حوالے سے ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ میں درج افراد کو منافع پر 15 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس کا سامنا کرنا پڑے گا جبکہ نان فائلرز کو انہی شرائط کے تحت 30 فیصد ودہولڈنگ ٹیکس کی زیادہ شرح سے مشروط کیا جائے گا۔

# ضلع وہاڑی سے آیا مہمان 16 سالہ لڑکے کی گمشدگی کا معاملہ

## ایس ایچ او نصیر آباد نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے لڑکے کو چند گھنٹوں میں تلاش کر لیا

لاہور (خالد صمدانی) ضلع وہاڑی سے آیا مہمان 16 سالہ لڑکے کی گمشدگی کا معاملہ ایس ایچ او نصیر آباد نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے لڑکے کو چند گھنٹوں میں تلاش کر لیا 16 سالہ ثقلین 2 روز قبل وہاڑی سے گلبرگ 3 اپنی خالہ کے گھر مہمان آیا ہوا تھا لڑکا ساندہ اپنے دیگر رشتہ دار کے گھر جانے کے لیے نکلا مگر واپسی کا راستہ بھول گیا 16 سالہ ثقلین کو چوبرجی کے قریب مین بازار سے تلاش کیا گیا۔ لڑکے کے ورثاء کی طرف سے تھانہ نصیر آباد میں اغواء کی درخواست دی گئی تھی۔ ایس پی ماڈل ٹاؤن اخلاق اللہ تارڑ کی ایس ایچ او نصیر آباد و پولیس ٹیم کو شاباش۔

نرسری پر پھول فروخت کرنے والا مالی پودوں کو تر و تازہ رکھنے کے لیے پانی چھڑک رہا ہے

# خاتون نے ہسپتال کے باہر رکشے میں 2 بچیوں کو جنم دے دیا

## اطلاع پر ڈاکٹرز، نرسز بروقت پہنچ گئیں، لیڈی ڈاکٹرز اور نرسز نے رکشے میں ہی زچگی کے عمل کو پورا کیا

لاہور (این این آئی) جنرل ہسپتال کی ایمرجنسی کے سامنے خاتون نے رکشے میں 2 بچیوں کو جنم دے دیا۔ ہسپتال ذرائع کے مطابق جنرل ہسپتال کے سکیورٹی سپروائزر نے رکشے میں خاتون کی طبیعت خراب ہونے کی اطلاع ڈاکٹرز کو دی، اطلاع ملنے پر ڈیوٹی ڈاکٹرز اور نرسز بروقت روڈ پر پہنچ گئیں، لیڈی ڈاکٹرز اور نرسز نے رکشے میں ہی زچگی کے عمل کو پورا کیا۔ بتایا گیا ہے کہ 29 سالہ شکیلہ غازی روڈ کی رہائشی بتائی جاتی ہے جس کے ہاں رکشے میں 2 بیٹیوں کی پیدائش ہوئی۔ دوسری جانب ڈائریکٹر ایمرجنسی جنرل ہسپتال کا کہنا ہے کہ ماں اور بیٹیاں صحتمند ہیں، دونوں بیٹیوں کو نرسری میں داخل کروا دیا گیا ہے۔

# وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایت، دھاتی ڈور اور پتنگ بازوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی

## کائٹ فلائنگ مہم میں 4306 مقدمات درج، 4441 ملزمان گرفتار' ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر دھاتی ڈور اور پتنگ بازوں سے قیمتی انسانی جانوں کے تحفظ کیلئے لاہور سمیت صوبے کے تمام اضلاع میں پنجاب پولیس کا کریک ڈاؤن جاری ہے، غیر قانونی کاروبار اور خطرناک کھیل میں ملوث سینکڑوں قانون شکنوں کو قانون کی گرفت میں لایا گیا ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس نے بتایا کہ لاہور سمیت صوبہ بھر میں 26 فروری سے جاری انسداد کائٹ فلائنگ مہم میں 4306 مقدمات درج کیے گئے، خونی کھیل و کاروبار میں ملوث 4441 ملزمان گرفتار کرتے ہوئے قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی۔ ملزمان کے قبضے سے 247078 پتنگیں اور 17089 دھاتی ڈور کی چرخیاں بھی برآمد کی گئیں۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے آر پی اوز، سی پی اوز اور ڈی پی اوز کو صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن بلاتعطل جاری رکھنے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ آن لائن کاروبار میں ملوث ملزمان کو قانون کی گرفت میں لا کر قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں۔ آئی جی پنجاب نے ہدایت کی کہ انسانی جانوں سے کھیلنے والے مجرمان کسی رعایت کے مستحق نہیں۔

# پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام دوسرے انڈر گریجوایٹ پروگرامز میں داخلہ ٹیسٹ کا انعقاد

## وائس چانسلر ڈاکٹر خالد محمود اور چیئرمین ٹیسٹ کمیٹی ڈاکٹر ممتاز انور نے امتحانی مراکز کا دورہ کیا

لاہور (این این آئی) پنجاب یونیورسٹی کے زیر اہتمام انڈر گریجوایٹ پروگرامز کے لئے دوسرے انٹری ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا۔ وائس چانسلر ڈاکٹر خالد محمود اور چیئرمین ٹیسٹ کمیٹی ڈاکٹر ممتاز انور نے امتحانی مراکز کا دورہ کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود نے کہا کہ 32 ہزار سے زائد طلباء و طالبات نے انٹری ٹیسٹ کے لئے رجسٹریشن کرائی انہوں نے کہا کہ ملک کے 18 اہم شہروں میں داخلہ ٹیسٹ کے لئے امتحانی مراکز قائم کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی، کوئٹہ، پشاور، گلگت، سکردو اور ملک کے دیگر اہم شہروں میں امتحانی مراکز قائم کئے گئے ہیں۔ پاکستان بھر میں 113 امتحانی سنٹر قائم کئے گئے جبکہ لاہور میں 69 امتحانی مراکز میں داخلہ ٹیسٹ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام انڈر گریجوایٹ پروگرامز میں داخلوں کے لئے 7 قسم کے انٹری ٹیسٹ لئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ انڈر گریجوایٹ داخلوں کے لئے 25 فیصد نمبر انٹری ٹیسٹ کے لئے مختص ہیں۔ انہوں نے کہا کہ طلباء و طالبات کی سہولت کے لئے 2 شفٹوں میں انٹری ٹیسٹ لیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیو کیمپس اور اولڈ کیمپس میں طلباء و طالبات کے لئے رہنمائی کیمپس لگائے گئے اور شٹل سروس کی سہولت دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ والدین کے لئے مناسب جگہوں اور پانی کا انتظام کیا گیا۔

چائنہ چوک میں کبوتر شہریوں کی طرف سے گرین بیلٹ پر ڈالا گیا دانہ دنکا چگ رہے ہیں

# لاہور' سمن آباد میں گھر میں زنجیروں سے بندھے 5 بچوں کو بازیاب کرا لیا گیا، ملزم باپ گرفتار

## بچوں کو اپنے پاس روکنے کیلئے زنجیروں سے باندھ کر رکھا تھا' ملزم کا دعوی

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقے سمن آباد میں گھر میں زنجیروں سے بندھے 5 بچوں کو بازیاب کرا لیا گیا، ملزم باپ کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق لاہور میں سمن آباد کے علاقے میں گھر میں زنجیروں سے بندھے 5 بچوں کو پولیس نے آزاد کروا لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ بچوں کو ان کے باپ نے زنجیروں سے باندھ رکھا تھا، 13 سالہ خدیجہ نے پولیس کو 15 پر کال کی، خدیجہ اور اس کے 4 بھائی زنجیروں سے بندھے تھے، اقبال نامی شخص کو بیوی چھوڑ کر چلی گئی تھی، بچے بھی ماں کے پاس جانا چاہتے تھے، جس پر ملزم اقبال نے بچوں کو زنجیروں سے باندھ دیا۔ ملزم اقبال کا کہنا ہے کہ اس نے بچوں کو اپنے پاس روکنے کے لیے زنجیروں سے باندھ کر رکھا تھا۔ پولیس کے مطابق ملزم باپ اقبال کے خلاف مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا جبکہ بچوں کو چائلڈ پروٹیکشن بیورو کے حوالے کر دیا گیا۔

# سلنڈر والی گاڑیوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 5 گاڑیاں بند کر دی گئیں

لاہور (این این آئی) ایڈمنسٹریٹر لاری اڈا لطیف خان کی قیادت میں سلنڈر والی گاڑیوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری ہے اور گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران 5 مزید گاڑیاں بند کر دی گئیں۔ سلنڈر استعمال کرنے والی گاڑیوں کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی کے تحت کارروائیاں جاری ہیں۔ ایڈمنسٹریٹر لطیف خان کے مطابق روزانہ کی بنیاد پر سلنڈر والی گاڑیوں کو بند کیا جا رہا ہے۔

# سیاسی عدم استحکام، غیر یقینی کی صورتحال معیشت کیلئے زہر قاتل ہے' اشرف بھٹی

## ملک کو دلدل سے نکالنے، درست سمت میں چلانے کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ ناگزیر ہو چکا' صدر انجمن تاجران

لاہور (این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ سیاسی عدم استحکام اور غیر یقینی کی صورتحال معیشت کیلئے زہر قاتل ہے، ملک کو گھمبیر مسائل کی دلدل سے باہر نکالنے اور درست سمت میں چلانے کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ ناگزیر ہو چکا ہے اور اس کیلئے بغیر کسی تاخیر کے پیشرفت ہونی چاہیے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں ملاقات کیلئے تاجروں کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سرپرست اعلیٰ ظہیر بابر، مرکزی جنرل سیکرٹری محبوب علی سرکی، لاہور کے صدر میاں طارق فیروز، سینئر نائب صدور لاہور شیخ اختر، رفعت سنی، نائب صدور لاہور مرزا اطہر بیگ، چوہدری نوید، جنرل سیکرٹری نعیم بادشاہ، لاہور کے سینئر وائس چیئرمین ملک ناظم، شہزاد بھٹی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ ملاقات میں ریٹیلرز کیلئے مجوزہ ٹیکس اسکیم، مارکیٹوں میں پارکنگ کے مسائل اور تجاوزات کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ گومگو کی صورتحال کی وجہ سے تاجروں سمیت ہر طبقہ پریشان ہے، اس طرح کے حالات میں معیشت کبھی گروتھ نہیں دکھا سکتی۔ وزیراعظم شہباز شریف وژن رکھنے والے لیڈر ہیں انہیں چاہیے کہ غیر ملکی قرضے اتارنے کیلئے حکمت عملی مرتب کریں کیونکہ موجودہ حالات میں محصولات کا ایک بڑا حصہ قرضوں اور ان پر سود کی ادائیگیوں کی مد میں چلا جاتا ہے اور ہم پھر صفر پر کھڑے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل ہے کہ خدارا ملک کے نازک حالات کا ادراک کریں اور غیر یقینی کی صورتحال کے خاتمے کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کریں۔

ایک محنت کش ہتھ ریڑھی پر بھاری سامان رکھے مارکیٹ جا رہا ہے

# نمازوں کے اوقات

| | |
|---|---|
| صبح صادق | 3:30 |
| فجر | 4:20 |
| ظہر | 1:30 |
| عصر | 5:30 |
| مغرب | غروب آفتاب |
| عشاء | 8:30 |

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

# ایمرجنسی نمبرز

| | |
|---|---|
| پولیس ایمرجنسی | 15 |
| آئی جی شکایت سیل | 8787 |
| ریلوے انکوائری | 117 |
| پی آئی اے | 114 |

# ہسپتالوں کے نمبرز

| | |
|---|---|
| جناح ہسپتال | 111-809-809 |
| سروسز ہسپتال لاہور | 99203407-25 |
| میو ہسپتال لاہور | 9921110-6 |
| جنرل ہسپتال لاہور | 99284092-8 |
| پی آئی سی لاہور | 111-786-786 |

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

# پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی صارفین کے اطمینان سے مشروط ہوگی، ڈی سی فیصل آباد

## مارکیٹوں وبازاروں اور ریڑھیوں پر پھل وسبزیاں مقررہ نرخوں کے مطابق ہی فروخت ہونی چاہیں اس ضمن میں انسپکشن کرکے قیمتوں پر عملدرآمد میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اپنی ذمہ داریاں ادا کریں

فیصل آباد(میاں محمد ساجد)ڈپٹی کمشنرعبداللہ نیئر شیخ نے سختی سے ہدایت کی ہے کہ مارکیٹوں وبازاروں اور ریڑھی فروشوں پر پھل وسبزیاں مقررہ نرخوں کے مطابق ہی فروخت ہونی چاہیں اس ضمن میں انسپکشن کرکے قیمتوں پر عملدرآمد میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس اپنی ذمہ داریاں ادا کریں۔ صارفین کو ہر قیمت پر ریلیف کی فراہمی یقینی اور گرانفروشوں کو جیل بجھوائیں۔ انہوں نے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے انسپکشنز اور مقررہ نرخوں پر عملدرآمد نہ کرانے والے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے وضاحت کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ روٹی کی قیمت کی اوورچارجنگ نہیں ہونی چاہیے جبکہ چکن سمیت کریانہ کی اشیاء اور دالوں وچاول کی قیمت پر بھی نظررکھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی کارکردگی صارفین کے اطمینان سے مشروط ہوگی۔ ڈپٹی کمشنر نے ریونیوافسران کومختلف مدات میں سرکاری بقایاجات کی وصولیوں کے اہداف کی تکمیل کی ہدایت بھی کی۔ انہوں نے انسداد ڈینگی اقدامات پر عملدرآمد کا بھی جائزہ لیا اور ہاٹ سپاٹس کی مسلسل انسپکشن کی تاکید کی۔ انہوں نے ستھرا پنجاب پروگرام پر جاری عملدرآمد پر بھی بریفنگ لی اور متعلقہ افسران کو ضروری ہدایت کی۔ ڈپٹی کمشنر نے ڈپٹی ڈائریکٹر تحفظ ماحول سے کہا کہ زگ زیگ ٹیکنالوجی کے بغیر چلنے والے بھٹوں کی تعمیرات مسمار کردی جائیں اس ضمن میں لاہور ہائیکورٹ لاہور کے احکامات پر من وعن عملدرآمد ہونا چاہیے۔ انہوں نے ضلع بھر میں موٹرویز کی حدود میں قائم بھٹوں کی مسلسل انسپکشن کے لئے ریونیو افسران کو ڈیوٹی تفویض کرنے کی ہدایت کی۔

ڈسٹرکٹ کونسل فیصل آباد

فیصل آباد: ڈپٹی کمشنرعبداللہ نیئر پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# فیروزوالا ڈینگی ٹیمیں غیر فعال، ڈینگی وائرس پھیلنے کے خطرات

## انٹی اٹامالوجسٹ وقاص نذیر، محمد جواد و دیگر ورکرز گھر بیٹھے تنخواہیں لینے لگے

فیروزوالا (سپیشل رپورٹر)فیروزوالا محکمہ ہیلتھ ڈینگی ٹیمیں غیر فعال تحصیل بھر میں ڈینگی وائرس پھیلنے کے خطرات بڑھ گئے انٹی اٹامالوجسٹ وقاص نذیر، محمد جواد، میڈیم نتاشا و دیگر ورکرز گھر بیٹھے تنخواہیں لے رہے ہیں زرائع کا انکشاف میڈیا سروے رپورٹ کے مطابق فیروزوالا کے رہائشیوں چوہدری برکت علی، فیصل محمود، افتخار بخاری، غلام عباس اعوان ودیگر نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا ھے کہ انتظامیہ فیروزوالا کے افسران کی جانب سے ڈینگی چیکنگ پر کوئی توجہ نہیں دی جارہی ھے گذشتہ سال بھی فیروزوالا کوٹ عبدالمالک ودیگر علاقوں میں ڈینگی مچھر کے کاٹنے سے بہت سے شہری متاثر ہوئے اور بیشتر جان کی بازی ہار گئے جو محکمہ صحت کے ریکارڈ پر ہے اب بھی حالیہ بارشوں کے پیش نظر علاقے میں ڈینگی مچھر کی افزائش میں اضافہ ہونے اور ڈینگی وائرس پھیلنے کا خدشہ ہے عوامی سماجی حلقوں نے وزیراعلی پنجاب میڈیم مریم نواز شریف، سیکرٹری ہیلتھ پنجاب، ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ ڈاکٹر وقار علی خان، سی او ہیلتھ شیخوپورہ ڈاکٹر فہد وحید، اسسٹنٹ کمشنر فیروزوالا محمد عدیل خان، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد شہزاد حیدر جام سے مطالبہ کیا ھے کہ ڈیوٹی سے غائب، فرائض میں غفلت، گھوسٹ خور ملازمین کے خلاف نوٹس لیں میڈیا ٹیم نے موقف جاننے کیلئے رابطہ کیا تو انٹی اٹامالوجسٹ وقاص نذیر کا کہنا تھا کہ بہت جلد ڈینگی مہم کا آغاز کررھے ہیں حکومت پنجاب کے جاری کردہ ایس او پیز کو یقینی بنایا جائے گا۔

## فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ جون میں 423.350ملین سے زائد کے منصوبے مکمل کئے

جھنگ(اصغر بھٹی سے /قوت) فیسکو شعبہ کنسٹرکشن کی طرف سے ماہ جون میں ریجن بھر میں 423.350ملین سے زائد کی لاگت سے مختلف منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچایا گیا۔ ماہ جون میں 145. 3 6 4ملین سے زائد کی لاگت سے 75دیہات میں بجلی کی فراہمی عمل میں لائی گئی جبکہ 132. 006ملین کی لاگت سے 5ایچ ٹی اور 72. 774ملین کی لاگت سے 55ایل ٹی پر پوزلز مکمل کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق فیسکو کنسٹرکشن ڈائریکٹوریٹ نے ماہ جون میں فیصل آباد، جھنگ، سرگودھا اور میانوالی سرکلز کے آٹھ اضلاع فیصل آباد، جھنگ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، چنیوٹ، میانوالی، سرگودھا، بھکر اور خوشاب میں 75 نئے دیہات روشن کرنے کے علاوہ 55ایل ٹی پروپوزلز اور 5فیڈروں کی تکمیل کرلی ہے جن پر 423.350ملین روپے لاگت آئی ہے۔ چیف ایگزیکٹو فیسکو انجینئر محمد عامر کی ہدایت پر پی ڈی کنسٹرکشن محمد اقبال جاوید کی زیرنگرانی 831.21 ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 17ایل ٹی پروپوزلز، 203.19 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 15، 902.19ملین کی لاگت سے سرگودھا میں 14 جبکہ 838.11 ملین کی لاگت سے میانوالی میں 9ایل ٹی پروپوزلز کو مکمل کیا۔ اسی طرح 240.35ملین کی لاگت سے فیصل آباد میں 22 نئے دیہات، 173.29 ملین کی لاگت سے جھنگ میں 18، 753.29ملین روپے کی لاگت سے سرگودھا میں 14 جبکہ 477.51ملین روپے کی لاگت سے میانوالی میں 21 نئے دیہات روشن کئے گئے۔ فیصل آباد میں 740.56ملین روپے کی لاگت سے 3ایچ ٹی پروپوزلز، 611.0ملین کی لاگت سے سرگودھا میں ایک ایچ ٹی پروپوزل اور میانوالی میں 655.74ملین روپے کی لاگت سے ایک ایچ ٹی پروپوزل مکمل کی گئی ہیں۔

# اشیائے خوردونوش کی مقررہ نرخوں پر فراہمی اولین ترجیح، ڈی سی سیالکوٹ

## رواں ماہ کے پہلے 3ہفتوں کے دوران 40پرائس مجسٹریٹس نے 20ہزار 281انسپکشنز کیں

سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید ) ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا ہے کہ عوام الناس کو اشیائے خوردونوش کی مقررہ نرخوں پر ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے ، رواں ماہ کے پہلے 3 ہفتوں کے دوران 40 پرائس مجسٹریٹس نے 20 ہزار 281 انسپکشنز کیں اور ناجائز منافع خوری کی پاداش میں 1228 دکانداروں کو مجموعی طور پر 69 لاکھ 53 ہزار 500 روپے جرمانے کئے گئے اور پرائس کنٹرول ایکٹ کے تحت 23 ایف آئی آرز درج کروائی گئیں، 55 دکانوں اور گوداموں کو سیل کیا گیا جبکہ 89 دکانداروں کی گرفتاری بھی عمل میں لائی گئی۔ یہ بات انہوں نے پرائس مجسٹریٹس کی کارکردگی کا جائزہ لینے کے دوران کہی۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے پرائس مجسٹریٹس کو ہدایت کی کہ وہ اپنی حدود میں تمام دکانوں پر پرائس لسٹ واضح جگہ پر آویزاں کروائیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام تندوروں کی باقاعدگی سے انسپکشنز کی جائیں۔ ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے کہا ہے اسپیشل برانچ اور پنجاب قیمت ایپ پر شکایات کا فوری ازالہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب فوڈ، ایگری کلچرل اور ڈرگ انسپکٹرز کو ہدایت کی کہ وہ دودھ، کھادوں، زرعی ادویات اور ادویات کے باقاعدگی سے سمپل کے کر متعلقہ لیبارٹریز سے ٹیسٹ کروائیں۔ قبل ازیں ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین نے سی ایم پنجاب کی پرفارمنس انڈیکیٹرز کا جائزہ لینے کیلئے تمام محکموں کے مقامی ہیڈز کے اجلاس سے بھی خطاب کیا اور اداروں کے سربراہان کو ہدایات کی کہ وہ وزیراعلی پنجاب مریم نواز شریف کے اسپیشل انیشیٹیو اور کے پی آئیز پر ہدایت کے مطابق عملدرآمد یقینی بنائیں اوراس سلسلہ میں غفلت یا کوتاہی نہ برتی جائے۔

# بارشوں کے موسم میں ڈینگی مچھر کی افزائش میں اضافہ ہوگا، ڈی سی ننکانہ

## ماحول کو صاف ستھرا رکھا جائے اور چھتوں وغیرہ پر پانی کھڑا نہ ہونے دیا جائے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر ) ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے کہا ہے کہ گرم موسم کی وجہ سے ڈینگی مچھر کے خطرات میں کمی ضرور آئی ہے تاہم بارشوں کے موسم میں ڈینگی مچھر کی افزائش میں اضافہ ہوگا اس لئے تمام محکمے ڈینگی کے خلاف کاروائیاں جاری رکھیں ۔ انہوں نے کہا کہ ماحول کو صاف ستھرا رکھا جائے اور چھتوں وغیرہ پر پانی کھڑا نہ ہونے دیا جائے تاکہ ڈینگی کی افزائش کو کنٹرول کیا جاسکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ڈپٹی کمشنر آفس کے کمیٹی روم میں انسداد ڈینگی سرگرمیوں کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں تمام متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی ۔ انہوں نے کہا کہ اپنے اردگرد کے ماحول کو صاف ستھرا رکھ کر معاشرے کو اس موذی مرض سے محفوظ بنا سکتے ہیں ۔ اجلاس کو بریفنگ دیتے ہوئے سی او ہیلتھ نے بتایا کہ ضلع بھر کے تمام ہاٹ سپاٹس کی 100 فیصد کوریج یقینی بنائی جارہی ہے اور محکمہ صحت کی ان ڈور اور آوٹ ڈور ٹیمیں روزانہ کی بنیاد پر چیکنگ کا عمل جاری رکھے ہوئے ہیں ۔ انہوں نے بتایا کہ دوران چیکنگ ضلع کے دو مختلف مقامات سے لاروا برآمد ہوا ہے ضلع میں ابھی تک ڈینگی کا کوئی کیس رپورٹ نہیں ہوا۔ ڈپٹی کمشنر کو بریفنگ میں بتایا گیا چیکنگ کے دوران 56 دوکانداروں کو نوٹس جاری کیے گئے ہیں جبکہ 1 کاروباری مرکز کو سیل اور تین کے چالان بھی کیے گئے ہیں ۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب چوہدری محمد ارشد نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ ہاٹ سپاٹ مقامات کی چیکنگ ہر صورت یقینی بنائی جائے اور ڈینگی مچھر کی افزائش کا باعث بننے والوں کے خلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائے .

# جھنگ کے مختلف علاقوں میں کچے اور زہریلے گنے کی کٹائی جاری

## سماجی حلقوں کا ڈی سی جھنگ سے صورتحال پر فوری نوٹس لینے کا مطالبہ

جھنگ (بیورو رپورٹ ) جھنگ کے مختلف علاقوں میں کچے اور زہریلے گنے کی کٹائی جاری، شہریوں کو مضر صحت گنے کا رس پلایا جانے لگا، سماجی حلقوں کا ڈی سی جھنگ سے صورتحال پر فوری نوٹس لینے کا مطالبہ۔ ذرائع کے مطابق جھنگ کے نواحی علاقوں دھنووالا، کوڑے والا ، بلوشہابل اور کھیوہ سمیت متعدد موضع جات میں کچے اور زہریلے کماد کی کٹائی کا عمل جاری ہے اور شہریوں کو مضر صحت گنے کا رس پلایا جا رہا ہے۔ ماہرین کے مطابق کماد کی فصل 14 سے 15 ماہ میں مکمل تیار ہوتی ہے تاہم اسے کاشت کے بعد سات یا چھ ماہ گزر جانے کے بعد کاٹا جاتا ہے اور کرشنگ سیزن میں کٹائی کرنے کے بعد اسے شوگر ملز میں پہنچایا جاتا ہے۔ جون اور جولائی کے مہینوں میں زمینداروں کی جانب سے گنے کی فصل میں ادویات اور کھاد کا استعمال کیا جاتا ہے جس کا اثر ماہرین کے مطابق 90 دن تک رہتا ہے لیکن جھنگ میں مقامی زمینداروں کی جانب سے گنے کی کچی فصل کو کاٹ کر فروخت کیا جا رہا ہے جسے مختلف ٹھیلوں پر رس نکال کر شہریوں کو پلایا جاتا ہے جس سے شہریوں کی صحت متاثر ہونے کا خدشہ ہے۔ سماجی حلقوں نے ڈپٹی کمشنر محمد عمیر سے صورتحال پر فوری نوٹس لینے اور مارکیٹ میں فروخت کیے جانے والے گنے کے رس کی فوری لیبارٹری کرانے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہریوں کو مضر صحت رس پینے سے بچایا جا سکے۔

# ماڈل ٹاؤن اگوکی میں بند سیوریج سسٹم آپریشنل کیا جارہا، ممبران سوسائٹی

## فوری ایکشن لینے پر قائد محمد خالد وسیم کے مشکور ہیں، محمد اسلم سلہریا

سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید) مون سون بارشو کے باعث اربن فلڈنگ جیسی سورتحال کا سامنا تھا جس سے ماڈل ٹاؤن اگوکی فیز 1 کے گٹر وسیوریج سسٹم اوورفلو ہونے سے سڑکوں پر پانی تھا۔ اس بارے صدر۔ ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ اور انکی ٹیم نے ممبران سوسائٹی کی مشکلات و پریشانی پر فوری ایکشن لیتے ہوئے مختلف پوائنٹس پر سکر مشینیں نصب کرا کے واٹرڈسپننگ شروع کرادی ہے۔ ان باتوں کا اظہار سوسائٹی ممبران محمد اسلم سلہریا، سید آصف گیلانی، علی شاہ، ادیب بٹ، ڈاکٹر مقدر علی مرزا سمیت متعدد ممبران سوسائٹی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ مزید کئیں مقامات پر چوک سیوریج سسٹم کو کھلوانے کیلئے سینٹری ورکرز عملہ ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی آپریشنل کارکردگی دکھا رہا ہے۔ جس سے صورتحال کافی بہتر ہوئی ہے۔ نیچرل ڈزاسٹر اور اربن فلڈنگ کیوجہ سے اسلام آباد لاہور جیسے میگا سٹیز متاثر ہوتے ہیں تاہم صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی وانتظامیہ کی مخدوش مون سون بارشوں میں بھی اپنے ممبران کیلئے عملی کاروائیاں لائق تحسین ہے۔

# سابقہ بیوی کا شوہر کیخلاف عصمت دری کا مقدمہ، علاقہ مکینوں کا احتجاج

## احتجاجی مظاہرے میں علما مشائخ اور تنظیمات اہل سنت کے اکابرین کی بھی شرکت

حافظ محمد شکیل صاحب کے خلاف تھانہ چک جھمرہ میں درج ہونے والے جھوٹے من گھڑت مقدمہ کو ختم کیا جائے

فیصل آباد ( مسعود احمد بھٹہ ) متعلقہ بیوی کی جانب سے سابق شوہر کے خلاف عصمت دری کا مقدمہ درج کروانے کے خلاف اج ضلع کونسل چوک میں علاقہ مکینوں کی جانب سے بھرپور احتجاجی مظاہرہ کیا گیا احتجاجی مظاہرے میں چیدہ چیدہ شخصیات علما مشائخ اور تنظیمات اہل سنت کے اکابرین نے بھی شرکت کی بتایا گیا ہے کہ چک جھمرہ کے مقامی مسجد کے امام وخطیب حافظ محمد شکیل تین ماہ قبل کوکیاوالا کی رہائشی خاتون سے نکاح ہوا تھا بعض وجوہات کی ابن کی بنا پر دس دن قبل حافظ محمد شکیل نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی اس رنجش کی بنا پر خاتون اپنے سابق شوہر کے خلاف زیادتی کا مقدمہ درج کروا دیا پولیس نے بغیر کسی ثبوت کے مقدمہ کے اندراج کے بعد حافظ محمد شکیل کو گرفتار کر لیا مظاہرین کا کہنا ہے کہ متعلقہ ڈی ایس پی نے انصاف کے تقاضے پورے کیے بغیر اور تحقیق کے بغیر معززین علاقہ کو جھوٹا قرار دے دیا ان کا کہنا تھا کہ متعلقہ خاتون عورت کارڈ کھیل رہی ہے اور یہ مقدمہ سیاسی اور سوشل میڈیا کے دبا کا نتیجہ ہے جبکہ اس نکاح میں موجود افراد اور ولیمہ کی دعوت میں شریک افراد بھی گواہی دینے کے لیے تیار ہیں اور اس کے دیگر ثبوت بھی موجود ہیں جبکہ نکاح حقیقی چچا نے پڑھایا تھا اور اصرار کے باوجود اس نے حافظ محمد شکیل کو نکاح نامہ مہیا نہیں کیا صاحبزادہ ذیشان سعید مہتمم جامعہ امینیہ شیخ کالونی حافظ محمد ایوب عوان کاشف رضا نوری محمد حسنین سرور مرزا ناصر امینی محمد زبیر امینی مفتی محمد اعظم بٹ اور مولانا خضر حیات نے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی اعلی افسران سے تفتیش کروائی جائے تاکہ انسان انسانیت کے انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں ایک معزز شریف النفس اور پرہیز گار پر لگائے جانے والے بہتان کا ازالہ بے گناہی کی صورت میں ہوسکے۔

## جہلم مون سون کے موسم میں بھی نکاسی آب کے نالوں کی صفائی نہ ہوسکی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مون سون کے موسم میں بھی نکاسی آب کے نالوں کی صفائی نہ ہوسکی گزشتہ روز ہونے والی بارش سے سڑکیں جوہڑوں کی منظر کشی کرتی رہیں شہریوں نے ضلع جہلم کی معروف سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری فراز حسین کو یاد کرنا شروع کردیا تفصیلات کے مطابق مون سون کے موسم میں بھی اندرون شہر میں واقع نکاسی آب کے نالوں کی صفائی ستھرائی نہ ہوسکی گزشتہ روز ہونے والی بارش نے شہر کے گلی محلوں اور سڑکوں کا حلیہ بگاڑ کر رکھ دیا کئی گھنٹے تک سڑکوں پر بارشی پانی کھڑا رہا جبکہ مین بازار ،نیا بازار ،دلہن بازار ،محمدی چوک ،قبرستان چوک سمیت دیگر بازاروں میں کئی کئی فٹ پانی جمع ہونے سے صارفین اور دکانداروں کو سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اس حوالے سے شہریوں نے اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کے سابق دور حکومت میں مون سون سے قبل نکاسی آب کے نالوں اور گلی محلوں میں صفائی کے معاملات بہتر تھے کئی کئی گھنٹے ہونے والی بارشوں کے باعث بارشی پانی بارے شہریوں کو علم تک نہیں ہوتا تھا جس کی بنیادی وجہ نکاسی آب کے نالوں پر کسی کو تجاوز کرنے کی اجازت نہیں تھی ،موجودہ انتظامیہ کی سرپرستی میں بااثر افراد نالوں پر قبضے کر رہے ہیں جس کیوجہ سے نکاسی آب کے نالے بند ہو چکے ہیں۔ جب سے مسلم لیگ ن کی حکومت برسراقتدار آئی ہے شہریوں کے مسائل میں کئی گنا اضافہ ہو چکا ہے، سیاستدانوں نے ایک بار پھر بھتہ خوری، قبضے، تھانہ کچہری اور پٹوار خانوں کی سیاست کو پروان چڑھانا شروع کر دیا ہے ،جبکہ موجودہ حکمرانوں کی ناقص پالیسوں کی وجہ سے اشیاء خوردونوش سوئی گیس اور بجلی کی قیمتوں میں بے تحاشا اضافے کی وجہ سے شہری موجودہ حکمرانوں سے سخت نالاں دکھائی دیتے ہیں۔

## صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے

## جہلم سمیت پنجاب میں آج سے

## مون سون بارشوں کی پیشگوئی کر دی

جہلم (بیورو رپورٹ ) جہلم صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے ) نے جہلم سمیت پنجاب میں آج سے 25 جولائی تک مون سون بارشوں کی پیشگوئی کر دی۔ ترجمان پی ڈی ایم کے مطابق پنجاب میں مون سون کا چوتھا اسپیل آج سے شروع ہونے کا امکان ہے، جو 25 جولائی تک جاری رہ سکتا ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق کل سے 24 جولائی کے دوران آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔ ترجمان ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے بتایا کہ جہلم، اسلام آباد، مری، گلیات، راولپنڈی، اٹک، چکوال، حلہ گنگ، میانوالی، سیالکوٹ، نارووال، منڈی بہاؤ الدین، گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، قصور، بہاولنگر میں چند مقامات پر تیز ہوائیں چلنے اور گرج چمک کے ساتھ بارشوں کی توقع ہے۔ زرائع کا کہنا ہے کہ موسمی صورتحال کے بارے متعلقہ ذمہ داران کو الرٹ جاری کر دیا ہے کہ پیشگی انتظامات مکمل کریں، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے صورتحال کی مانیٹرنگ 24/7 جاری ہے، 1122 سمیت دیگر ریسکیو ادارے مشینری سمیت عملے کو الرٹ جاری کر رکھا ہے، نشیبی علاقوں سے پانی کی نکاسی کو جلد از جلد ممکن بنایا جائیگا، شہری احتیاط کریں بجلی کے کھمبوں اور لٹکتی تاروں سے دور رہیں، عوام الناس کچے مکانات اور بوسیدہ عمارتوں سے دور رہیں، بچوں کا خاص خیال رکھیں انہیں نشیبی علاقوں میں جمع پانی کے قریب ہرگز نہ جانے دیا جائے۔

## جہلم بجٹ میں ٹیکسوں کا نفاذ ہونے کے بعد تعمیراتی سامان مہنگا ہوگیا

جہلم (بیورو رپورٹ ) جہلم بجٹ میں ٹیکسوں کا نفاذ ہونے کے بعد تعمیراتی سامان مہنگا ہو گیا، نئے مالی سال میں تعمیراتی کاموں کی لاگت میں 20 سے 25 فیصد اضافہ ہو گیا۔ سفید پوش طبقے کے لیے گھر بنانا خواب بن کر رہ گیا۔ ٹیکسز کے نفاذ سے سیمنٹ کی بوری کی قیمت میں 300 سو روپے کا اضافہ ہو گیا اس سمیت سریا کی پرانی قیمت 240 مقرر تھی جو بڑھ کر 265 روپے فی کلو کر دی گئی ہے، ریت کی ٹرالی 35 سو روپے سے بڑھ کر 45 سو روپے، بجری 9 ہزار سے بڑھا کر 11 ہزار 5 سو روپے، اینٹ اول 15 ہزار سے بڑھا کر 17 ہزار روپے فی ہزار فروخت کی جا رہی ہے، تعمیراتی میٹریل مہنگا ہونے سے سفید پوش طبقے سے تعلق رکھنے والے افراد شدید پریشانی کا شکار ہو گئے ہیں۔ تعمیراتی سامان مہنگا ہونے کے باعث 45 لاکھ روپے میں بننے والا گھر اب تک 75 لاکھ روپے میں تعمیر ہو رہا ہے جس کیوجہ سے تعمیراتی کاموں کو بریک لگ چکا ہے جس کے باعث دیہاڑی دار مزدور ہاتھوں پر ہاتھ دھرے سارا دن شہر کے چوک چوراہوں میں مزدوری ملنے کا انتظار کرتے ہیں، مہنگائی کیوجہ سے مزدور طبقہ شدید متاثر ہوا ہے، مزدوروں نے وفاقی و صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ تعمیراتی سامان کی قیمتوں میں کمی کی جائے تاکہ غریب محنت کش اپنے بچوں کو 2 وقت کی روٹی مہیا کر سکیں۔

# ترقیاتی منصوبوں کی تکمیل سے معیار زندگی بہتر ہوگا، ذیشان رفیق

## 3 ارب 39 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈسکہ شہر میں 12 میگا ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر تیزی سے کام جاری ہے، صوبائی وزیر بلدیات

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید) صوبائی وزیر بلدیات پنجاب میاں ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ 3 ارب 39 کروڑ روپے کی لاگت سے ڈسکہ شہر میں 12 میگا ڈویلپمنٹ پراجیکٹ پر تیزی سے کام جاری ہے، جس میں مواصلات اور سیوریج کے علاوہ گرینڈ تفریحی پارک کی تعمیر، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کو جدید مشینری، واٹر سپلائی اور اسٹریٹ لائٹس کی سپلائی کی فراہمی ترقیاتی منصوبوں کا حصہ ہے۔ ان منصوبوں کی تکمیل سے ڈسکہ کے عوام کا معیار زندگی بہتر ہوگا اور انہیں کے دیرینہ مسائل حل ہونگے۔ یہ بات انہوں نے اپنے حلقہ انتخاب پی پی 51 ڈسکہ سٹی میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق ڈسکہ سٹی میں جاری ترقیاتی منصوبے پر کام کی پراگرس شیئر کرتے ہوئے بتایا کہ 8 کروڑ 18 لاکھ 10 ہزار روپے کی لاگت سے سمبڑیال روڈ پر 15 سوفٹ طویل سیوریج لائن کی بحالی، میونسپل کمیٹی ڈسکہ کے ڈسپوزل اسٹیشن پر تمام پمپنگ یونٹس کی تبدیلی اور پاور فیکٹر کی تنصیب، 126 ایل این ڈی لائٹس کی تنصیب، سالڈ ویسٹ کی مشینری کی مرمت اور مین ہول کور کی اسٹوریج شامل ہے اور یہ اسکیم 100 فیصد مکمل ہو چکی ہے جبکہ 19 کروڑ 23 لاکھ روپے 3 آٹھ کیوبک میٹر کے کمپیکٹر، واٹر ٹرک سپرے سسٹم، 4 منی ٹپر، 10 کیوبک میٹر ایک ڈمپ ٹرک، 3 ٹریکٹرز، ایک ویکیوم سوویپر، 157 ہینڈ کارٹ، 180 پوائنٹ 8 کے کوڑے دان اور وہیکل ٹریکنگ سسٹم کی فراہمی کا 90 فیصد کام مکمل ہو چکا ہے۔ جبکہ سالڈ ویسٹ میشنری کیلئے 3 پارکنگ شیڈز، واشنگ ریمپ، مین گیٹ، چاردیواری، ٹف ٹائلز ، ایڈمن بلاک اور سی سی ٹی وی کیمروں کی تنصیب پر 3 کروڑ 40 لاکھ پر لاگت آئی ہے۔ 6 کروڑ 53 لاکھ روپے کی لاگت سے برکت ٹاؤن روڈ، جمشید روڈ اور شیلر روڈ پر ٹف ٹائلز لگانے کا کام مکمل ہو چکا ہے۔ 8 کروڑ 20 لاکھ روپے کی لاگت سے اسٹیڈیم روڈ پر ٹرنک سیور ڈالنے کے بعد روڈ کی اسفالٹ کی جاری ہے۔ ڈسکہ شہر سے بارشی پانی کے فوری نکاس کیلئے سٹی کے زون ون اور ٹو میں ڈرینج سسٹم میگا پراجیکٹ پر 40 فیصد سول ورک مکمل کرلیا گیا اس منصوبے کو گریویٹی فلو کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا ہے نکاسی آب کیلئے الیکٹریکل یا مکینیکل آپریشن کی کاسٹ کی بچت ہوگی اس منصوبے کی تکمیل پر مجموعی طور پر 77 کروڑ 24 لاکھ روپے خرچ ہونگے۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ ڈسکہ شہر کے باسیوں کا دیرینہ مطالبہ تھا کہ شہر میں اسٹریٹس لائٹس کی تنصیب کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ 142 اسٹریٹ لائٹس پولز، 298 اسٹریٹ لائٹس، بمعہ چار ٹرانسفر اور 31 ہزار فٹ کیبل کی تنصیب کے منصوبے پر تیزی سے کام جاری ہے اگست کے آخر ہفتے تک 15 کروڑ 77 لاکھ روپے کی لاگت سے ڈسکہ کو روشن کرنے کا منصوبہ پایہ تکمیل کو پہنچ جائے گا۔ 8 کروڑ 24 لاکھ روپے کی لاگت سے عوامی روڈ کی تعمیر کا منصوبہ مکمل ہو چکا ہے۔ صوبائی وزیر بلدیات میاں ذیشان رفیق نے کہا کہ ڈسکہ شہر کے باسیوں کیلئے شہباز شریف فیملی پارک کی توسیع و امپرومنٹ پر 32 کروڑ 18 لاکھ روپے، غنی پورہ روڈ اور شہاب پورہ روڈ ڈسکہ بحالی و امپرومنٹ پر 53 کروڑ 97 لاکھ روپے، جاکے روڈ اور پسرور روڈ کی امپرومنٹ و بحالی پر 32 کروڑ 18 لاکھ روپے کے پی سی ون جمع کروا دیے گئے ہیں ایڈمنسٹریٹو اپرول کے بعد منصوبوں پر کام شروع کر دیا جائے گا۔

## ترمیمی شیڈول کورٹ فیس کھلم کھلا عوام دشمنی پر مبنی قدم، محمد ابرار ہاشمی

چنیوٹ ( ڈسٹرکٹ رپورٹر ) ڈسٹرکٹ کلرک بار ایسوسی ایشن چنیوٹ کے صدر محمد ابرار ہاشمی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ پنجاب حکومت کی جانب سے جاری کردہ ترمیمی شیڈول کورٹ فیس کھلم کھلا عوام دشمنی پر مبنی قدم ہے۔ قطعی طور پر ناقابل عمل اور عوام کے لئے ناقابل برداشت ہے ڈسٹرکٹ کلرکس بار ایسوسی ایشن چنیوٹ بھرپور مذمت کرتے ہوئے اس ظالمانہ نوٹیفکیشن کو۔ فوری طور پر واپس لینے کا مطالبہ کرتے ہیں۔ نوٹیفکیشن ناصرف انصاف کی فراہمی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے بلکہ اس طرح کے عوامل سے عدالتوں کے دروازے عوام کے لئے بند کرنے کے مترادف ہیں۔

## جامع مسجد البرھان شہباز ٹاؤن میں دس روزہ محافل اختتام پذیر

### واقعہ کربلا صبر، برداشت، ایثار اور اہل بیت کے اتحاد کی عظیم مثال، پیر محمد مقصود مدنی

فیصل آباد( ملک بشیر احمد )جامع مسجد البرھان شہباز ٹاون میں دس روزہ محافل کے اختتام پر پیر محمد مقصود مدنی خطاب کرتے ہوئے کہا واقعہ کربلا صبر، برداشت، ایثار اور اہل بیت کے اتحاد کی عظیم مثال ہے۔ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ نے میدان کربلا میں تاریخ کی لازوال قربانی پیش کر کے اسلام کا پرچم قیامت تک بلند کیا۔ دین اسلام اور وطن کیلئے ہمیں کسی قربانی سے دریغ نہیں کرنا چاہیے۔ باطل قوتوں کو کچلنے کیلئے حسینی عزم سے سبق سیکھنا ہوگا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اور آپ کے ساتھیوں نے دین اسلام کی سربلندی کیلئے اور ظلم وجبر کیخلاف تاریخ کی لازوال قربانی دی جو قیامت تک مظلوم انسانوں کیلئے مشعل راہ ہے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے حق و سچ کیلئے قربانی دی لیکن ظلم کے سامنے جھکے نہیں۔ مصلحتوں کا شکار مسلم امہ کو آج خاندان نبوت رضی اللہ عنہم کی لازوال قربانیوں کو مشعل راہ بنا کر تاریکی کے مقابلے میں روشنی کے مینار کی طرح ابھرنے کا عزم نو کرنا چاہیے۔ سانحہ کربلا جہاں ہمیں غمگین و دلگیر کرتا ہے وہیں ناقابل بیان ظلم کے خلاف جرات کا مظاہرہ کرنے کا بھی درس دیتا ہے۔ کربلا کی زمین پر جب حضرت امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ کا خون گرا تو حق و باطل کے درمیان قیامت تک ایک لکیر کھینچ گئی۔ حضرت امام عالی مقام امام حسین رضی اللہ تعالی عنہ نے اپنے عالی اور نازک منصب کو جس عزیمت سے نبھایا۔ تاریخ اسکی مثال پیش کرنے سے قاصر رہے گی۔ منی میں حضرت اسماعیل علیہ السلام کے ذبح عظیم سے لے کر بدر واحد، خندق و حنین سے ہوتے ہوئے کربلا معلی تک سب عشق کی حرارت اور کارفرمائی ہے۔ اور عشق الہی میں ہجرتیں، گھروں کو لٹانا اور سروں کو کٹانا آل پاک کا وہ امتیاز ہے جس پر وحی الہی کی شہادتیں موجود ہیں۔ تقریب سے پیر قاری عاشق نعیمی، علامہ اریاض کھرل، قاری محمد وقاص، قاری برھان نعیمی ، حافظ محمد ریحان ، حافظ رضوان نعیمی، قاری فرحان نے بھی خطاب کیا۔

## ایکٹ انٹرنیشنل کے زیر اہتمام بینظیر نشوونما پروگرام کے تحت آگاہی مہم

چنیوٹ ( ڈسٹرکٹ رپورٹر ) ایکٹ انٹرنیشنل کے زیر اہتمام بینظیر نشوونما پروگرام کے تحت آگاہی مہم جاری ہے ۔ دربار عالیہ پیر فتح شاہ بخاری بھوانہ ضلع چنیوٹ میں بینظیر نشوونما پروگرام کے حوالے سے آگاہی سیشن کا انعقاد کیا گیا۔ ایکٹ انٹرنیشنل کے ضلعی کوارڈینیٹر محمد سلیم عاطف سپرا نے دربار شریف پر خواتین و مرد حضرات کو پروگرام کے بارے میں آگاہ کرتے ہوئے بتایا یہ پروگرام بینظیر انکم سپورٹ پروگرام اور عالمی ادارہ خوراک کے تعاون سے چلایا جارہا جس میں سوشل موبلائزیشن اور رجسٹریشن کی ذمہ داری ایکٹ انٹرنیشنل کو دی گئی ہے سلیم عارف سپرا نے بتایا کہ اس پروگرام سے ایسی خواتین مستفید ہوسکتی ہیں جو پہلے کفالت پروگرام سے مستفید ہو رہی ہیں۔ ان میں سے ایسی خواتین جو حاملہ جو بچے کو دودھ پلا رہی ہیں یا وہ بچہ جسکی عمر چھ سے اٹھارہ ماہ کے درمیان ہے ان تین صورتوں میں ماں اور بچے کے لئے اضافی خوراک اور مالی معاونت ہے۔ حاملہ خاتون کی صورت میں الٹراساونڈ رپورٹ اور شناختی اور بچے کی صورت میں بچے کا ب فارم اور ٹیکوں والا کارڈ ضروری ہیں نیز کارڈ اور ب فارم پر بچے کی تاریخ پیدائش میں فرق نہ ہو۔ ایسی خواتین بھوانہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں قائم بینظیر نشوونما مرکز پر اپنا اندراج کروائیں اور خوراک اور مالی معاونت حاصل کریں۔

## جمعیت اہلحدیث تحصیل مریدکے کا 22 محرم الحرام کو ہونے والی فضائلِ صحابہ کانفرنس کے حوالے سے اہم اجلاس

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) جمعیت اہلحدیث تحصیل مریدکے کا 22 محرم الحرام کو چوک بیگم کوٹ میں ہونے والی فضائلِ صحابہ کانفرنس کے حوالے سے اہم اجلاس زیر صدارت سینئر نائب ناظم اعلی پنجاب حافظ رانا عون الباری مرکز اہلحدیث مرکزی جامع مسجد اہلحدیث میں منعقد ہوا جس میں باہمی مشاورت سے عظیم فضائل صحابہ کانفرنس میں قافلے کے ساتھ بھرپور شرکت کرنے کا فیصلہ کیا گیا اجلاس میں علماء اکرام اور ممبران کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور کانفرنس کو کامیاب بنانے کا عزم کیا گیا اجلاس میں چیف آرگنائزر انجمن شہریاں حافظ رانا عون الباری، صدر اہلحدیث یوتھ فورس رانا محمد اعجاز، امیر تحصیل مریدکے قاری علی مجتبی، ناظم اعلی رانا محمد یوسف، نعیم اللہ سعید سلفی، چیئرمین جمعیت حافظ محمد عبیداللہ، میاں محمد ناصر، قاری بشارت الرحمن، قاری محمد نوید، عبدالمتین نعیم، قاری محمد عباس چک تیلیاں، قاری عبدالرحمن جاترکے، قاری محمد زاہد، حافظ ضیاالرحمن صدر یوتھ ونگ، ابوبکر مغل، مولانا رفیق بھاگوڈیال، مولانا ادریس ربانی، محمد اسلم رحمانی، قاری محمد جبران، قاری عرفان الحق، قاری محمد شعیب ودیگر ممبران نے شرکت کی۔

## غیر آئینی طریقے سے اقتدار پر قبضہ کرنے والے زیادہ دیر نہیں ٹک سکتے، عامر فاروق

نارنگ منڈی(میاں معظم سے ) پنجاب میں سہیلیوں کی اجارہ داری قائم ہے جو دونوں ہاتھوں سے عوامی وسائل لوٹ رہی ہیں حکومت چند ماہ کی مہمان ہے غیر قانونی اور غیر آئینی طریقے سے اقتدار پر قبضہ کرنے والے زیادہ دیر نہیں ٹک سکتے ظالموں کو عوامی مینڈیٹ کی توہین کا جواب دینا پڑے گا 8 فروری کو جمہوریت کی دھجیاں اڑا کر عوامی مینڈیٹ چرایا گیا ان خیالات کا اظہار پاکستان تحریک انصاف کے رہنما چوہدری عامر فاروق باجوہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان تحریک انصاف جعلی حکومت کا پیچھا کبھی نہیں چھوڑے گی عمران خان عوام کی جنگ لڑرہے ہیں جو لڑتے رہیں گے بجلی کے بلوں میں ڈاکہ مار کر عوام کا خون نچوڑا جارہا ہے عوام کو ان ظالموں کے خلاف باہر نکلنا چاہیے۔

## علاقائی صحافیوں کو مسائل

## سے نکالنے کے لیے بڑی تحریک

## چلانا پڑے گی، راؤ عمر جاوید

اوکاڑہ (تحصیل رپورٹر) ریجنل یونین آف جرنلسٹس پاکستان کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن راؤ عمر جاوید نے کہا ہے کہ علاقائی صحافیوں کو مسائل سے نکالنے کے لیے بڑی تحریک چلانا پڑے گی ،علاقائی صحافیوں کے موجودہ حالات کے ذمہ دار حکومت اور صحافتی ادارے ہیں، حکومت ہر سطح پر علاقائی صحافیوں کو نظر انداز کر رہی ہے، آر یو جے پاکستان جلد اپنے مطالبات کے حق میں بڑی تحریک کا اعلان کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اوکاڑہ کے دورہ کے موقع پر سٹی پریس کلب اوکاڑہ میں عہدیداران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صدر سٹی پریس کلب اوکاڑہ مہر ساجد علی، مرزا انجم الحسن، طارق مجید مغل، رانا عبداللہ سرور ودیگر موجود تھے۔ راؤ عمر جاوید نے کہا کہ ملک بھر میں صحافی عدم تحفظ کا شکار ہو چکے ہیں موجودہ حکومت علاقائی صحافیوں کے مسائل پر بھی توجہ دے شعبہ صحافت میں علاقائی صحافیوں کا ریڑھ کی ہڈی کا کردار ہے۔

## اوکاڑہ قومی شاہراہ پر مزدا ٹرک اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ قومی شاہراہ پر مزدا ٹرک اور ٹریکٹر ٹرالی میں تصادم ہو گیا۔ ایک شخص جاں بحق۔ دوسرا شدید زخمی ہو گیا۔ ریسکیو زرائع کے مطابق قومی شاہراہ اختر اباد کے قریب ایک مزدا ٹرک تیز رفتاری کے باعث بیقابو ہو کر اگے جانے والی ایک ٹریکٹر ٹرالی سے ٹکرا گیا جس کے نتیجے میں مزدا ٹرک میں سوار 28 سالہ محمد شاھد ولد غلام مصطفی سکنہ کبیر والا۔ جاں بحق ہو گیا۔ جب کہ 46 سالہ لیاقت خان ولد سوہنے خان شدید زخمی ہو گیا حادثے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور ریسکیو کی ٹیمیں جائے حادثہ پر پہنچ گئیں پولیس نے ضروری کاروائی شروع کر دی جب کہ ریسکیو ٹیموں نے امدادی سرگرمیاں کرتے ہوئے ڈیڈ باڈی اور زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا۔

## جہلم جانوروں کے کھانے

## کے لئے باسی اور مضر صحت روٹیوں

## کی سرعام فروخت عروج پر پہنچ گئی

جہلم (بیورو رپورٹ ) جہلم جانوروں کے کھانے کے لئے باسی اور مضر صحت روٹیوں کی سرعام فروخت عروج پر پہنچ گئی، محکمہ وٹنری خاموش تماشائی ، زرائع کے مطابق شہر کے متعدد کباڑ خانوں پر جانوروں کے کھانے کے لئے باسی اور مضر صحت اُلی لگی روٹیاں سرعام فروخت ہو رہی ہیں مگر متعلقہ محکمہ کی طرف سے کوئی پوچھنے والا نہیں ان کباڑ خانوں میں محمدی چوک، قبرستان چوک، اسلام پورہ، کالا گجراں، جادہ شامل ہیں، شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ مضر صحت روٹیوں کی فروخت بند کروانے اور ذمہ داران کے خلاف کارروائیاں کرنے کے احکامات جاری کریں تاکہ متعلقہ محکمہ کے افسران دفتروں سے نکل کر فیلڈ میں بے زبان جانوروں کیساتھ ہونے والی اس ناانصافی پر ایکشن لیں، شہریوں کا کہنا ہے کہ سپیشل مجسٹریٹس کو چاہیے کہ وہ متعلقہ محکموں کے ساتھ ملکر ایسے کاروبار میں ملوث کباڑیوں کے خلاف نوٹس لیں اور ذمہ داران کو کیفر کردار تک پہنچائیں۔

## اوکاڑہ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم

## کی واٹر فلٹر پلانٹ پر کاروائی،

## 585 جعلی منرل واٹر کی بوتلیں برآمد

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں پنجاب فوڈ اتھارٹی کی کی ٹیم نیا یک واٹر فلٹر پلانٹ پر کاروائی کر کے 585 جعلی منرل واٹر کی بوتلیں برآمد کرلیں۔ ایک ملزم گرفتار۔ مقدمہ درج ۔ پلانٹ سیل کر دیا گیا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی کی ٹیم نے اوکاڑہ کے علاقے فیصل محمود کالونی میں واٹر پلانٹ پر کاروائی کرتے ہوئے مختلف معروف برانڈ کے نام سے منرل واٹر کی بوتلوں کی فروخت ناکام بنادی فوڈ اتھارٹی نے 585 غیر میعاری منرل واٹر کی بوتلیں اور 5 کلوس برانڈ پیکنگ میٹریل قبضہ میں لیکر پلانٹ سیل کر دیا۔

## جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں والی میں ذکر امام حسینؓ کے سلسلہ میں محفل کا انعقاد

ننکانہ صاحب(چوہدری محمد عرفان گجر) جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں والی میں ذکر امام حسینؓ کے سلسلہ میں ایک محفل کا انعقاد تفصیلات کے مطابق مرکزی میلاد مصطفی کمیٹی ننکانہ صاحب کے زیر اہتمام جامع مسجد خضراء المعروف مسجد شیخاں والی میں ذکر امام حسین علیہ السلام کے سلسلہ میں ایک محفل کا انعقاد کیا گیا محفل کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ ہدیہ نعت صاحبزادہ سعید احمد انصاری نے پیش کی جبکہ خصوصی خطاب حضرت علامہ مولانا شاہ حسین المعروف ثانی شاہ سرکار نے کیا انہوں نے اپنے خطاب میں کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں یہ درس دیتا ہے کہ ہمیشہ حق کا ساتھ دیں امام عالی مقام نے ظالم اور جابر حکمران کے سامنے سر نہیں جھکایا بلکہ اپنی جانوں کا نظرانہ پیش کیا امام علی مقام نے اپنا پورا گھر اپنے نانا کے دین پر قربان کر دیا انہوں نے کہا کہ اللہ تعالی نے قران پاک میں اہل بیت کی شان یوں بیان کی کہ ہم نے آپ کے گھر یعنی اہل بیت مصطفی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کو ناپاکی سے دور کر دیا ہے انہوں نے کہا کہ آیات تطہیر اس بات کی گواہ ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے اہل بیت کے قریب ناپاکی کا تصور سوچنا بھی غلط ہے انہوں نے کہا کہ ہمیں حسینی کردار اور فکر اپنانا ہوگی اس پرفتن دور میں حسینی کردار اور عمل کی بہت ضرورت ہے محفل پاک میں خصوصی شرکت صدر مرکزی میلاد مصطفی کمیٹی صاحبزادہ ڈاکٹر سید سلمان مصطفی گیلانی شاہ صاحب، علامہ پروفیسر ڈاکٹر محب النبی طاہر، علامہ مفتی نوید اقبال چشتی، پروفیسر عبدالحمید کوکب، قاری محمد حسین صدیقی، محمد اویس اکرم اللہ والے، محمد اشفاق زائر قادری، حاجی منیر احمد قادری اور اہل علاقے کی کثیر تعداد نے شرکت کی محفل کی فضا لبیک یاحسین کے نعروں سے گونج اٹھی محفل کے اختتام پر ملک وقوم کی سلامتی اور فلسطین کی آزادی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔

## واقعہ کربلا سے ہمیں باطل کے سامنے ڈٹ جانے کا درس ملتا، شوکت سلطان

### میدان کربلا میں 72 نہتے مسلمانوں کی شہادت عالم اسلام میں ایک منفرد اہمیت کا حامل

فیصل آباد( مسعود احمد بھٹہ) واقعہ کربلا سے ہمیں باطل کے سامنے ڈٹ جانے کا درس ملتا ہے امام عالی مقام۔ حضرت امام حسن نے اپنے ساتھیوں کی قربانی پیش کر کے ہمیں ایک راستہ دیا ہے کہ جب آپ اللہ کی راہ کے لیے نکل کھڑے ہوں تو پھر کسی قربانی سے دریغ نہی کرنا چاہیے میدان کربلا میں 72 نہتے مسلمانوں کی شہادت عالم اسلام میں ایک منفرد اہمیت کا حامل ہے جس کی نظیر آج کیمھزب معاشرے میں نہیں ملتی ان خیالات کا اظہار ہیومن ریسوس ویلفیئر سوسائیٹی گل رحیم ٹان/جمیل پارک میں جنرل سیکریٹری شوکت سلطان بٹ نے مدرسہ جامع تعلیم القران للبنات میں محرم الحرام کے موقع پر ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ اہل بیت سے محبت ہمارے ایمان کا حصہ ہے انھوں نے کہا کہ واقعہ کربلا ہمیں برداشت صبر اور ایثار کا سبق دیتا ہے

## بہترین انتظامات سے سیالکوٹ مون سون اربن فلڈنگ سے محفوظ رہا، محمد افضل



سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید) مون سون کے آغاز سے قبل وزیر اعلی پنجاب محترمہ مریم نواز کے حکم اور ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین کی ھدایات پر عمل پیرا سیالکوٹ کے وسطی و بیرونی نالہ جات کی صفائی کرائی گئی جو ہنوز جاری ہے اسکے علاوہ اربن فلڈنگ کے متوقع پوائنٹس پر پیشگی حفاظتی انتظامات کیساتھ سپر نٹینڈنٹ میونسپل کارپوریشن ملک اللہ یار کی زیر سربراہی عملہ سینٹری نے ایمرجنسی کیمپس بھی قائم کر رکھے ہیں جہاں سکر مشینری و ہمارا مستعد عملہ دن رات الرٹ رہتا ہے اور بارشوں کے دوران تیز تر ریسپانس کرتے نشیبی و وسطی علاقوں سے واٹر ڈسپننگ کا عمل فوری کرتا ہے جس سے الحمدللہ حالات ابتک بہتر جارہے ہیں۔ ان باتوں کا اظہار چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ محمد افضل ملک نے ناجائز تجاوزات کیخلاف کارروائی کے دوران میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

## حافظ آباد، ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ڈائلسز سنٹر میں ادویات کی عدم دستیابی

### مریض ادویات کی عدم فراہمی سے شدید مشکلات کا شکار

حافظ آباد(بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں قائم ڈائلسز سنٹر کے مریض ادویات کی عدم فراہمی کے باعث زندگی کی آخری سانسیں لینے لگے۔ جبکہ میڈیسن نہ ملنے کے خلاف مریضوں کے لواحقین سراپا احتجاج بن گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈی ایچ کیو ہسپتال میں قائم ڈائلسز سنٹر جہاں پر گردوں کے مریضوں کا ڈائلسز کا عمل کیا جاتا ہے وہاں پر ادویات ناپید ہونے کے باعث غریب مریضوں کو ہزاروں روپے مالیت کی ادویات باہر بازار سے خریدنا پڑرہی ہیں جبکہ متعدد مریض مالی وسائل نہ ہونے کی وجہ سے اور ہسپتال سے مذکورہ میڈیسن نہ ملنے کے باعث سسکیاں لے رہے ہیں۔ جس پر مریضوں کے والدین نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف پنجاب حکومت گھر کی دہلیز پر عوام کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کرنے کے ڈھنڈورے پیٹ رہی ہے جبکہ دوسری جانب سرکاری ہسپتالوں میں آنے والوں کو نہ صرف ادویات کی عدم فراہمی سے ذلیل وخوار کیا جارہا ہے بلکہ انہیں موت کے منہ میں دھکیلا جارہا ہے جو کہ غریب عوام کے ساتھ بہت بڑا ظلم ہے۔ دوسری جانب ہسپتال کے ایم ایس ڈاکٹر مقصود مان نے رابطہ پر بتایا کہ ہمیں ان ادویات کی اوپر سے فراہمی نہیں ہو رہی ہے۔

ایڈیٹوریل
DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

## محرم الحرام کے دوران پنجاب میں سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات

جیسا کہ ہم سب جانتے ہیں محرم الحرام آتے ہی امام حسین علیہ السلام کی اسلام کی بقا کے لیے دی گئی لازوال قربانی کی یاد تازہ ہو جاتی ہے اور اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے بے مثال ایثار و قربانی کی داستان کو رہتی دنیا تک یاد کیا جائے گا اور منایا جائے گا۔ یوں تو ہر حکومت ہی اس مقدس مہینے میں عزاداری اور جلوسوں کے لیے سیکیورٹی کے انتظامات کرتی ہے لیکن اس دفعہ مریم نواز شریف نے بطور وزیر اعلی پنجاب اور بطور ایک مومنہ پنجاب بھر میں بے مثال سکییورٹی کے فول پروف انتظامات کرنے کے ساتھ ساتھ عزاداروں کے اعزاز میں ماتمی جلوسوں کے راستوں کی عرق گلاب سے دھلاء اور صوبے بھر میں ہر جگہ ماتمی جلوسوں پر عطر اور عرق گلاب کا چھڑکاو کا انتظام کر کے ایک مومنہ ہونے کا بھی ثبوت دیا ہے۔ ان انتظامات کی اگر تعریف نہ کی جا تو یقینا” ناانصافی ہوگی۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز نے محرم الحرام کا مہینہ شروع ہوتے ہی صوبہ بھر کی ضلعی انتظامیہ کو ہائی الرٹ کر دیا تھا تا کہ کسی قسم کا ناخوشگوار واقعہ نا پیش آئے۔ انہوں نے آٹھ محرم کو مجالس اور جلوسوں کے کیے 65000 پولیس اہلکار تعینات کئے جو کہ 3937 مجالس اور 1366 عزاداری جلوسوں کی سیکیورٹی ہر مامور تھے۔ عوامی حلقوں نے وزیر اعلی کے محرم الحرام کے دوران ان انتظامات کو بہت سراہا یے۔ انہوں نے عزاداروں کے کیے سبیلوں کا جگہ جگہ اہتمام کیا۔ عزاداروں کے ماتمی جلوسوں کے تمام راستوں کو عرق گلاب سے دھویا گیا۔ عزاداروں پر عرق گلاب اور عطر کا چھڑکاو کیا گیا اور ہر مجلس امام حسین علیہ اسلام میں لنگر اور نیاز کا اہتمام اپنی زاتی جیب سے کیا۔ تاریخ میں ایسی وزیر اعلی کی مثال نہیں ملتی۔ انہوں نے کہا کہ میں خود ایک مومنہ ہوں میرے بھائیوں کے نام حسن اور حسین ہیں۔ انہوں نے کہا کی سیکیورٹی کے انتظامات حکومت پنجاب کرے گی جبکہ اعزاراداوں کے لیے سبیلوں، لنگر اور نیاز کا اہتمام میں اپنی جیب سے کروں گی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی یوم عاشورہ پر سیکورٹی صورتحال کی مانیٹرنگ جاری رکھی۔ انہوں نے صوبہ بھر میں سیکیورٹی صورتحال پر ہر گھنٹے بعد رپورٹ طلب کی۔ وزیر اعلی کی وزرا اور کیبنٹ کمیٹی لا اینڈ آرڈر کو ضلعی، ڈویژنل اور صوبائی کنٹرول روم کے دورے کرنے کی ہدایت بھی کی اور وزرا اور متعلقہ افسران کو تمام جلوس ختم ہونے تک فیلڈ میں مانیٹرنگ جاری رکھنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ حفاظت پر مامور سیکیورٹی اداروں سے بھرپور تعاون کیا جائے مریم نواز شریف نے عوام سے اپیل کی کہ یوم عاشور میں پرامن و امان کا قیام ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے مجالس اور جلوسوں کیلئے روٹ اور وقت کی پابندی ناگزیر ہے۔ مذہبی ہم آہنگی کو فروغ دینے کیلئے امن کمیٹیوں کے ارکان کو ساتھ رکھا جائے۔ قانون نافذ کرنے والے ادارے آپس میں قریبی رابطہ رکھیں※ سیکیورٹی ایس او پیز کی خلاف ورزی پر بلاامتیاز کارروائی کی جائے گی※ اشتعال انگیز تقاریر کرنے والوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی کی جائے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے یوم عاشورہ پر انتظامات اور سیکورٹی پر اطمینان کا اظہار کیا۔ انہوں نے صوبائی وزراء کیبنٹ کمیٹی لا اینڈ آرڈر کو سراہا۔ عمدہ انتظامات پر چیف سیکرٹری اور ان کی پوری ٹیم کو شاباش بھی دی۔ یوم عاشورہ شاندار سیکورٹی انتظامات پر آئی جی اور پوری پولیس ٹیم کو شاباش دی۔ پنجاب میں پہلی بار حکومت کی طرف سے عزاداروں کے لئے نیاز اور سبیلوں کا اہتمام کرنے پر کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز کو شاباش انتظامیہ، پولیس اور دیگر تمام اداروں نے ٹیم سپرٹ سے یکجا ہو کر کام کیا۔ یوم عاشورہ پر ڈویژن اور اضلاع میں سیکیورٹی مانیٹرنگ کرنے والے وزراء کو داد تحسین دی۔ انہوں نے کہا کہ مجھیا پنی ٹیم پر فخر ہے سب نے مل جل کر خوب کام کیا۔ عاشورہ محرم الحرام کے دوران وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایت پر تمام شہروں میں سبیلوں، لنگر اور نیازوں کا اہتمام کیا گیا۔ اس موقع پر صوبہ بھر میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کے کیے ہمہ وقت انتظامیہ سے رابطے میں رہیں اور وزراء اور ضلعی انصامیہ کی کاوشوں کو بھی سراہا۔ اگر قومی خدمت کے اس جزبے سے سرشار وہ اسی طرح کام کرتی رہیں تو یقینا” بقول ڈاکٹر ادم ڈوگروہ مستقبل کی وزیر اعظم پاکستان ہونگی۔

---

## امن دشمن ٹی ٹی پی، اداروں کا تصادم، ریاست کی ذمہ داری اور آئی پی پیز کے ظالمانہ معاہدے!!!!

سائرن
محمد اکرم چوہدری

الیکشن کمیشن نے مخصوص نشستوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کرنے کا فیصلہ کرتے ہوئے ادارے نے اپنی لیگل ٹیم کو ہدایات بھی جاری کردی ہیں کہ اگر سپریم کورٹ کے فیصلے کے پر عملدرآمد میں کسی بھی حوالے سے رکاوٹ ہے تو بتایا جائے تا کہ مزید رہنمائی کیلئے سپریم کورٹ سے رجوع کیا جا سکے۔ البتہ الیکشن کمیشن کو ایک سیاسی جماعت کی جانب سے تنقید پر مسئلہ ضرور ہے۔ یہ سیاسی جماعت پاکستان تحریک انصاف ہے اور پی ٹی آئی کی طرف چیف الیکشن کمشنر پر عدم اعتماد پرانا مسئلہ ہے اور آج تک قائم ہے۔ بہر حال الیکشن کمیشن آف پاکستان کا مخصوص نشستوں کے حوالے سے سپریم کورٹ کے فیصلے پر عملدرآمد کا فیصلہ خوش آئند ہے۔ اداروں میں باہمی احترام، آئینی وقانونی حدود میں مداخلت نہ کرنے کی پالیسی کے تحت آگے بڑھنا ہوگا۔ اعلی عدلیہ کے فیصلوں عملدرآمد اور ملکی مفاد کو سامنے رکھ کر ہی آگے بڑھا جا سکتا ہے۔ کاش کہ سیاسی قیادت بھی یہ سمجھ جائے۔ ویسے سیاسی قیادت کی بالخصوص گذرے بیس برسوں کی کارکردگی کو دیکھا جائے تو ملکی مسائل میں اضافہ ہی ہوا ہے۔ سیاسی قیادت کی نااتفاقی اور مسلسل قومی مفاد کو نظرانداز کرنے کی وجہ سے آج ملک میں غربت اور مہنگائی ہے، معیشت ہچکولے کھا رہی ہے، آمدن و اخراجات میں جیسے مسائل ہمارے لیے بڑا خطرہ بن چکے ہیں۔

دوسری طرف امن و امان کے حوالے سے بھی ہمیں شدید مسائل کا سامنا ہے اور اس معاملے میں ٹی ٹی پی کے عسکریت پسند بڑا مسئلہ بنے ہوئے ہیں۔ اب کالعدم تحریک طالبان پاکستان کے سربراہ نور ولی محسود کی خفیہ کال سامنے آئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ اس خفیہ کال میں نور ولی محسود پاکستان میں دہشت گردانہ کارروائیوں کے لیے ہدایات جاری کرتے ہوئے امن و امان کی صورتحال بگاڑنے کے لیے سرکاری سکول یا ہسپتال کو دھماکے سے اڑانے کی باتیں کر رہا ہے۔ یہ وہی امن دشمن ہیں پاکستان برسوں سے جن کے خلاف کام کر رہا ہے۔ آرمی پبلک سکول پشاور میں بھی دہشتگردوں نے معصوم بچوں کا نشانہ بنایا تھا اب ایک مرتبہ پھر یہ امن دشمن حرکت میں ہیں۔ ظالم دہشت گرد بچوں، مریضوں، فوجیوں اور پولیس والوں کو نشانہ بنانے کی کوششوں میں ہیں۔ بدقسمتی ہے کہ اس اہم ترین معاملے میں بھی سیاسی قیادت تقسیم ہے۔ دفاعی ادارے بالخصوص افواج پاکستان اور پولیس کے جوان اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے ان دہشتگردوں کو ختم کرنے کے لیے دن رات ایک کر رہے ہیں۔ افغان حکومت کو ذہن میں رکھنا چاہیے کہ اگر وہ آگ لگانے والوں کی حمایت کریں گے تو یہ آگ سب کو لپیٹ میں لے گی۔

جمہوری نظام میں غیر جمہوری اور غیر سیاسی فیصلے ہی نظام کا بیڑہ غرق کرتے ہیں۔ اداروں کے مابین تصادم نہیں ہونا چاہیے لیکن اداروں کو بھی اپنی آئینی وقانونی حدود کے اندر رہتے ہوئے اپنا کردار ادا کرنا چاہیے، آرٹیکل 6 یا اس طرح کے دیگر اقدامات سے دور رہنا چاہیے، جمہوری نظام میں سیاسی جماعتوں پر پابندی مسئلے کا حل نہیں ہوتا۔ اداروں کے درمیان ہم آہنگی اور اتفاق رائے پیدا کرنے کی تمام کوششیں بھی آئینی وقانونی حدود کے اندر رہ کر ہی ہونی چاہییں۔ حکومت کسی بھی قسم کی قانون سازی چاہتی ہے تو اس سلسلہ میں اپوزیشن کو ساتھ ملانا چاہیے۔ ملک کو سیاسی طور پر آگے بڑھنا چاہیے، دفاعی ادارے، عدلیہ، انتظامیہ اور مقننہ سمیت سیاسی قیادت کو بھی اپنی داریوں کا احساس کرنا ہوگا۔ ریاست کے مفادات کو ہر حال میں ترجیح دینے کی ضرورت ہے۔ ملک میں ایسے قوانین کی کوئی جگہ نہیں ہونی چاہیے جن سے کسی ایک سیاسی جماعت کو فائدہ ملنے کا تاثر ہو یا کسی خاص طبقے کو فائدہ پہنچانے کے لیے قانون سازی کی جائے۔ قانون سازی خالصتاً ملک کے لگ بھگ پچیس کروڑ انسانوں کی فلاح و بہبود کے لیے ہونے چاہیئے۔ ایسے قوانین جو صرف پاکستان مسلم لیگ ن، پاکستان پیپلز پارٹی یا پاکستان تحریک انصاف یا پھر کسی اور سیاسی جماعت کو فائدہ پہنچا رہے ہوں۔ پارلیمنٹ میں ہونے والی قانون سازی بحث مباحثے کے بعد اتفاق رائے سے ہونی چاہیے۔ ملک کو سیاسی طور پر ہی آگے بڑھنا چاہیے۔ ریاستی مفادات سب سے اہم ہیں، کسی بھی قسم کی قانون سازی بھی ریاستی مفاد کے خلاف نہیں ہوسکتی اس کا احساس سب کو ہونا چاہیے۔

آج سب کہہ رہے ہیں کہ ملک غیر یقینی صورتحال سے دوچار ہے لیکن کیا کوئی یہ بتا سکتا ہے کہ اس غیر یقینی میں کس کس کا کردار ہے۔ ویسے تو سب اپنی اپنی جگہ ذمہ دار ہوں گے لیکن سب ایک دوسرے پر ملبہ ڈال کر ایک طرف نکلنے کہ ناکام کوشش کرتے رہتے ہیں۔ ایسا ہو نہیں سکتا کہ کوئی بچ نکلے کیونکہ تاریخ بہت ظالم ہے، یہ ہر وقت ہمارے سامنے آتی رہتی ہے اور ماضی کے واقعات و فیصلے ہمیں یاد دلاتے رہتے ہیں کہ کب کون کیا کر رہا تھا۔ کاش ہم ماضی کے واقعات سے سبق سیکھتے تو آج ان حالات کا سامنا نہ کرنا پڑتا، کاش ہم سبق سیکھتے۔

ایک طرف ریاستی اداروں میں تصادم کی خبروں کی وجہ سے سانس بند ہے تو دوسری طرف مہنگی بجلی نے بیماریاں اور موت سستی کر دی ہے، ہر ماہ بجلی کے بلوں کو دیکھ کر شہری ذہنی اذیت میں مبتلا ہوتے ہیں، مختلف شعبوں میں ملک کی خدمت کرنے والی معروف شخصیات کی ہمت بھی مہنگی بجلی کے سامنے جواب دے گئی ہے۔ بالخصوص شوبز سے تعلق رکھنے والی معروف شخصیات کے ویڈیو میسجز اور انٹرویوز یہ بتا رہے ہیں کہ اس موسم گرما میں سانس لینا کتنا دشوار ہوا ہے۔ چونکہ بجلی کی قیمت میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے اگر کوئی ساٹھ ستر سال کا شہری جس کا کوئی ذریعہ آمدن نہیں ہے وہ محدود پنشن پر گذارا کرتا ہے یا مخصوص آمدن پر زندگی گذار رہا ہے اس کے لیے ایئر کنڈیشنر چلانا مشکل تر ہوتا جا رہا ہے۔ ایک طرف لوڈ شیڈنگ تنگ کرتی ہے تو دوسری طرف ہر وقت آئندہ آنے والے بل کے خوف سے خون سوکھتا رہتا ہے۔ ایک تو کسی بھی حکومت نے توانائی کے متبادل ذرائع پر کام نہیں کیا اور دوسرا آئی پی پیز سے ایسے ظالمانہ معاہدے کیے کہ پاکستان کا ہر شہری آج بھی ان معاہدوں کی سزا بھگت رہا ہے۔ یعنی کیا ظلم ہے کہ سالانہ دو ہزار ارب کی ادائیگیاں ہوتی ہیں۔ یعنی بجلی بنے یا نہ بنے سالانہ دو ہزار ارب ادا کیے جاتے ہیں اور یہ رقم پاکستانیوں کی جیب سے نکلتی ہے پھر حکومت کہتی ہے کہ ٹیکس اکٹھا نہیں۔ خدا کے بندو ایک ہی جگہ سے عام شہری سالانہ دو ہزار ارب بغیر بجلی استعمال کیے ادا کرتے ہیں۔ ان پیسوں کا تو کوئی حساب لو، جس نے یہ معاہدے کیے ہیں اور جو جو اس ظلم میں شریک ہے ان کی جائیدادیں ضبط کریں اور یہ پیسے ادا کریں۔ نجانے وہ کون لوگ تھے جنہوں نے یہ ظالمانہ معاہدوں پر کام کیا۔ یقیناً وہ ملک اور عوام دوست تو ہرگز نہیں ہو سکتے۔ انہیں اس ملک کے وسائل سے محروم لوگوں کا خیر خواہ ہرگز نہیں کہا جا سکتا۔ میں نے پہلے بھی آئی پی پیز معاہدوں پر لکھا ہے لیکن جب بھی مہنگی بجلی کی بات ہوتی ہے یا اس حوالے سے کوئی اور چیز سامنے آتی ہے تو دل خون کے آنسو روتا ہے۔ ایک مرتبہ پھر ایک سابق وفاقی وزیر نے آئی پی پیز کے ظالمانہ اور بیرحمانہ معاہدوں پر لب کشائی کی ہے۔ سابق نگران وفاقی وزیر گوہر اعجاز نے آئی پی پیز معاہدوں پر نظرثانی کا مطالبہ کرتے ہوئے انکشاف کیا ہے کہ ہر صارف ان بددیانت معاہدوں کی وجہ سے فی یونٹ چوبیس روپے اضافی دینے پر مجبور ہے۔ وفاقی وزیر توانائی اویس لغاری کو مخاطب کرتے ہوئے گوہر اعجاز کا کہنا تھا کہ پچھلے دوسال میں تیئیس ہزار چار سو میگاواٹ پر مبنی آئی پی پیز کی پیداوار میں سے پچاس فیصد سے بھی کم استعمال ہوا۔ پانچ ہزار میگاواٹ کے درآمدی کوئلے پر مبنی آئی پی پیز پاور پلانٹس نے گزشتہ دوسال میں پچیس فیصد سے بھی کم صلاحیت کا استعمال کیا پچیس فیصد کم کیپسٹی پر چلنے کے باوجود فل کپیسٹی چارجز یعنی چھ سو بانوے ارب روپے لے رہے ہیں، ونڈ آپریشنز پچاس فیصد سے کم ہیں لیکن فی یونٹ اضافی چارجز کے ساتھ ایک سو چھہتر ارب روپے جب کہ آر ایل این جی کو پچاس فیصد کم صلاحیت پر چلنےکے باوجود ایک سو اسی ارب روپے دیئے جا رہے ہیں۔

---

## مارکیٹ میں بِکتے سَودے میں نظرانداز ہوتے دہشت گردی کے محرّکات



خیبرپختونخواہ کے چند صحافی دوست جن کی دیانت اور قوت مشاہدہ کو میں سنجیدگی سے لیتا ہوں گزشتہ کئی ہفتوں سے بہت پریشان ہیں۔ دہشت گردی کے خلاف مختلف آپریشنوں کے دوران ان سے روابط استوار ہوئے تھے۔ وہ اس امر کو سراہتے کہ جوانی کے ایام گزر جانے کے باوجود میں اسلام آباد سے نکل کر ان مقامات تک پہنچ جاتا جو ''خطرناک'' تصور ہوتے تھے۔ برسرزمین موجود رہ کر وہاں کے حالات کو ان دوستوں کی معاونت ہی سے سمجھ پایا۔ وہ نہ ہوتے تو شاید بے شمار غیر ملکی صحافیوں کی طرح دہشت گردی کی زد میں آئے علاقوں میں چند دن گزارنے کے بعد سطحی علم تک محدود رہتا۔ ان دوستوں نے دہشت گردی کے کلیدی اسباب کے علاوہ اس کے مختلف پہلو بھی سمجھنے میں مدد دی۔

تمہید لمبی ہوگئی۔ مختصر بات یہ ہے کہ مذکورہ دوست پریشان تھے۔ فون پر رابطے کے بعد لمبی گفتگو کا موقعہ ملتا تو فکرمندی سے اصرار کرتے کہ ان کے صوبے میں دہشت گرد عناصر ایک بار پھر متحرک ہو رہے ہیں۔ اب کی بار ان کی دانست میں گزرے دنوں کے ''قبائلی علاقوں'' کے برعکس دہشت گردوں کی توجہ خیبرپختونخواہ کے جنوبی اضلاع پر مرکوز دکھائی دیتی ہے۔ بنوں اور ڈیرہ اسماعیل خان کا اس تناظر میں خصوصی ذکر ہوتا۔ میرے دوست جو خدشات بیان کرتے رہے ان کا ذکر مگر اس کالم میں تین سے چار بار ہی کر پایا۔

یہ لکھنے کے بعد واضح طور پر یہ بیان کرنا بھی لازمی ہے کہ مجھے ''نوائے وقت'' کی مدیر کی جانب سے ایسی کوئی ہدایت نہیں ملی تھی کہ میں خیبرپختونخواہ میں دہشت گردی کی واپسی کی بابت بڑھتے ہوئے خدشات کا ذکر نہ کروں۔ صحافیوں کو 'ایک اور' مرکز سے بھی رہ نمائی ملتی۔ میں بدنصیب مگر اس سے کبھی فیض یاب نہیں ہو پایا۔ اس کی بنیادی وجہ یہ ہے کہ عمر کے جس حصے میں پہنچ چکا ہوں وہاں انسان خود کو بندے کا پتر بنانے کے قابل نہیں رہتا۔ ویسے بھی یہ فرض کر لیا گیا ہے کہ ان دنوں عوام کی ''ذہن سازی'' اخبارات کے لئے ''محتاط'' زبان میں لکھنے والے فرسودہ قلم گھسیٹوں کے بس کی بات نہیں رہی۔ لوگوں کے موبائل فونوں تک یوٹیوب وغیرہ کے ذریعے براہ راست پہنچنے والے صحافیوں کے خیالات ہی قابل توجہ گردانے جاتے ہیں۔

سوال اٹھتا ہے کہ اگر میرے یا کسی ریاستی ادارے نے مجھے خیبرپختونخواہ میں دہشت گردی کی واپسی کے امکانات بیان کرنے سے نہیں روکا تو میں ان کے ذکر سے کئی کیوں کتراتا رہا۔ مذکورہ سوال کا دیانتدارانہ جواب یہ ہے کہ نام نہاد تجربے نے سیلف سنسر شپ کو مائل کر دیا ہے۔ اس سے بھی اہم تر یہ حقیقت رہی کہ اپنے لکھے کی ستائش کے بارے میں بے اعتنائی کا ڈھونگ رچانے کے باوجود میں ہفتے کے پانچ دن صبح اٹھنے کے بعد لاشعوری طور پر ان موضوعات پر ہی یہ کالم لکھنا شروع ہو جاتا ہوں جو مارکیٹ میں بک رہے ہوتے ہیں اور گزشتہ کئی دنوں سے نظر بظاہر ہمارے قارئین وناظرین کی اکثریت محض یہ جاننا چاہ رہی تھی کہ تحریک انصاف کو قومی اور صوبائی اسمبلیوں میں خواتین اور غیر مسلم پاکستانیوں کے لئے مختص حصہ میں سے اِس کے کم ازکم اُس جثے کی مناسبت سے نشستیں مل پائیں گی یا نہیں جو 8 فروری 2024ء کے انتخابات کے بارے میں سنائے نتائج کے ذریعے نمایاں ہوا۔ ''منہ کا ذائقہ'' بدلنے کے لئے اگرچہ ایک دوبار امریکی صدارتی انتخابات کا ذکر بھی کر دیا۔

ملک کی اعلیٰ ترین عدالت میں مذکورہ قضیہ طے کرنے کے لئے ٹی وی سکرینوں پر براہ راست دکھائی کارروائی شروع ہوئی تو عدالتی کارروائی پر کڑی نگاہ رکھنے والوں نے ایک ''سازش'' دریافت کر لی۔ ہمیں خبر ملی کہ شہباز حکومت تحریک انصاف کو اس کا ''حق'' فراہم کرنے کو ہرگز تیار نہیں۔ الیکشن کمیشن نے خواتین اور غیر مسلم پاکستانیوں کے لئے مختص نشستیں حکمران جماعت اور اس کے اتحادیوں میں بانٹ دی تھیں۔ اس ''بندر بانٹ'' کے نتیجے میں شہباز حکومت کو دو تہائی اکثریت میسر ہوگئی۔ جان کی امان پاتے ہوئے یہ لکھنا بھی ضروری ہے کہ تواتر سے کہانی یہ پھیلی کہ دوتہائی اکثریت کا فائدہ اٹھاتے ہوئے شہباز حکومت آئین میں ایسی ترامیم کرنا چاہ رہی ہے جس کا اولین فائدہ موجودہ چیف جسٹس صاحب کو ان کی میعادِ ملازمت میں توسیع کی صورت ملے گا۔ ان کے ساتھی ججوں کی اکثریت مگر بتدریج مبینہ طور پر اس گیم کو ناکام بنانے کو ڈٹ گئی اور بالآخر 8 عزت مآب ججوں کے یکجا ہونے کی وجہ سے گزشتہ جمعہ کو جو فیصلہ سنایا گیا اس نے حکومت کو حواس باختہ بنا دیا۔ اب مذکورہ فیصلے پر عملدرآمد نہ کرنے کے منصوبے بنائے جا رہے ہیں۔ حتیٰ کہ تحریک انصاف کو وطن دشمن جماعت ٹھہرا کر اس کے خلاف پابندی لگانے کی تیاریاں بھی ہیں۔

1975ء سے اسلام آباد میں مقیم ہوں۔ دس سال گزر جانے کے بعد غیر جماعتی انتخابات کے ذریعے ''جمہوریت'' بحال ہونے کا ناٹک لگا۔ اس کے بعد محلاتی سازشوں کی بدولت حکومتیں آتی اور جاتی رہیں۔ اکتوبر 1999ء میں جنرل مشرف کا مارشل لاء※ بھی آ گیا۔ وہ 2008ء تک ہمارے طاقت ورترین صدر رہے۔ موصوف بالآخر اپنے عہدے سے مستعفی ہو کر دوبئی چلے گئے۔ ان کے بعد محلاتی سازشیں بھی بتدریج ہماری سیاست میں لوٹ آئیں۔ ضرورت سے زیادہ متحرک رپورٹر ہوتے ہوئے میں اکثر ان سازشوں کی خبر دینے میں دیگر ساتھیوں سے ''بازی'' لیتا نظر آتا۔ بالآخر تھک گیا۔ اپنے گھر تک محدود ہو چکا ہوں۔ ''صحافت'' مگر احمد فراز کی بتائی ''محبت'' کی طرح ''وہی انداز پرانے'' کی طلب گار ہوتی ہے۔ ہر تھکے ہارے شخص کی طرح روز کی روٹی روز کمانے کے چکر میں ''مارکیٹ'' میں بکتے ''سودے'' کے بارے میں وکھری نوعیت کی توجیہات ڈھونڈنے کی کوشش کرتا ہوں۔

خیبرپختونخواہ سے پرخلوص دوستوں کی مہربانی کے طفیل جو اطلاعات آرہی تھیں انہیں اس کالم میں بنیادی طور پر کاہلی اور مارکیٹ میں بکتے سودے میں اپنا حصہ ڈالنے کے لالچ میں تفصیلات سے بیان نہیں کر پایا اور حال ہی میں بنوں میں دہشت گردی کا جو واقعہ ہوا ہے اس نے شدید احساس جرم میں مبتلا کر دیا ہے۔ اپنی کاہلی اور کسی حد تک صحافیانہ غیر ذمہ داری کے اعتراف کے باوجود یہ سوال اٹھانا بھی مگر لازمی ہے کہ ہمارے نام نہاد مین سٹریم کے ''سٹار'' کہلاتے کتنے صحافیوں نے خیبرپختونخواہ میں دہشت گردی کی بڑھتی لہر پر کما حقہ توجہ مبذول کی ہے۔ مان لیتے ہیں کہ پیمرا کے قواعد وضوابط میں جکڑے مین سٹریم میڈیا کی ''حد'' محدود سے محدود تر ہو رہی ہے۔

خیبرپختونخواہ سے پرخلوص دوستوں کی مہربانی کے طفیل جو اطلاعات آرہی تھیں انہیں اس کالم میں بنیادی طور پر کاہلی اور مارکیٹ میں بکتے سودے میں اپنا حصہ ڈالنے کے لالچ میں تفصیلات سے بیان نہیں کر پایا اور حال ہی میں بنوں میں دہشت گردی کا جو واقعہ ہوا ہے اس نے شدید احساس جرم میں مبتلا کر دیا ہے۔ اپنی کاہلی اور کسی حد تک صحافیانہ غیر ذمہ داری کے اعتراف کے باوجود یہ سوال اٹھانا بھی مگر لازمی ہے کہ ہمارے نام نہاد مین سٹریم کے ''سٹار'' کہلاتے کتنے صحافیوں نے خیبرپختونخواہ میں دہشت گردی کی بڑھتی لہر پر کما حقہ توجہ مبذول کی ہے۔

---

## حقیقی آزادی کے راستے



عالمی سطح پر دھماکہ خیز خبر یہ ہے کہ چین نے تھائی لینڈ کی دمچی پر نہر بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ 135 کلومیٹر لمبی یہ نہر خلیج بنگال کو خلیج تھائی لینڈ بلکہ سچ پوچھئے تو بحیرہ جنوبی چین سے ملا دے گی اور چین کو ایشیا، افریقہ، یورپ سے سمندری تجارت کیلئے آبنائے ملاکا جانے کی ضرورت نہیں ہوگی۔ لگ بھگ 12 سو کلومیٹر سفر کم ہو جائے گا اور چین کو بے پناہ بچت ہو گی۔

نہر پر 58 ارب ڈالر خرچ ہوں گے۔ 58 ارب ڈالر کتنے ہوتے ہیں، ہم پاکستانی کیا جانیں۔ بہرحال ریاضیاتی فارمولا سمجھنے کیلئے یہ ہے کہ ہم 58 برس تک آئی ایم ایف سے جتنی رقم لیں گے، اس کا کل مجموعہ 8 ارب بنتا ہے۔ 28 ارب روپے سے نہر کی تعمیر ہوگی، 30 ارب سے انفراسٹرکچر بنے گا۔

دمچی سے مراد زمین کی وہ پتلی اور لمبی پٹی ہے جو تھائی لینڈ کے مین لینڈ سے نکل کر ملائیشیا کے علاقے جزیرہ نمائے ملایا تک چلی گئی ہے۔ ملایا آبنائے ملاکا کے شمالی سرے پر ہے، جنوب میں انڈونیشیا کا جزیرہ سماٹرا ہے اور آبنائے ملاکا ان دونوں کے بیچ میں ایک تنگ راستہ ہے جو جہازوں کی بہت زیادہ آمدورفت کی وجہ سے ''ٹریفک جام'' کا منظر پیش کرتا ہے۔ تھائی لینڈ کی دمچی میں اس نہر کے بننے سے آبنائے ملاکا میں رش کم ہو جائے گا۔ تھائی لینڈ ہی نہیں، افریقہ، ایشیا، یورپ سبھی ممالک کے تجارتی اداروں کو فائدہ ہوگا۔ اس وقت تھائی عوام اس نہر کے بارے میں منقسم ہیں۔ آدھے حامی، آدھے مخالف ہیں لیکن تھائی لینڈ کی طاقتور فوج اس منصوبے کی حامی ہے۔

امریکہ اس خبر پر سخت پریشان ہے اور علاقائی ممالک سے درخواست کر رہا ہے کہ وہ اس نہر کی تعمیر کا راستہ روکیں۔ علاقائی ممالک میں ویت نام بھی آتا ہے جو امریکہ کا سب سے بڑا اتحادی اور چین کا سخت دشمن ہے۔ برسبیل تذکرہ، آج شاید بہت سے لوگوں کو یقین نہ آئے لیکن 1970ء کی دہائی میں دو انہونیاں ہو چکی ہیں۔ پہلے چین نے ویت نام کے شمال کے کچھ علاقے پر قبضہ کر لیا، ویت نام نے جنگ کی، چین کو شکست دے ڈالی اور اپنا علاقہ واگزار کرا لیا۔ آپ کو یقین نہیں آ رہا ہوگا لیکن کیا کیجئے یہ ہو چکا ہے۔ دوسری انہونی یہ ہوئی کہ چین نے اپنی پراکسی کھمیرج کے ذریعے پڑوسی ملک کمبوڈیا (آج کا کمپوچیا) پر قبضہ کر لیا۔ ویت نام نے پھر جنگ لڑی اور چین کو شکست دے کر کمبوڈیا کو آزاد کرایا۔

چین ایک سپر طاقت ہے، ویت نام ایک چھوٹا سا ملک، دنیا کی تاریخ میں ایسے کئی واقعات ہوئے ہیں اگرچہ بہت کم۔ امریکہ اسی لئے ویت نام پر انحصار کر رہا ہے لیکن ویت نام کیا کر سکتا ہے، یہ بات سمجھ میں نہیں آ رہی۔

دوسرے علاقائی ممالک برما، انڈونیشیا، ملائیشیا اور لاؤس ہیں۔ برما اور لاؤس چین کے اتحادی ہیں۔ ملائیشیا اور انڈونیشیا ہی پھر باقی رہ گئے جو براہ راست اس نہر سے منفی طور پر متاثر ہوں گے لیکن وہ امریکہ کے بارے میں اتنے پرجوش نہیں رہے جتنے ماضی میں ہوا کرتے تھے (سوہارتو گئے، مہاتیر بھی قصہ ماضی بن گئے)۔

امریکہ اب تھائی عوام کو ڈرا رہا ہے۔ وہ انہیں بتا رہا ہے کہ نہر بن گئی تو دمچی دو حصوں میں بٹ جائے گی اور نہر کے جنوب میں دمچی کے لوگ جو مسلمان ہیں، ان کے ملک سے کٹ کر ملائیشیا میں شامل ہو جائیں گے (تھائی لینڈ کی دمچی میں طویل عرصے سے، پٹانی کے مسلمان علیحدگی کی تحریک چلا رہے ہیں)۔

دیکھئے کیا ہوتا ہے۔ تھائی لینڈ سے امریکہ بہرحال وہ سلوک تو نہیں کر سکتا جو اس نے عراق اور افغانستان سے کیا۔

اس نہر سے اس زمینی نہر کی یاد آ گئی جو بھولا بسرا قصہ بنتی جا رہی ہے۔ میری مرادسی پیک سے ہے۔

پاکستان نے ایٹمی دھماکہ کیا، امریکہ نے نواز شریف کو سزا دے کر معاملہ نمٹا دیا یعنی کڑوا گھونٹ بھر کر ایٹمی طاقت کو عملاً تسلیم کر لیا۔ نواز شریف نے موٹروے بنائی، اس کی سزا بھی نواز شریف کو ملی اور مقدمہ ختم ہو گیا۔ لیکن پھر نواز شریف نے سی پیک کا ڈول ڈالا، امریکہ اس بات کو معاف کرنے کیلئے تیار نہیں اور 2014ء سے لے کر اب تک جو افراتفری ہے، یہ اسی خشکی والی نہر (خشک نائے) کا نتیجہ ہے۔

معلوم ہوا سی پیک ایٹم بم سے زیادہ خطرناک ہے۔ ایٹم بم بالآخر قبول کر لیے گئے لیکن سی پیک کو برداشت نہیں کیا جا رہا۔ 2014ء سے سی پیک پر جو پاؤں رکھا گیا، وہ ابھی تک اٹھا نہیں ہے۔ عمران حکومت کے خاتمے سے جو امید ہوئی تھی کہ اب سی پیک بحال ہوگا، وہ شہباز سرکار نے مٹی میں ملا دی۔ شہباز حکومت ایسی بے سمت ہے کہ دوسروں کو کنفیوز کرنے والا چین بھی کنفیوز ہو کر رہ گیا ہے۔ غلط بیانی میں پی ایچ ڈی کی ڈگری رکھنے والے احسن اقبال ہر چند کہتے رہیں کہ سی پیک پر کام ہو رہا ہے لیکن سب کو پتہ ہے کہ اس پر پاؤں رکھا ہوا ہے اور اب کی بار یہ پاؤں عمران کا نہیں شہباز کا ہے۔

پاکستان کی مثال اس کنگلے غریب کی ہے جس کا واحد اثاثہ ورثے میں ملا مکان ہے۔ کرائے پر چڑھ جائے تو دو وقت کی روٹی ملے۔ سی پیک سے 80 فیصد فائدہ چین کا ہے، ہمیں صرف کرایہ ملے گا، ہماری گزر اوقات بلکہ ہماری اوقات کیلئے یہ بھی بہت ہے لیکن کیا اندر والے، کیا باہر والے، مکان کرائے پر چڑھنے ہی نہیں دے رہے۔

اعلیٰ حکام کا کوئی اجلاس میڈیا مالکان کے ساتھ ہوا جس میں حکام نے اپنی تشویش بتائی کہ 9 مئی کے مجرموں کو الیکٹرانک میڈیا، باجماعت، ہیرو بنا کر پیش کر رہا ہے۔

انوکھی بات ہے کہ ایسا اجلاس کرنے کی ضرورت ہی کیوں پیدا ہوئی۔ دنیا کے کسی اور ملک، کسی بھی ملک کو ذہن میں لائیے۔

---

## ٹیکس پالیسی اور عام شہری



قومی معیشت کے عدم استحکام کے باعث موجود صورت حال میں حکومت کو آمدنی میں کمی کا سامنا ہے جس کے لئے ریونیو میں اضافہ بہت ضروری ہے، فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کی آمدنی کا 94 فیصد حصہ قرض کی ادائیگی کے لیے مختص کیا جاتا ہے۔ اس کے باوجود ہر سال ہماری عوام کو آئی ایم ایف کا مقروض ہونا پڑتا ہے، ادارے اپنا ہدف غریب عوام کی جیب سے پورا کرتے ہیں۔ ماہر معاشیات ڈاکٹر اشفاق ایچ خان کے مطابق آئی ایم ایف نے اپنی شرائط میں واضح کیا کہ اگر پاکستان نئی قرضہ سکیم پروگرام میں شامل ہونا چاہتا ہے تو اسے ہماری شرائط تسلیم کرنا ہوں گی۔ زیادہ ٹیکس اور کم آمدنی سے متعلق ماہر اقتصادیات آرتھر لافر اس بات کی وضاحت کرتے ہیں کہ ٹیکس کی شرح میں ایک خاص نقطہ سے زیادہ اضافہ آمدنی پیدا کرنے میں رکاوٹ بن سکتا ہے۔ زیادہ ٹیکس لگانے کی وجہ سے مختلف شعبوں سے محصولات کی وصولی میں کمی آنا ممکن ہے۔ دوسری جانب مختلف شعبہء ہائے زندگی سے وابستہ حلقوں کی رائے ہے کہ ٹیکس دہندگان کے اربوں روپے بچانے کے لیے اداروں کو ختم یا انضمام کرنا اس کا ایک حل ہو سکتا ہے۔ جیسے کہ ہاؤسنگ اربن ڈویلپمنٹ اینڈ پبلک ہیلتھ انجینئرنگ ڈیپارٹمنٹ، راولپنڈی ڈیولپمنٹ اتھارٹی آر ڈی آر، لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈیولپمنٹ کو ضم کرکے اربوں روپے بچائے جا سکتے ہیں۔ اسی طرح پنجاب فوڈ اتھارٹی، انوائرمنٹ پروٹیکشن ڈپارٹمنٹ، پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ پنجاب، سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ، ڈائریکٹوریٹ جنرل ہیلتھ سروسز پنجاب اور ان سے جڑے دیگر اداروں کو ایک دوسرے میں ضم کرنے سے مطلوبہ ہدف پورا کیا جا سکتا ہے، کیوں کہ ان سب کا کام صحت سے جڑے امور کی انجام دہی ہے، اداروں کی کارکردگی مزید بہتر بنانے کے لیے ون ونڈو نظام کو رائج کرنے سے مزید آسانیاں پیدا کی جا سکتی ہیں۔ اس کے ساتھ کاروبار اور توانائی، ثقافت، میڈیا، کھیل، اور ٹرانسپورٹ کو ملا کر ایک نئی سپر منسٹری بنائی جا سکتی ہے۔

ہمیں اپنے بنیادی ڈھانچے پر نظر ثانی کرنے کی بھی اشد ضرورت ہے، تاکہ اندازہ لگایا جا سکے کہ اضافی محکموں کو بنا کر اضافی بوجھ کیوں کر خود پر لادا گیا، جس کا خمیازہ آج عوام کو مختلف ہوشربا ٹیکسز کی صورت میں ادا کرنا پڑ رہا ہے۔ اضافی اداروں کو ضم کر کے حکومت سفید پوش طبقہ پر ٹیکس بڑھانے کے بجائے اربوں کی بچت کر سکتی ہے۔ ہمارے ہاں ایسے ادارے بھی موجود ہیں جہاں ایک ہی کام کو دس لوگ انجام دے رہے ہوتے ہیں۔ ان دس میں سے نو افراد کی صلاحیتوں کو کسی اور جگہ پر بھی استعمال کیا جا سکتا ہے، محکموں کی تعداد میں کٹوتی سے اربوں کروڑوں روپے کی بچت کرنا ممکن ہو سکے گا۔ جولائی 2024 میں شائع پرافٹ بائے پاکستان ٹوڈے کے مطابق صرف جون 2024 میں پنجاب ریونیو اتھارٹی نے 7.32 بلین روپے کا ریونیو حاصل کیا، جو پچھلے سال کے اسی مہینے میں 2.28 بلین روپے سے 16 فیصد زیادہ ہے۔ خاص طور پر، جون 2024 میں پنجاب کی سروسز پر سیلز ٹیکس 29 ارب روپے تھا، جو کہ پہلے کی بانسبت 9 فیصد زیادہ ہے، پنجاب ورکرز ویلفیئر فنڈ نے 3 ارب روپے اکٹھے کیے، جو 150 فیصد زیادہ ہیں، اور پنجاب انفراسٹرکچر ڈویلپمنٹ نے 629 ملین روپے جمع کیے، جو کہ پچھلے سال جون کے مہینے سے 83 فیصد زیادہ ہے۔ لیکن اس ٹیکس کی وصولی سے عوام کو کیا فائدہ مل رہا ہے، بجلی، سوئی گیس، پانی کے بلوں میں اضافہ بتدریج جاری ہے، پیٹرلیم مصنوعات، ٹرانسپورٹ کے کرایوں اور روز مرہ کی اشیاء ضروریہ کے نرخوں میں مسلسل اضافہ نے عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔ ریونیو جمع کرنے سے کسی بھی سطح پر عوام کو بھی فائدہ حاصل ہونا چاہیے۔ کاروباری اور عوامی حلقے شدید ترین معاشی مسائل کا شکار ہیں۔ نفسیاتی مسائل بڑھ گئے ہیں۔ آئے روز خوفناک جرائم رونما ہو رہے ہیں۔ عوام کی قوت برداشت دم توڑ چکی ہے لیکن حکومت ریونیو جمع کرنے میں مصروف ہے۔ قومی و صوبائی اسمبلیوں کے ممبران اربوں روپے مالیت کے ترقیاتی منصوبوں کی نمائش کرنے میں مگن ہیں، لیکن وہ یہ بات بھول گئے کہ ان کا سفید پوش طبقہ غربت کی لکیر سے بھی نیچے جا رہا ہے، بوڑھے والدین سڑک کے کنارے بھیک مانگنے پر مجبور ہو گئے ہیں، اے سی والے سرد ایوانوں، دفاتر اور گاڑیوں میں رہنے والے حکمران اور عوامی نمائندے یہ بات بھول گئے کہ عوام اور ان کے بچوں کے لیے دو وقت کا عزت سے ملا کھانا، سستی ادویات، مناسب قیمت پر ملنے والے بجلی سوئی گیس کے بلز، سر ڈھانپنے کے لیے چھت اور باعزت روزگار سب سے اہم ہے۔

---

## ایسے احساسات کو کیا نام دیا جائے؟

پس آئینہ
خالدہ نازش

درخت کے تمام پتے جھڑ چکے تھے، ٹہنیاں سوکھ چکی تھیں۔ اگرچہ تنا جس پر وہ درخت کھڑا تھا بظاہر اتنا بیمار دکھائی نہیں دے رہا تھا، مگر اندر سے اسے دیمک چاٹ چکی تھی اور اب یہ ایک کھوکھلا درخت تھا۔ اس کی جڑوں نے جتنی زمین پر قبضہ کر رکھا تھا وہ قبضہ چھوڑ دیا تھا، جس کا اندازہ اس کے گرد اگنے والے درختوں سے ہو رہا تھا، کیونکہ کسی بھی درخت کی جڑوں کا جہاں تک پھیلاؤ ہوتا ہے وہ کسی دوسرے درخت کو نہیں اگنے دیتا۔ اس ڈر سے کہ اسے اپنے حصے کی روشنی، ہوا پانی شیئر کرنا پڑے گا، اور پھر وہ کمزور پڑ جائے گا۔ اس درخت کی اب ایسی حالت تھی کہ اگر اس کے گرد گوڈی کر کے روزانہ کئی گیلن پانی دیا جاتا اور اس پر کئی بارشیں بھی برس جاتیں، اس سوکھے درخت کو ہرا نہیں کر سکتی تھیں۔ اس سب کچھ کے باوجود فیض بابا اس کے گرد مٹی نرم کر کے کئی دنوں سے خوب پانی دے رہا تھا اور درخت کی خدمت میں مصروف تھا۔ یہ بات دیکھنے والوں کے لئے حیران کن تھی، کیونکہ وہ جانتے تھے کہ نہ تو یہ کوئی مقدس درخت ہے، جس طرح بعض درخت کچھ مذاہب میں مقدس ہوتے ہیں اور نہ ہی فیض بابا درختوں کی خصوصیات سے واقف تھا کہ یہ زمین پر آکسیجن کا تناسب بگڑنے نہیں دیتے۔ دن کے وقت یہ کاربن ڈائی آکسائڈ گیس جذب کر کے آکسیجن پیدا کرتے ہیں اور رات کو یہ عمل الٹا ہو جاتا ہے، اس لئے وہ اسے فیض بابا کی حماقت اور کم عقلی سمجھ رہے تھے۔

درختوں سے جڑی دوسری کہانی گھسن بابا کی جو میرے گاؤں سے تقریباً دو میل کے فاصلے پر ایک دوسرے گاؤں میں رہتا تھا۔ گھسن بابا کی زندگی کا بھی ایک پہلو ایسا تھا جو سب سے ڈھکا چھپا تھا۔ جس گاؤں میں وہ رہ رہا تھا کسی کو بھی معلوم نہیں تھا وہ کہاں سے آیا تھا۔ ایک گھر نے اُسے پناہ دی اور وہ وہاں رہنے لگا دیکھنے میں وہ ستر پچہتر سال کا ایک نارمل انسان تھا، مگر اس کے اندر کوئی ایسی کہانی دفن تھی جس کو وہ بتا نہیں سکتا تھا۔ دو تین ماہ بعد وہ میرے گاؤں کا چکر بھی ضرور لگاتا، بولتا بولتا گاؤں میں داخل ہوتا جو درخت دیکھتا اسے گلے لگاتا درختوں سے باتیں کرتا اور پھر کچھ سمجھانے کی کوشش کرتا۔ جب اس کی باتوں کو کوئی بھی سمجھ نہ سکتا تو بے بسی کی لکیریں اس کے چہرے پر ڈھیرے ڈال لیتیں پھر وہ اپنی بے بسی پر رونے لگتا۔ کئی سال یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا پھر وہ اچانک غائب ہو گیا۔ جس گاؤں میں وہ رہ رہا تھا وہاں سے کہیں چلا گیا، مگر اپنے پیچھے بہت سے سوال چھوڑ گیا جن کا جواب ملنا مشکل تھا کیونکہ تصدیق کرنے والا کوئی نہیں تھا۔ اگرچہ ہم انسانوں کے لئے دوسروں کے معاملات کو کریدنا سب سے بہترین مشغلہ ہے اس لئے نہیں کہ ہم دوسروں کیلئے فکرمند ہوتے ہیں بلکہ یہ تشویش زیادہ تر خود کو مطمئن کرنے کے لئے ہوتی ہے۔ کہانی چاہے کتنے ہی پردوں میں ہو ہم اطمینان پر کہانی کا End چاہتے ہیں۔ فیض بابا اور گھسن بابا کے عمل کے پیچھے مشاہداتی طور پر کوئی گہری سوچ کارفرما تھی۔ وہ کیا سوچ تھی؟ وہ کونسی امید اور یقین تھا؟ جو ان سے یہ عمل کروا رہا تھا۔ کسی نے پوچھنے کی کوشش نہ کی۔ کسی نے یہ جاننے کی کوشش نہ کی کہ وہ کون سے محرکات ہوتے ہیں جب انسانی احساسات حساسیت کے اس لیول پر پہنچ جائیں کہ وہ مردہ اور بے جان جسموں سے بھی کوئی امید وابستہ کر لیں۔ امید کا تعلق یقین سے ہوتا ہے، ایسے یقین سے جس میں شک کی کوئی گنجائش نہیں ہوتی۔ شک جونہی یقین کی دہلیز پر قدم رکھتا ہے ہمارے قدم ڈگمگانے لگتے ہیں، اور امید کو یقین میں بدلنے کے لئے ہم نے جو ایک لمبا سفر طے کیا ہوتا ہے، جو خود سے commitment کی ہوتی ہے شک اسے کمزور کر دیتا ہے۔ یقین اگر پختہ ہو تو ہر طرح کے شک، وسوسوں، نااُمیدی اور مایوسی سے آزاد کر دیتا ہے۔ انسان کو بھٹکنے نہیں دیتا اسے کمٹمنٹ پر مرکوز رکھتا ہے۔ ہم اپنے بے شمار گناہوں، خامیوں اور پچھتاوؤں سمیت اپنے ساتھ جو رشتہ نبھا رہے ہوتے ہیں یہ بھی ہماری خود کے ساتھ کمٹمنٹ ہوتی ہے کہ ہم نے ہر حال میں خود کو برداشت کرنا ہے۔ اسی لئے اگرچہ ہم ہر روز اپنے اعمال کے ذریعے خود کے سامنے بے نقاب ہوتے رہتے ہیں مگر خود کو کوئی سزا نہیں دیتے اپنے ساتھ کمٹمنٹ کو نہیں توڑتے۔ اپنے معاملے میں ہم جتنے ثابت قدم ہیں اتنے ہی دوسروں کے معاملے میں دوہرے معیار سے کام لیتے ہیں۔ وائٹ ہاؤس امریکی صدر کی رہائش گاہ سے ایک وزیر ایک سابق امریکی فوجی جرنیل کے پاس امریکی صدر کا پیغام لے کر آتا ہے کہ صدر نے کل آپ کو وائٹ ہاؤس میں مدعو کیا ہے فوجی جرنیل یہ کہہ کر جانے سے انکار کر دیتا ہے کہ میں نے اپنی پوتی سے کمٹمنٹ کر رکھی ہے کہ کل میں اسے چڑیا گھر کی سیر کراؤں گا۔ وزیر حیران ہو کر کہتا ہے کہ آپ کو امریکی صدر نے ملاقات کے لئے بلایا ہے اور آپ اپنی پوتی کو صدر سے ملاقات پر فوقیت دے رہے ہیں تو فوجی جرنیل جواب دیتا ہے کہ وائٹ ہاؤس میں روزانہ بے شمار لوگ صدر سے ملنے آتے ہیں جو کچھ ٹائم بعد صدر کو یاد بھی نہ رہتا ہوگا کہ کون ملا تھا، اور میں اپنی پوتی کو چڑیا گھر کی جو سیر کراؤں گا وہ اسے عمر بھر یاد رہے گی۔ جب ہم کمٹمنٹ چھوڑ کر خود کو ترجیحات بدلنے کی آزادی دے دیتے ہیں۔ یوٹرن لے لیتے ہیں۔ ایک کو دوسرے پر فوقیت دینے لگتے ہیں۔ اپنے اختیارات کا اپنے اوپر غلط استعمال کرنے لگتے ہیں تو کبھی بھی اپنا تشخص قائم نہیں کر پاتے۔ اگر ہم اپنی ہر بات کی حرمت کا احساس کر کے اور اپنی ہر بات کو آئینی حیثیت دے کر اس کی پاسداری اپنے اوپر فرض کر لیں تو ہم ایک مضبوط شخصیت کے مالک بن سکتے ہیں۔

---

## کیا ہم ٹیکس نہیں دیتے

قارئین! میں آپ کو ایک قصہ سناتا ہوں۔ ایک بادشاہ کے دربار میں فقیر آیا اور کہنے لگا، سنا ہے کہ آپ کی سخاوت کے قصے دور دور تک مشہور ہیں؟ بادشاہ نے جواب دیا جی بالکل ٹھیک سنا ہے تم نے، مانگو کیا مانگتے ہو؟ فقیر نے ہاتھ میں پکڑا کاسہ آگے بڑھا دیا اور کہنے لگا بس اسے بھر دیجئے، بادشاہ نے اپنے گلے سے قیمتی ہار اُتار کر کاسے میں ڈال دیا مگر کاسہ نہ بھرا، لہٰذا بادشاہ نے اشرفیوں سے بھری بوری منگوائی اور کاسے میں ڈال دی مگر کاسہ پھر بھی لبالب نہ بھر سکا۔ فقیر طنزیہ نظروں سے بادشاہ کو دیکھنے لگا، بادشاہ نے فقیر کی نظروں اور شرمندگی سے بچنے کیلئے اپنے پورے خزانے کا منہ کھول دیا، تمام مال دولت کاسے میں انڈیل دی مگر کاسہ پھر بھی نہ بھر سکا۔ آخر بادشاہ نے اپنے سر سے تاج اُتار کر فقیر کے قدموں میں رکھ دیا اور پوچھا، اے پراسرار شخص، کم از کم اتنا تو بتا دے کہ آخر یہ کس بزرگ ہستی کا کاسہ ہے؟ فقیر مسکرایا اور بولا، حضور، یہ کوئی عام کاسہ نہیں، یہ حکومت پاکستان کا کاسہ ہے، جو آج تک کوئی بھی نہیں بھر سکا۔

قارئین دنیا میں 193 ممالک ہیں جو یونائیٹڈ نیشن کے ممبرز ہیں اور ان میں سے ایک ملک ایسا ہے جس کے لیڈران دنیا بھر میں یہ نعرہ لگاتے ہیں کہ ہمارے شہری ٹیکس چور ہیں۔ ملک کے اندر بھی یہ نعرہ لگایا جاتا ہے ملک کے باہر بھی یہ نعرہ لگایا جاتا ہے کہ ہمارے شہری ٹیکس چور ہیں۔ کیا واقعی میں ہم پاکستانی ٹیکس چور ہیں؟ ذرا نظر دوڑائیے کہ آج سے 14 سال پہلے 2010ء میں سارے پاکستانیوں نے مل کر 1500 ارب روپے حکومت کی تجوری میں ٹیکس کی مد میں ڈالے۔ آج 2024ء کا سال حکومت ہمیں خود سے بتا رہی ہے کہ سارے پاکستانی مل کر 9 ہزار 4 سو ارب روپے حکومت کی تجوری میں ڈالیں گے۔ لہٰذا اب آپ سوچیں 14 سال پہلے صرف 1500 ارب روپے صرف ٹیکس کی مد میں اور آج 9 ہزار 4 سو ارب روپے تو چوری کہاں ہو رہی ہے۔ ٹیکس تو بڑھتا ہی چلا جا رہا ہے تو آخر مسئلہ کیا ہے۔ ایک نظر دوڑائیے حکومتی اخراجات پر جو 2010ء میں 2 ہزار 4 سو ارب روپے تھے اور آج ہمیں حکومت بتاتی ہے کہ اخراجات 11000 ارب روپے پر پہنچ گئے ہیں۔ تو اصل مسئلہ کیا ہے اصل مسئلہ ٹیکس کا نہیں ہے اصل مسئلہ بے قابو حکومتی اخراجات ہیں۔ سچ یہ ہے کہ پاکستان میں ہر مرد، عورت اور بچہ ٹیکس دیتا ہے۔ آپ موبائل فون استعمال کرتے ہیں اس پر آپ ٹیکس دیتے ہیں، پیٹرول خریدتے ہیں اس پر ٹیکس ہوتا ہے، آپ کے گھر میں بجلی کا کنکشن ہے آپ ٹیکس دیتے ہیں، گیس کا کنکشن ہے ٹیکس دیتے ہیں، اسٹیشنری خریدنے جاتے ہیں ٹیکس لگتا ہے۔ ابھی حکومت نے بجلی کے مد میں ایک 250 ارب روپے کا ٹیکہ لگایا ہے، الزام کس پر لگایا آئی ایم ایف کے اوپر کہ آئی ایم ایف کہتا ہے کہ ریٹ بڑھائیں۔ دوسرا 350 ارب روپے کا ٹیکہ لگا ہے گیس کی قیمتوں کی مد میں، الزام آئی ایم ایف کے اوپر۔ مزید 170 ارب روپے کا ٹیکس لگا یا الزام آئی ایم ایف کے اوپر۔ آئی ایم ایف یہ کہتا ہے کہ جو 100 کروڑ روپے کا روزانہ کا نقصان آپ بجلی کے شعبے میں کرتے ہیں نہ کریں تو بجلی کے شعبے میں 100 کروڑ روپے کا روزانہ کا نقصان بچانا کیا ہمارے اپنے مفاد میں نہیں ہے۔ نقصان حکومت کرتی ہے ملبہ اور بوجھ عوام پر گرتا ہے اور الزام لگایا جاتا ہے آئی ایم ایف کے اوپر۔ اب ذرا سوچئے کہ پی آئی اے کا حکومت 70 ارب روپے کا سالانہ نقصان پورا کرتی ہے، 16 کروڑ روپے روزانہ کا نقصان ریلوے میں ہو رہا ہے۔ ہمارا اصل مسئلہ سیاسی ہے معاشی نہیں، یہ سفید ہاتھی جو پال رکھے ہیں یہ سیاسی فیصلہ ہے اس میں معیشت نہیں ہے۔ یہ سچ ہے کہ بہت سے ایسے امیر لوگ پاکستان میں رہتے ہیں جو ٹیکس نہیں دیتے، لیکن ان سے ٹیکس وصول کرنا عوام کا کام نہیں ہے، ان سے ٹیکس وصول کرنا ایف بی آر کا کام ہے۔ ہر ملک میں ٹیکس وصولیابی کی شرح ہوتی ہے۔ بنگلہ دیش میں یہ شرح 7٪ ہے، ایران میں 4.7٪ ہے اور پاکستان میں 1.9٪ فیصد ہے، یعنی کہ پاکستان میں ٹیکس ایران، بنگلہ دیش کے مقابلے میں زیادہ اکٹھا ہو رہا ہے تو پھر پاکستانی ٹیکس چور کہاں سے ہیں؟ یہ سچ ہے کہ انڈیا میں یہ شرح 12٪ فیصد ہے اور اس کے پیچھے حقیقت یہ ہے کہ انڈیا کے صوبے ایک بہت بڑی کنٹری بیوشن کرتے ہیں ٹیکس میں اور پاکستان کے صوبے ٹیکس تو اکٹھا کرتے ہیں مگر فیڈرل حکومت کو کم رقم جاتی ہے۔ اصل مسئلہ ٹیکس نہیں ہے اصل مسئلہ حکومتی اخراجات ہیں۔ ایک اور مزے کی بات آپ کو یہ بتاتا ہوں کہ اگر 3 قسم کے ٹیکس ہم جمع کر لیں جس میں ان ڈائریکٹ ٹیکس، کسٹمز ڈیوٹیز اور ود ہولڈنگ ٹیکس شامل ہیں، یہ حکومت کی ٹوٹل انکم کا 90٪ سے 95٪ بن جاتا ہے، یعنی کہ اگر آج ایف بی آر کو بند کر دیا جائے تو 90٪ سے 95٪ ٹیکس حکومت کی تجوری میں پھر بھی اکٹھا ہو جائے گا۔

دوسری جانب آئی ایم ایف کی حامی شہباز حکومت نے اپنی ناقص حکمت عملی کے سبب اپنے خلاف احتجاج کے نئے در خود ہی کھول لئے ہیں۔ بجلی کی اضافی قیمتوں اور فکس چارجز کے نئے ٹیرف کو یکم جولائی سے نافذ کر کے عوام اور تاجر برادری کی سانسیں روکنے کا بندوبست کیا گیا ہے جس کے بعد صورتحال ایجی ٹیشن کی طرف جاتی دکھائی دے رہی ہے۔ جماعت اسلامی نے بھی بجلی سمیت مہنگائی اور حکومت کی عوام دشمن پالیسیوں کے خلاف 12 جولائی کو جس احتجاجی دھرنے کی کال دی تھی احترام عاشورہ کے سبب اب 26 جولائی کو دھرنے کا اعلان کیا ہے۔ دوسری طرف گیلپ سروے میں انکشاف ہوا ہے کہ 94 فیصد پاکستانی ملک چھوڑنے کے خواہشمند ہیں جبکہ ساڑھے 9 سال میں 62 لاکھ 20 ہزار سے زائد پاکستانی دیار غیر جا چکے ہیں۔

# ویمنز ٹی 20 ورلڈکپ، بنگلادیش کی میزبانی خطرے میں پڑ گئی

## ہم سیکیورٹی کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں، میچز ڈھاکا اور سہلٹ میں ہونے ہیں، آئی سی سی

ICC
WOMEN'S T20
WORLD CUP
BANGLADESH 2024

لاہور (شہروز میاں) ڈھاکا میں جاری حالیہ بدامنی کے باعث بنگلہ دیش میں ویمنز ٹوئنٹی 20 ورلڈ کپ کا انعقاد خطرے میں پڑ گیا، انٹرنیشنل کرکٹ کونسل نے کہا ہے کہ ہم سیکیورٹی کی صورتحال پر گہری نظر رکھے ہوئے ہیں، میچز ڈھاکا اور سہلٹ میں ہونے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق بنگلہ دیش کو رواں برس اکتوبر میں ٹوئنٹی 20 ویمنز ورلڈ کپ کی میزبانی کرنا ہے لیکن ملک کی حالیہ صورتحال کے باعث یہ خواب بکھرتا دکھائی دے رہا ہے، طلبا اور پولیس کے درمیان جھڑپوں میں اب تک 39 افراد کے ہلاک ہونے کی اطلاعات ہیں جبکہ زخمی افراد کی تعداد سینکڑوں میں ہے، اس صورتحال نے آئی سی سی کو بھی تشویش میں مبتلا کر دیا۔ ترجمان نے بتایا کہ ہم ڈھاکا میں حالیہ بدامنی کے بعد رواں برس اکتوبر میں شیڈول ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کی سیکیورٹی صورتحال پر نظر رکھے ہوئے ہیں، ادھر آئی سی سی بورڈ کے ایک رکن نے نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر بتایا کہ ہمارے پاس دنیا بھر میں سیکیورٹی کا خود مختار مانیٹرنگ سسٹم موجود ہے، اسی کے ذریعے ہم بنگلہ دیش کی حالیہ صورتحال کو جانچ رہے ہیں۔ ورلڈ کپ 3 سے 20 اکتوبر تک کھیلا جائے گا، آسٹریلوی ٹیم اعزاز کا دفاع کرے گی، کینگروز نے فائنل میں جنوبی افریقہ کو زیر کر کے ٹائٹل اپنے نام کیا تھا، نویں عالمی کپ کے میچز ڈھاکا اور سلہٹ میں کھیلے جائیں گے، فائنل شیر بنگلہ نیشنل کرکٹ اسٹیڈیم ڈھاکا میں رکھا گیا ہے۔ گروپ اے میں دفاعی چیمپئن آسٹریلیا کے ساتھ بھارت، نیوزی لینڈ، پاکستان اور سری لنکا کی ٹیمیں شامل ہیں۔ گروپ بی میں میزبان بنگلہ دیش، انگلینڈ، اسکاٹ لینڈ، جنوبی افریقہ اور ویسٹ انڈیز کی سائیڈز کو رکھا گیا ہے، افتتاحی میچ انگلینڈ اور جنوبی افریقہ کے درمیان ڈھاکا میں 3 اکتوبر کو کھیلا جائے گا۔

ویسٹ انڈیز کے جیڈن سیلز کا انگلینڈ کیخلاف وکٹ لینے کے بعد پرجوش انداز

# روبندرا جڈیجا کے ون ڈے کیریئر پر بریک لگنے کا امکان! بی سی سی آئی کا عندیہ

نئی دہلی (این این آئی) بھارتی کرکٹ بورڈ (بی سی سی آئی) نے آل راؤنڈر روبندرا جڈیجا کے ون ڈے کیریئر پر جلد بریک لگنے کا عندیہ دیدیا۔ بھارتی میڈیا کی رپورٹس کے مطابق نئے ہیڈ کوچ گوتم گمبھیر پاکستان میں ہونے والی چیمپئنز ٹرافی 2025 سے قبل نوجوان کھلاڑیوں کو موقع دینا چاہتے ہیں جس کے باعث جڈیجا کا ون ڈے کیریئر اختتام پذیر ہوسکتا ہے۔ چیمپئنز ٹرافی 2025 سے قبل بھارتی ٹیم محض 6 ون ڈے انٹرنیشنل میچز کھیلے گی جس میں تین میچز سری لنکا کیخلاف سیریز میں شامل ہے، جس میں سلیکٹرز اکشر پٹیل اور واشنگٹن سندر کو زیادہ سے زیادہ موقع دینا چاہتے ہیں۔ دوسری جانب سری لنکا کیخلاف سیریز کیلئے روبندرا جڈیجا کو اسکواڈ کا حصہ نہیں بنایا گیا ہے۔ بی سی سی آئی ذرائع نے بتایا کہ ون ڈے میں آل راؤنڈر کی جگہ مشکل ہے تاہم ریڈ بال فارمیٹ اور ورلڈ ٹیسٹ چیمپئن شپ کے فائنل میں وہ اسکواڈ کا حصہ ہوسکتے ہیں۔ 2019 ون ڈے ورلڈ کپ کے بعد سے جڈیجا نے 40 کی اوسط اور 84 کے اسٹرائیک ریٹ سے بلے سے 644 رنز بنائے ہیں جبکہ بالنگ کے دوران 37 کی اوسط سے 44 وکٹیں اور 4.9 اکانومی رہی۔ حکام کے مطابق جڈیجا کی کارکردگی میں کوئی برائی نہیں، البتہ مینجمنٹ دوسرے آپشنز کو موقع دینا چاہتی ہے تاکہ مستقبل کیلئے ٹیم تشکیل دی جا سکے۔

# فرانس میں پاکستانی سفارتخانہ اور کمیونٹی کی قومی دستہ کیلئے نیک تمناؤں کا اظہار

پیرس (این این آئی) فرانس میں پاکستانی کمیونٹی رہنما اور سفارت خانہ نے سمر اولمپک گیمز میں پاکستانی اولمپک دستہ کیلئے بھرپور حمایت اور نیک تمناؤں کا اظہار کیا ہے۔ ایونٹ کے انعقاد میں چھ روز باقی رہ گئے ہیں، جہاں پاکستانیوں کی حوصلہ افزائی کیلئے جیریمی مالوی اور ابرار کیانی پیش پیش ہیں۔ سفارت خانے کے ایکس اکاؤنٹ سے جاری پیغام کے مطابق سفارت خانہ اور پاکستانی برادری اولمپک گیمز میں پاکستانی اولمپک دستہ کیلئے میدان میں اور میدان کے باہر بھرپور حمایت کا اظہار کر رہے ہیں۔ پیغام میں کہا گیا کہ اپنے کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی اور ان کی کامیابی کے لیے ہم دعا کریں۔ خیال رہے کہ پیرس میں سمر اولمپکس مقابلے 26 جولائی سے شروع ہو رہے ہیں جس میں پاکستانی ایتھلیٹس نیزہ بازی، شوٹنگ اور تیراکی کے مقابلوں میں مادر وطن کی نمائندگی کریں گے۔

# جنوبی افریقہ، 5،5 گولڈ میڈلز جیتنے والی بہنوں کی پاکستانی ہائی کمشنر سے ملاقات

جوہانسبرگ (این این آئی) جنوبی افریقہ میں 5، 5 گولڈ میڈلز جیتنے والی تینوں بہنوں ویرونیکا سہیل، سیبل سہیل اور ٹونکل سہیل نے پاکستان کے ہائی کمشنر آفتاب حسن سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران تینوں بہنوں نے ہائی کمشنر آفتاب حسن کو ایونٹس کی تفصیلات بتائیں اور پاکستان ہاؤس میں مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات لکھے۔ تینوں بہنوں نے حوصلہ افزائی پر ہائی کمشنر آفتاب حسن کا شکریہ ادا کیا۔ ہائی کمشنر آفتاب حسن نے کہا کہ یہ ہمارے لیے بڑے اعزاز اور فخر کی بات ہے کہ تین بہنوں نے میڈلز جیتے، پاکستان سے باہر آکر خواتین پاکستان کا نام روشن کر رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 15 گولڈ میڈلز جیتنے پر پاکستان کی قوم کو ان کا شکر گزار ہونا چاہیے، میں ان کے والد کو خراج تحسین پیش کروں گا جنہوں نے ان کی کھیل میں سرپرستی اور حوصلہ افزائی کی۔ ہائی کمشنر نے کہا کہ ان کی چوتھی بہن مریم کسی وجہ سے نہیں آسکیں، چار بہنوں کی شاید ہی ایسی مثال ملے جو ایک کھیل سے وابستہ ہوں، ان بہنوں کے کوچز اور پاکستان اسپورٹس بورڈ اور دیگر افراد کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔

# اے سی سی ویمن ایشیا کپ: سری لنکا نے بنگلادیش، تھائی لینڈ نے ملائیشیا کو ہرادیا

دمبولا (این این آئی) اے سی سی ویمن ایشیا کپ میں سری لنکا ویمن نے بنگلا دیش ویمن کو 7 وکٹ سے ہرا دیا جبکہ تھائی لینڈ ویمن ٹیم نے ملائشیا ویمن کو 22 رنز سے شکست دی۔ دمبولا میں کھیلے گئے میچ میں بنگلا دیشی ویمن ٹیم مقررہ 20 اوورز میں 8 وکٹ پر 111 رنز بنا سکی۔ نگار سلطانہ 48 اور شورنا اختر 25 رنز بنا کر نمایاں بیٹرز رہیں۔ سری لنکا ویمن کی جانب سے اودشکا اور انوشی نے دو دو وکٹیں حاصل کیں۔ جواب میں سری لنکن ویمن نے ہدف 18 ویں اوور میں تین وکٹ پر حاصل کرلیا۔

# فٹبال فیڈریشن کی انوکھی منطق، پاکستانی نژاد پلیئرز کو غیر ملکی بنادیا

اسلام آباد (چودھری عمران شوکت) پاکستان فٹبال فیڈریشن کی انوکھی منطق سامنے آگئی، پاکستانی نژاد پلیئرز کو غیر ملکی بنا دیا۔ ذرائع کے مطابق قومی ویمن چیمپئن شپ میں غیر ملکی پلیئرز کے طور پر صرف پاکستانی نژاد پلیئرز کو شرکت کی اجازت دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق قومی ویمن چیمپئن شپ کے قوانین میں ہر ٹیم کو دو غیر ملکی پلیئرز شامل کرنے کی اجازت تھی، اس سلسلے میں ٹیموں نے ریگیولیشن پر وضاحت مانگی تو بتایا گیا کہ غیر ملکی پلیئرز کا مقصد پاکستانی نژاد کھلاڑی ہیں۔ ذرائع کے مطابق پی ایف ایف نے ٹیموں کو پیغام دیا کہ وہی پلیئرز غیر ملکی پلیئرز کے طور پر کھیل سکتے ہیں جن کے پاس نائیکوپ یا پاکستانی پاسپورٹ ہوگا۔ پی ایف ایف نے اپنے پیغام میں واضح کہا کہ پاکستانی شناختی دستاویزات کے بغیر کسی پلیئر کو قومی ویمن چیمپئن شپ کھیلنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ فیفا قوانین کے مطابق پاسپورٹ یا شناختی دستاویزات کا حامل پلیئر اس ملک کا شہری تسلیم ہوتا ہے، پی ایف ایف متعدد اوورسیز پاکستانیوں کو اسی بنیاد پر قومی ٹیم میں کھلا چکا ہے۔ شریک کلبز نے سوال اٹھایا کہ پاکستان کھیلنے کا اہل پلیئر غیر ملکی پلیئر کی کیٹیگری میں کیسے آسکتا ہے جس پر پی ایف ایف کے ایک آفیشل نے موقف اپنایا کہ ریگیولیشن میں ڈائیسپورا لکھنا تھا، غلطی سے فارن پلیئر لکھا گیا ہے۔ آفیشل نے موقف اپنایا کہ ٹیموں میں بیلنس برقرار رکھنے کے لیے غیر ملکی پلیئرز کی شرکت پر پابندی کا فیصلہ کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ ماضی میں نیپال، مالدیپ اور بنگلہ دیش سے تعلق رکھنے والی پلیئرز پاکستان میں فٹبال کھیل چکی ہیں۔

# حسن علی نے بھارتی ٹیم کے چیمپئنز ٹرافی 2025 میں شرکت کے حوالے سے اپنے خدشات کا اظہار کردیا

اسلام آباد (این این آئی) فاسٹ بولر حسن علی نے بھارتی ٹیم کے چیمپئنز ٹرافی 2025 میں شرکت کے حوالے سے اپنے خدشات کا اظہار کردیا۔ ایک انٹرویو میں انٹرویو دیتے ہوئے فاسٹ بولر حسن علی نے پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے موقف کی حمایت کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کی شرکت سے قطع نظر ٹورنامنٹ کا انعقاد ہونا چاہیے، اگر ہم وہاں سیکیورٹی خدشات کے باوجود کھیلنے جاسکتے ہیں تو وہ بھی آسکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اور بی سی سی آئی کو ہٹا کر دیکھیں تو انکے پلیئرز بھی پاکستان میں کھیلنا چاہتے ہیں تاہم فیصلہ اور پالیسیز کو مدنظر رکھنا ہوتا ہے۔ حسن علی نے کہا کہ چیئرمین پی سی بی نے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ چیمپئنز ٹرافی 2025 پاکستان میں ہوگی، اگر بھارت نہیں آنا چاہتا تو نہ آئے، اسکے نہ آنے سے کرکٹ ختم نہیں ہوگی البتہ اسکے علاوہ دیگر ٹیمیں بھی ہیں۔ دوسری جانب چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارتی کرکٹ بورڈ اپنی ٹیم بھیجنے سے انکار کر رہا ہے، حکام کے مطابق حکومت پاکستان دورے کی اجازت نہیں دے رہی، اس لیے ٹورنامنٹ ہائبرڈ ماڈل یا نیوٹرل وینیو پر کروایا جائے۔

# چیئرمین پی سی بی محسن نقوی (آج) آئی سی سی کے اجلاس میں شرکت کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی (آج) آئی سی سی کے اجلاس میں شرکت کریں گے۔ تفصیلات کے مطابق چیئرمین پاکستان کرکٹ بورڈ محسن نقوی ایک روزہ مختصر دورہ پر سری لنکا پہنچ گئے۔ چیئرمین پی سی بی محسن نقوی آئی سی سی کے (آج) پیر کو ہونے والے اہم اجلاس میں شرکت کریں گے۔ آئی سی سی میٹنگ میں چیمپئنز ٹرافی کے بجٹ کی منظوری دی جائے گی، پی سی بی اور آئی سی سی نے بجٹ فائنل کیا ہے۔ محسن نقوی کی آئی سی سی میٹنگ کی سائیڈ لائن پر کئی بورڈ کے سربراہان سے ملاقاتیں متوقع ہیں۔

# امریکا، جانز کریک اوپن اسکواش میں پاکستانی کھلاڑی چھائے رہے

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں جاری جانز کریک اوپن اسکواش میں پاکستانی کھلاڑی چھائے رہے۔ جارجیا میں 12 ہزار ڈالر انعامی رقم والے ایونٹ کا فائنل آل پاکستان معرکہ ہوگا۔ پاکستان کے عاصم خان اور اشعب عرفان نے ایونٹ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ عاصم خان نے سیمی فائنل میں نائیجیریا کے ایڈیگو کو تین۔ دو سے ہرایا۔ عاصم کی جیت کا اسکور 11-8، 6-11، 5-11، 11-5 اور 9-11 رہا۔ اشعب عرفان نے امریکا کے نکولز اسپیزری کو تین۔ صفر سے ہرایا۔ اشعب کی جیت کا اسکور 9-11، 8-11 اور 6-11 رہا۔

# پاکستان ورلڈ جونیئر ٹیم اسکواش کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ورلڈ جونیئر ٹیم اسکواش چیمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گیا۔ پری کوارٹر فائنل میں پاکستان نے آسٹریلیا کو دو۔ صفر سے شکست دے دی۔ پاکستان کی جانب سے عبداللہ نواز اور حمزہ خان نے کامیابی حاصل کی۔ عبداللہ نواز نے حیدر نقوی کو 4-11، 4-11 اور 4-11 سے ہرایا۔ حمزہ خان نے تھامس اسکاٹ کو 4-11، 2-11، 2-11 سے شکست دی۔

بھارتی ویمن ٹیم کی رچا گھوش یو اے ای کیخلاف میچ میں شاٹ کھیلتے ہوئے

# گوتم گمبھیر کوچنگ کیریئر کا آغاز دورہ سری لنکا سے کرینگے

نئی دہلی (این این آئی) سابق بھارتی کرکٹر گوتم گمبھیر سری لنکا کیخلاف وائٹ بال سیریز کے دوران بھارتی کرکٹ ٹیم کیساتھ اپنے کوچنگ کیریئر کا آغاز دورہ سری لنکا سے کرینگے۔ گوتم گمبھیر کی کوچنگ میں بھارت دورہ سری لنکا میں 3 ٹی ٹوئنٹی اور 3 ون ڈے کھیلے گا۔ بورڈ آف کنٹرول فار کرکٹ ان انڈیا (بی سی سی آئی) نے وائٹ بال ٹور کے لیے ٹیموں کا اعلان کیا۔ سوریا کمار یادیو کو ٹی ٹوئنٹی سیریز کے لیے کپتان مقرر کیا جبکہ روہت شرما ون ڈے میں کپتانی کریں گے۔ ویرات کوہلی جو ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ جیتنے کے بعد اس وقت لندن میں اپنی چھٹیاں منا رہے ہیں، تین ون ڈے میچوں کی سیریز کے دوران ایکشن میں ہوں گے کیونکہ ہیڈ کوچ گمبھیر چاہتے تھے کہ ان کی پہلی سیریز میں سینئر کھلاڑی شرکت کریں۔ کوہلی اور گمبھیر کے ماضی میں کچھ اختلافات سامنے آئے تھے، خاص طور پر انڈین پریمیئر لیگ 2023 کے سیزن کے دوران رائل چیلنجرز بنگلورو اور لکھنؤ سپر جائنٹس کے میچ میں دونوں کے درمیان شدید تلخ کلامی ہوئی تھی۔ یہ پہلا موقع نہیں تھا جب ویرات اور گمبھیر کی فیلڈ میں ایک دوسرے سے تلخ کلامی ہوئی ہو، اس سے قبل بھی دونوں کرکٹرز میچ کے دوران آپس میں الجھ پڑے تھے۔ تاہم آئی پی ایل 2024 میں دونوں کی ملاقات کولکتہ نائٹ رائیڈرز اور رائل چیلنجرز بنگلورو کے درمیان میچ کے دوران ہوئی، جہاں کوہلی نے پچھلے اختلافات کو بھلا کر گمبھیر کو گلے لگایا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق راہول ڈریوڈ کے بعد اب گمبھیر کے ہیڈ کوچ مقرر ہونے پر کوہلی نے بی سی سی آئی کو اپنا پیغام پہنچایا ہے۔

انگلینڈ کے جو روٹ ویسٹ انڈیز کیخلاف ٹیسٹ میچ میں سنچری سکور کرنے کے بعد شاداں

SHOWBIZ
قوت

# میری زندگی میں اب کوئی مرد نہیں، 2021 سے سنگل ہوں، سشمیتا

ممبئی (این این آئی) بھارت کی خوبرو اداکارہ اور سابقہ ملکہ حسن سشمیتا سین نے کہا ہے کہ میری زندگی میں اب کوئی مرد نہیں، 2021 سے سنگل ہوں۔ سشمیتا سین کے سابق بوائے فرینڈ روہمن شاول کے ساتھ ان کے تعلقات کے حوالے سے خبریں آرہی ہیں کہ وہ انکے ساتھ ڈیٹنگ میں مصروف ہیں۔ تاہم اب اداکارہ نے ان افواہوں کا جواب دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ چند سالوں سے سنگل ہیں۔ سشمیتا نے اپنی ذاتی زندگی کے بارے میں ریا چکر بورتی کے پوڈکاسٹ چیپٹر 2 کی پہلی قسط کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ کسی کے ساتھ تعلقات میں نہیں ہیں۔ انکا کہنا تھا کہ میری زندگی میں کوئی مرد نہیں۔ میں کافی عرصے سے سنگل ہوں۔ صحیح معنوں میں 2021 سے۔ ساتھ میں سشمیتا نے یہ بھی کہا کہ میری زندگی میں کچھ بہت ہی شاندار لوگ ہیں جو میرے دوست ہیں اور وہ سب بس اس لمحے کا انتظار کر رہے ہیں جب میں انہیں کال کر کے کہوں گی کہ دیکھو، میں کار نکال رہی ہوں، گاڑی کی پچھلی سیٹ پر بیٹھ جاؤ، ہم گووا جا رہے ہیں۔ جب میزبان نے ان سے پوچھا کہ کیا وہ کسی میں دلچسپی رکھتی ہیں، تو سشمیتا نے جواب دیا اس وقت مجھے کسی میں دلچسپی نہیں۔ واضح رہے کہ سشمیتا سین روہمن کے ساتھ تعلقات میں تھیں، انہوں نے روہمن سے دسمبر 2021 میں علیحدگی کا اعلان کیا تھا۔ تاہم وہ مختلف تقریبات میں اکٹھے نظر آتے ہیں۔

# اداکارائیں مجھے اپنا دوست نہیں مانتیں اسی لیے کوئی شادی پر نہیں بلاتا، حرامانی

لاہور (این این آئی) معروف پاکستانی اداکارہ و ماڈل حرامانی نے شکوہ کیا ہے کہ آج تک کسی اداکارہ نے انہیں اپنی شادی پر نہیں بلایا۔ اداکارہ حرامانی کا ساتھی اداکارہ میرا سیٹھی کو ماضی میں دیئے گئے انٹرویو سے ایک مختصر کلپ سوشل میڈیا پر وائرل ہوگیا۔ وائرل ویڈیو میں چلبلی اداکارہ حرا کو انڈسٹری کی تقریباً سب ہی شادی شدہ اداکاراؤں سے شکوہ کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ اداکارہ کا کہنا ہے کہ مجھے شادیوں پر جانے کا بہت شوق ہے مگر مجھے آج تک انڈسٹری کی کسی اداکارہ نے اپنی شادی پر مدعو نہیں کیا، شاید سب ہی اداکارائیں مجھے اپنا دوست نہیں سمجھتیں اسی لیے مجھے شادیوں پر نہیں بلایا جاتا۔ حرامانی نے اداکاراؤں کے نام لیتے ہوئے انکشاف کیا کہ مجھے میرا سیٹھی سمیت سجل علی، سارہ خان اور اقراء عزیز نے بھی شادی پر نہیں بلایا۔ اداکارہ نے مزید کہا کہ جنہوں نے مجھے اپنی شادیوں پر نہیں بلایا میں ان سب کو اپنے بیٹے مزمل کی شادی پر بلاؤں گی۔ یاد رہے کہ اداکارہ حرا مانی ساتھی اداکاراؤں سے یہ شکوہ متعدد بار اور مختلف انٹرویوز میں کرچکی ہیں۔

# ڈیڑھ سال تک شوہر کا تشدد برداشت کرتی رہی، جگن کاظم

کراچی (این این آئی) پاکستانی شوبز انڈسٹری کی معروف میزبان و اداکارہ جگن کاظم نے سابق شوہر کی جانب سے تشدد کا شکار ہونے کا انکشاف کیا ہے۔ حال ہی میں ایک پوڈکاسٹ کے دوران جگن کاظم نے گھریلو تشدد کے بارے میں بات کی، اس موقع پر انہوں نے اپنے تلخ ماضی کو بھی یاد کیا جس میں انہیں بھی تشدد کے مسائل کا سامنا تھا۔ جگن کاظم نے کہا کہ میں نے پہلی شادی اپنے والدین سے چھپ کر کی تھی اور یہ شادی میری اپنی پسند اور محبت کی شادی تھی لیکن اس شادی کے تیسرے ہفتے میں ہی شوہر نے مجھے تشدد کا نشانہ بنایا۔ اداکارہ نے کہا کہ شوہر کی جانب سے تشدد کی پہلی علامات بیوی کے لیے منہ سے نکلی گئی گالی ہوتی ہے، یہ سب گالیوں سے شروع ہوتا ہے اور پھر ایک وقت آتا ہے کہ شوہر اپنی بیوی پر ہاتھ اٹھا دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جب شوہر پہلی بار ہاتھ اٹھائے تو اسی وقت عورت کو فیصلہ کرلینا چاہیے۔

# اداکارہ نہیں وکیل بننا چاہتی تھی، کرینہ کپور کا انکشاف

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ میں ’بیبو‘ کے نام سے شہرت رکھنے والی سپر اسٹار کرینہ کپور نے انکشاف کیا ہے کہ وہ ایک اچھی طالبہ تھیں اور وکیل بننا چاہتی تھیں۔ کرینہ کپور، جواب بالی ووڈ کی ٹاپ اداکارہ ہیں، انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز سال 2000 میں ابھیشیک بچن کے ساتھ فلم ’ریفیوجی‘ سے کیا تھا، شوبز انڈسٹری میں قدم رکھنے سے قبل اداکارہ اپنی پڑھائی کو لیکر بہت سنجیدہ تھیں، انہوں نے ہارورڈ یونیورسٹی میں سمر کورس بھی کیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق کرینہ کپور نے اپنے حالیہ انٹرویو میں کہا کہ میرے والدین کی جانب سے مجھ پر کبھی بھی کسی مخصوص کیریئر کے انتخاب کے لیے دباؤ نہیں ڈالا گیا اور نہ ہی کسی نے مجھے اداکاری پر مجبور کیا۔ کرینہ کپور نے کہا کہ میرے والدین ہمیشہ سے یہی چاہتے تھے کہ میں وہی کروں جو میرا دل چاہتا ہے اور میں اپنی پسند اور شوق کے حساب سے اپنے پیشے کا انتخاب کروں۔

# میڈونا کے 85 کروڑ ڈالرز کے باوجود بیٹے کے پاس کھانے کو پیسے نہیں

نیویارک (این این آئی) نامور امریکی موسیقار وگلوکارہ میڈونا کے بیٹے کی زندگی انتہائی مشکل میں آگئی، 18 سالہ نوجوان کے پاس کھانے تک کو پیسے نہیں۔ میڈونا کے لیپالک بیٹے ڈیوڈ بینڈا نے اپنی سپر اسٹار والدہ کا گھر چھوڑ دیا ہے اور وہ اب نیویارک کے علاقے برونز میں واقع ایک اپارٹمنٹ میں رہائش پذیر ہے۔ ڈیوڈ اپنی زندگی اور لائف اسٹائل کی نئی شروعات کرنا چاہتا ہے اور وہ اپنا گزر بسر آن لائن گٹار سکھا کر کر رہا ہے۔ اپنے حالیہ انٹرویو کے دوران ڈیوڈ کا کہنا تھا کہ وہ اپنے اس لائف اسٹائل سے مطمئن ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے یہ پسند ہے۔ میں اکیلا نہیں ہوں۔ میری گرل فرینڈ میرے ساتھ ہے۔ لیکن مجھے یہ پسند ہے۔ والدہ میڈونا کے 85 کروڑ ڈالر کی دولت کے باوجود ڈیوڈ اپنی محنت سے خود کفالت کی کوشش کر رہا ہے۔

# اگر اکیلی عورت شادی کرنا چاہتی ہے تو اس میں کیا بُرائی ہے؟ نشو بیگم

لاہور (این این آئی) پاکستانی فلم انڈسٹری کی ماضی کی مایہ ناز اداکارہ نشو بیگم نے شکوہ کیا ہے کہ اگر انہیں شادی کی پیشکش کی جارہی ہے تو اس میں لوگوں کو کیا مسئلہ ہے۔ نشو بیگم نے اپنے حالیہ بیان میں کہا کہ مجھے ابھی تک کئی لوگوں کی جانب سے شادی کی پیشکش کی جارہی ہیں لیکن میں نے کسی کی پیشکش قبول نہیں کی۔ اداکارہ نے کہا کہ اگر مجھے شادی کی پیشکش کی جارہی ہیں تو اس میں میرا کیا قصور ہے؟ سوشل میڈیا صارفین مجھ سے خفا کیوں ہو رہے ہیں؟ انہوں نے سوالیہ انداز میں کہا کہ کیا میں نے رشتہ طے کرلیا ہے یا شادی کی تاریخ رکھ لی ہے؟ یا کسی کو مہندی مایوں کا دعوت نامہ بھیج دیا ہے؟ جو مجھ پر اتنی تنقید کی جارہی ہے۔ نشو بیگم نے کہا کہ اگر ایک اکیلی عورت شادی کرنا چاہتی ہے تو اس میں کیا بُرائی ہے؟ کیا بڑی عُمر میں شادی کرنا گناہ ہے؟ اداکارہ نے کہا کہ بڑی عُمر میں تو کچھ لوگ ایسے ایسے غلط کام کرتے ہیں جن کا ہم ذکر بھی نہیں کر سکتے لیکن اگر کوئی عزت کے ساتھ شادی کی بات کرے تو یہ دُنیا اس کو نفرت کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ انہوں نے قہقہے لگاتے ہوئے کہا کہ ایک شخص نے مذاق میں مجھے کہا کہ اگر وہ بہت امیر ہوتا تو غنڈوں کو پیسے دے کر مجھے اٹھوا لیتا۔ نشو بیگم نے مزید کہا کہ میں نے اس شخص کو جواب دیا کہ اگر واقعی میں آپ امیر ہوتے تو میں خود ہی آپ کے پاس چلی آتی۔

# ذیابیطس سے لڑنیوالے فواد خان نے چینی کو انسان کا دشمن قرار دیدیا

کراچی (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ پاکستانی سپر اسٹار فواد خان نے کہا ہے کہ چینی انسانی صحت کے لیے دشمن ہے۔ گزشتہ روز فواد خان اور صنم سعید کی بھارتی ویب سیریز ’برزخ‘ ریلیز ہوئی ہے اور ان دنوں وہ اپنی سیریز کی تشہیر میں مصروف ہیں، جس کے لیے یہ دونوں اسٹارز بھارت اور پاکستان کے مختلف پلیٹ فارمز پر انٹرویوز بھی دے رہے ہیں۔ فواد خان نے اپنے حالیہ انٹرویو میں جہاں اپنی ویب سیریز ’برزخ‘ کے بارے میں بات کی تو وہیں انہوں نے اپنی پیشہ ورانہ زندگی اور صحت سے متعلق بھی گفتگو کی۔ اداکار نے کہا کہ دُنیا بھر سمیت پاکستان میں بھی ذیابیطس کے مریضوں میں اضافہ ہوتا جارہا ہے اور ہمارے لوگوں کو علم ہی نہیں کہ اگر جسم میں شوگر کی سطح بڑھے یا کم ہو تو اس پر قابو پانے کے لیے کیا اقدام کرنے چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ اب ہر 4 سال سے 8 سال کے بچوں میں ذیابیطس کی تشخیص ہو رہی ہے جو کہ ایک انتہائی تشویشناک صورتحال ہے۔ فواد خان نے مداحوں سے مخاطب ہوتے ہوئے کہا کہ آپ اپنی روزمرہ کی روٹین میں جو چینی کھا رہے ہیں، یہ آپ کی ضرورت نہیں بلکہ صرف ایک خواہش ہے لہٰذا اسے چھوڑا جاسکتا ہے۔

واشنگٹن (این این آئی) امریکا میں جاری جانز کریک اوپن اسکواش میں پاکستانی کھلاڑی چھائے رہے۔ جارجیا میں 12 ہزار ڈالر انعامی رقم والے ایونٹ کا فائنل آل پاکستان معرکہ ہوگا۔ پاکستان کے عاصم خان اور اشعب عرفان نے ایونٹ کے فائنل میں جگہ بنالی۔ عاصم خان نے سیمی فائنل میں نائیجیریا کے ایڈیگو کو تین۔ دو سے ہرایا۔ عاصم کی جیت کا اسکور 11-8، 6-11، 5-11، 11-5 اور 9-11 رہا۔ اشعب عرفان نے امریکا کے نکولز اسپیزری کو تین۔ صفر سے ہرایا۔ اشعب کی جیت کا اسکور 9-11، 8-11 اور 6-11 رہا۔

# حبا بخاری کا برائیڈل فوٹوشوٹ مداحوں کی توجہ کا مرکز

کراچی (شوبز ڈیسک) پاکستان شوبز انڈسٹری کی خوبرو اداکارہ حبا بخاری کا برائیڈل فوٹو شوٹ مداحوں کی توجہ کا مرکز بن گیا۔ گزشتہ دنوں حبا بخاری نے معروف کلاتھنگ برانڈ کیلئے برائیڈل فوٹو شوٹ کرایا جس کی ویڈیو انہوں نے فوٹو اینڈ ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اپنے آفیشل اکاؤنٹ سے شیئر کی۔ مذکورہ ویڈیو میں حبا بخاری نے عروسی جوڑا زیب تن کر رکھا ہے، جوڑے پر ہوا بھاری کام لباس کو مزید جاذب نظر بنا رہا ہے۔ اداکارہ نے بالوں کو مہارت سے باندھ رکھا ہے جبکہ گہرا میک اپ اور نازک ادائیں حبا کے حسن کو دوآتشہ کر رہی ہیں۔ حبا کی عروسی جوڑے میں ویڈیو نے سوشل میڈیا پر آتے ہی فیشن کی دنیا میں تہلکہ مچا دیا جبکہ پوسٹ کے کمنٹ سیکشن میں مداحوں کی جانب سے محبت کی برسات کی جارہی ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
صنعت وتجارت نیوز
معیشت نامہ

## برآمدی شعبے کے مسائل کے حل کیلئے حکومت،نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ”ایکسپورٹ فورم“ کے قیام کی تجویز

### فنانس ایکٹ سے متعلق برآمد کنندگان کے تحفظات کو جلد سے جلد دور کیا جائے،سینئر وائس چیئر مین پی سی ایم ای عثمان اشرف

لاہور(این این آئی) پاکستان کارپٹ مینو فیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئر مین عثمان اشرف نے برآمدی شعبے کے مسائل کے حل کیلئے حکومت اور نجی شعبے کے اسٹیک ہولڈرز پر مشتمل ”ایکسپورٹ فورم“ کے قیام کی تجویز پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں برآمد کنندگان انتہائی مشکلات کا شکار ہیں جس سے برآمدات بری طرح متاثر ہو رہی ہیں،وزیر اعظم شہباز شریف سے اپیل ہے کہ فنانس ایکٹ سے متعلق برآمد کنندگان کے تحفظات کو جلد سے جلد دور کیا جائے ۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایسوسی ایشن کے دفتر میں منعقدہ جائزہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا ۔ اجلاس میں رواں سال اکتوبر میں پاکستان میں منعقد ہونے والی عالمی نمائش کی تیاریوں سمیت ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو درپیش مسائل خصوصاً رواں مالی سال کے بجٹ میں ٹیکس رجیم کی تبدیلی سے پیدا ہونے والی مشکلات بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عثمان اشرف نے کہا کہ رواں مالی سال کا بجٹ پیش ہونے کے بعد تمام برآمدی شعبوں کی تنظیمیں اپنے تحفظات لئے حکومت کے دروازے پر دستک دے رہی ہیں لیکن بدقسمتی سے کوئی شنوائی نہیں ہو رہی۔ ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت ایک کاٹیج انڈسٹری ہے جس کے ذریعے لاکھوں افراد گھر کی دہلیز پر اپنے اہل خانہ کے لئے روزگار کما رہے ہیں، اس صنعت کا اربنائزیشن کو روکنے میں بھی کلیدی کردار رہا ہے لیکن اسے ہر دور میں نظرانداز کیا گیا۔ٹیکس رجیم میں تبدیلی سے مشکلات بہت بڑھ گئی ہیں جس سے لامحالہ ایکسپورٹ پر بھی منفی اثرات ہوں گے اور لاکھوں غریبوں کا روزگار بھی داؤ پر لگ جائے گا۔انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، وزیر تجارت جام کمال خان ، وزیر مملکت خزانہ علی پرویز ملک اور چیئر مین ایف بی آر ملک امجد زبیر ٹوانہ سے اپیل ہے کہ ہمارے تحفظات پر غور کیا جائے اور فنانس ایکٹ میں ترمیم کے ذریعے ٹیکس رجیم میں تبدیلی کا فیصلہ واپس لیا جائے۔

## 4ہزار ارب روپے کے ٹیکسز سے 30فیصد معیشت سکڑنے کے خطرات ہیں،زاہد عتیق چوہدری، عاشق علی رانا

لاہور(این این آئی) پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن لاہور چیپٹر کے سینئر نائب صدر زاہد عتیق چوہدری اور نائب صدر عاشق علی رانا نے کہا ہے کہ فنانس ایکٹ 2024 میں اٹھائے گئے تمام اقدامات معیشت کی گروتھ میں رکاوٹ ہیں ،تمام ایکشن ان ڈائریکٹ ٹیکسز پر لیا گیا ہے جس کا سارا بوجھ براہ راست عوام پر پڑے گا۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ٹیکس بارز کے ممبران سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔اس موقع پر سینئر نائب صدر پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن لاہور چیپٹر فاروق مجید،نائب صدور طاہر بشیر،ملک صولت ستار، جوائنٹ سیکرٹری سید عرفان حیدر شاہ اور دیگر بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس میں اضافے سے 2ہزار ارب روپے کی مہنگائی کا سونامی آئے گا۔

## غیر یقینی کی صورتحال معیشت کیلئے زہر قاتل ہے،اشرف بھٹی

### ملک کو دلدل سے نکالنے،درست سمت میں چلانے کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ ناگزیر

لاہور( این این آئی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے کہا ہے کہ سیاسی عدم استحکام اور غیر یقینی کی صورتحال معیشت کیلئے زہر قاتل ہے، ملک کو گھمبیر مسائل کی دلدل سے باہر نکالنے اور درست سمت میں چلانے کیلئے گرینڈ ڈائیلاگ ناگزیر ہو چکا ہے اور اس کیلئے بغیر کسی تاخیر کے پیشرفت ہونی چاہیے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں ملاقات کیلئے تاجروں کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر سرپرست اعلیٰ ظہیر بابر، مرکزی جنرل سیکرٹری محبوب علی سرکی، لاہور کے صدر میاں طارق فیروز، سینئر نائب صدور لاہور شیخ اختر، رفعت سنی ،نائب صدور لاہور مرزا اطہر بیگ، چوہدری نوید، جنرل سیکرٹری نعیم بادشاہ ،لاہور کے سینئر وائس چیئرمین ملک ناظم ،شہزاد بھٹی سمیت دیگر بھی موجود تھے۔ملاقات میں ریٹیلرز کیلئے مجوزہ ٹیکس اسکیم، مارکیٹوں میں پارکنگ کے مسائل اور تجاوزات کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔اشرف بھٹی نے کہا کہ گومگو کی صورتحال کی وجہ سے تاجروں سمیت ہر طبقہ پریشان ہے ، اس طرح کے حالات میں معیشت کبھی گروتھ نہیں دکھا سکتی۔وزیر اعظم شہباز شریف وژن رکھنے والے لیڈر ہیں انہیں چاہیے کہ غیر ملکی قرضے اتارنے کیلئے حکمت عملی مرتب کریں کیونکہ موجودہ حالات میں محصولات کا ایک بڑا حصہ قرضوں اوران پر سود کی ادائیگیوں کی مد میں چلا جاتا ہے اور ہم پھر صفر پر کھڑے ہوتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں سے اپیل ہے کہ خدارا ملک کے نازک حالات کا ادراک کریں اور غیر یقینی کی صورتحال کے خاتمے کیلئے اپنا اپنا کردار ادا کریں۔

## آئی پی پیز معاہدے:ایک پاور پلانٹ سے 750 روپے فی یونٹ بجلی خریدنے کا انکشاف

### میں نے ڈیٹا شیئر کر کے چالیس خاندانوں کے خلاف آواز اٹھائی کہ ان سے ملک کو بچایا جائے، گوہر اعجاز



اسلام آباد: (کامرس ڈیسک ) سابق وزیر تجارت گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ حکومت آئی پی پیز معاہدوں کی وجہ سے ایک پاور پلانٹ سے 750 روپے فی یونٹ بجلی خرید رہی ہے۔گوہر اعجاز کا کہنا ہے کہ میں نے ڈیٹا شیئر کر کے چالیس خاندانوں کے خلاف آواز اٹھائی کہ ان سے ملک کو بچایا جائے، حکومت کول پاور پلانٹس سے اوسطاً 200 روپے فی یونٹ بجلی خرید رہا ہے، سولر اور ونڈ پاور پلانٹس سے فی یونٹ 50 سے زائد میں خریدا جا رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ یہ تمام پاور پلانٹس 20 فیصد سے کم کیپسٹی پر چل رہے ہیں، ان آئی پی پیز کو 1.95 ٹریلین روپے کی ادائیگیاں ہو چکی ہے، ان آئی پی پیز کے بقایا 160 ارب روپے کی تصدیق ہو رہی ہے، حکومت ایک ایسے پاور پلانٹ کو 150 ارب روپے ادا کر رہی ہے جس کا لوڈ فیکٹر 15 فیصد سے کم ہے۔ سابق وزیر تجارت کا کہنا تھا کہ حکومت ایک ایسے پاور پلانٹ کو 140 ارب روپے ادا کر رہی ہے جس کا لوڈ فیکٹر 15 فیصد ہے، ایک ایسے پاور پلانٹ کو 120 ارب روپے ادا کر رہی ہے جو 17 فیصد لوڈ فیکٹر پر چل رہا ہے، حکومت 22 فیصد لوڈ پر چلنے والے پلانٹ کو 100 ارب روپے ادا کر رہی ہے۔ گوہر اعجاز نے کہا کہ حکومت تین پاور پلانٹس کو 370 ارب روپے ادا کر رہی ہے جو 15 فیصد لوڈ فیکٹر پر چل رہے ہیں، حل صرف ایک ہی ہے ”نو کیپسٹی پیمنٹس“، آئی پی پیز کو صرف بجلی کے پیداوار کی رقم ادا کی جائے، آئی پی پیز کے ساتھ بھی دیگر کاروبار کی طرح سلوک کیا جائے۔ گوہر اعجاز کا مزید کہنا تھا کہ آئی پی پیز میں 52 فیصد حکومت کے اور 28 فیصد پاکستانی پرائیویٹ سیکٹر کے ہیں، ہم 60 روپے فی یونٹ ان کرپٹ معاہدوں کی وجہ سے ادا کرتے ہیں۔

## جہلم پابندی کے باوجود نوجوان نسل ندی نالوں تالابوں اور دریائے جہلم کا رخ کرنے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم پابندی کے باوجود نوجوان نسل ندی نالوں، تالابوں اور دریائے جہلم کا رخ کرنے لگے، اس سال دریا، ندی نالوں سمیت دیگر تالابوں میں نوجوانوں کے ڈوبنے کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے۔شہریوں کے مطابق ان اموات کی بڑی وجہ حکومت کی جانب سے بجلی مہنگی کرنا ہے، بجلی مہنگی ہونے کے باعث گھروں کے سربراہان گھروں میں بے وقت پانی کی موٹریں چلانا بند کر رکھا ہے، جس کی وجہ سے نوجوان نسل دن کے اوقات میں ٹھنڈا پانی دستیاب نہ ہونے کے باعث گرمی کی شدت کم کرنے کے لئے دریاء، ندی نالوں اور تالابوں کا رخ کرتے ہیں، شہریوں کا مزید کہنا ہے کہ بجلی مہنگی ہونے کی وجہ سے نوجوان گرمی کی شدت کو کم کرنے کے لئے دریاؤں کا رخ کرتے ہیں۔ انتظامیہ نے دفعہ 144 نافذ کر رکھی ہے لیکن اس پر کہیں عملدرآمد ہوتا دکھائی نہیں دے رہا۔ جس کی وجہ سے آئے روز دریاء میں نوجوانوں کے ڈوبنے کے واقعات میں اضافہ ہو رہا ہے۔

پریس کلب اوکاڑہ
OKARA

ریجنل یونین آف جرنلسٹ پاکستان کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن راؤ عمر کی اوکاڑہ آمد پر گروپ فوٹو

## شہید کربلا حضرت سیدنا امام حسینؓ کے حوالے سے چھٹی کانفرنس

### دینی وسماجی شخصیات نے فلسفہ شہادت حضرت امام حسینؓ کے حوالے سے خطاب کیا

دیپال پور (تحصیل رپورٹر) محرم الحرام کے مقدس ماہ میں گزشتہ شام پاکستان تحفظ غریباں کے زیر اہتمام دیپال کی معروف دینی سیاسی وسماجی شخصیت، پاکستان تحفظ غریباں کے چیئر مین غفار علی کی رہائش گاہ لالہ زار کالونی دیپال پور سٹی میں بلوچستان کے معروف قائد سراج رئیسانی مرحوم رحمت اللہ علیہ کی روح کو ایصال ثواب کے لیے مظلوم کربلا وشہید کربلا حضرت سیدنا امام حسین چھٹی کانفرنس کا انعقاد کیا گیا مذکورہ کانفرنس میں تحصیل میونسپل کمیٹی دیپال پور کے سابق چیئر مین، مرکزی بزم غلام مصطفی کے لائف ٹائم صدر، ضلع اوکاڑہ کی امن کمیٹی کے معروف رہنماء، دینی سیاسی اور سماجی قائد الحاج سید محمد زاہد شاہ گیلانی، مولانا عمیر بھٹی، عاش حسین داؤدی و دیگر دینی و سماجی شخصیات نے فلسفہ شہادت حضرت امام حسین علیہ الصلوۃ والسلام خطاب کیا کہ حضرت سیدنا امام حسین علیہ الصلوۃ والسلام نے اپنے مقدس خاندان اور جیانثاروں کے ہمراہ 61 ہجری میں یوم حشر برپا ہونے تک حق وباطل کو انسانیت پر اجاگر کرنے کے لیے اس قدیم زمانے میں بے سروسامانی ہزاروں میل کی ہجرت کہ جس کی جد الانبیاء حضرت سیدنا آدم علیہ الصلوۃ والسلام سے لے کر موجودہ زمانے سے تا قیامت کوئی مثال نہیں ملتی حضرت سید امام حسین علیہ الصلوۃ والسلام نے کرب وبلا کے میدان میں اللہ رب العزت خالق ومالک کے ساتھ وہ تجارت کی جس کی رہتی دنیا تک کوئی مثال نہیں ملتی انہوں نے نوجوانان جنت کا حق ادا کرتے ہوئے اپنی اولاد اپنے مال اور بطور والدین اور اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے اللہ رب العزت خالق ومالک سے جنت کو خرید لیا اور یوم حشر حضرت سیدنا امام حسین کی مظلومیت کا ڈنکا بجتا رہے گا اور وقت کے ہر ظالم نمرود شداد فرعون یزید پلید جیسوں سے حق اور حقوق انسانی کی انسانیت کی خاطر ٹکرانے کا درس حاصل ہوتا رہے گا، تعزیتی ریفرنس میں بلوچستان کے رہنما سراج رئیسانی مرحوم رحمت اللہ علیہ کی ملکی خدمات کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور ان کے بلند درجات کی دعا کی گئی کانفرنس کے اختتام پر حاضرین میں لنگر حسینی پیش کیا گیا

## عارف نوشاہیؒ کی وفات پر تعزیتی اجلاس کا انعقاد



شرقپورشریف(نامہ نگار) نوشاہی طریقت کے عظیم روحانی پیشوا اور عالمی مبلغ اسلام حضرت سید پیر معروف حسین شاہ صاحب عارف نوشاہی رحمۃ اللہ علیہ کی وفات حسرت آیات کے سلسلہ میں ایوانِ فقر نوشاہیہ شرقپور شریف میں زیب مسند حضرت علامہ میاں نور محمد نصرت نوشاہی وجانشین زیب مسند صاحبزادہ میاں محمد صہیب سچیار نوشاہی ایک ہنگامی اجلاس منعقد ہوا۔جس میں علاقہ بھر میں رہنے والے نوشاہی سلسلہ کے وابستگان اور معززین شہر نے شمولیت کی۔اس میں حضرت پیر صاحب کی وفات پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا گیا اور مرحوم موصوف کی دینی، تبلیغی، روحانی،، رفاہی و سماجی اور تدریسی کارناموں کو بطور خاص خراج عقیدت پیش کیا گیا۔ پیر صاحب نے نوشاہی سلسلہ طریقت کے مشائخ عظام اور خصوصاً اپنے اسلاف بزرگوں کی تعلیمات کو اجاگر کرنے کے سلسلہ میں اور دین اسلام کی اشاعت کے لئے یو۔کے، پاکستان اور دیگر ممالک میں جا بجا درسگاہیں قائم کیں اور مساجد بھی۔ اپنے وطن ڈوگہ شریف میں ایک عظیم جامعہ تبلیغ الاسلام قائم کیا اور۔ رنمل شریف میں حضرت نوشہ گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کی مرکزی فیضان گاہ کے سامنے ایک عظیم الشان عمارت درسگاہ جامعہ نوشاہیہ کے نام سے ایک مرکزی دارالعلوم قائم کیا۔

## حافظ آباد میں چٹھہ داد کے قریب سوزو واٹر پارک سے 17 سالہ نوجوان کی نعش برآمد

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں چٹھہ داد کے قریب سوزو واٹر پارک سے 17 سالہ نوجوان کی نعش برآمد۔عمر ولد ندیم چشتی سکنہ محلہ کشمیر نگر کے جسم پر بارہ بور پسٹل کا فائر لگا ہوا ہے۔پولیس نے نعش کو قبضہ میں لیکر تفتیش شروع کر دی۔

## جہلم ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں شدید گرم، مرطوب موسم کی وجہ سے گیسٹرو کا مرض بڑھنے لگا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں شدید گرم، مرطوب موسم کی وجہ سے گیسٹرو کا مرض بڑھنے لگا، شہری ہوشیار رہیں، کھانے پینے میں خصوصی احتیاط کریں، ڈاکٹرز کا شہریوں سے مطالبہ، تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر کے علاقوں میں شدید گرم اور مرطوب موسم کی وجہ سے گیسٹرو کا مرض بڑھ رہا ہے۔ شدید گرم اور مرطوب موسم کی وجہ سے گیسٹرو کے کیسز میں اضافہ ہو رہا ہے۔ بچوں میں پیٹ درد، بخار اور ڈائریا کی شکایات بڑھنے لگی ہیں، اسپتالوں میں روزانہ کی بنیاد پر درجنوں کیسز رپورٹ ہو رہے ہیں۔ ڈاکٹرز کے مطابق گیسٹرو معدہ اور انتڑیوں کی سوزش کا مرض ہے جس کی علامات میں سر درد، بخار، پیٹ میں درد اور قے شامل ہے۔ڈاکٹرز نے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے اور کھانے پینے میں احتیاط برتنے کی ہدایت کی ہے۔ڈاکٹرز نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ پانی اُبال کر پیئیں، اس کے علاوہ باہر ٹھیلوں کی کھلی اشیا کھانے پینے سے گریز کریں۔

## دریائے چناب میں ڈوبنے والے دونوں نوجوانوں کی نعشیں چار روز کی طویل تلاش کے بعد مل گئیں

وزیر آباد (نامہ نگار) دریائے چناب میں ڈوبنے والے دونوں نوجوانوں کی نعشیں چار روز کی طویل تلاش کے بعد مل گئیں، ریسکیو کے غوطہ خوروں کی انتھک محنت پر شہریوں اور نوجوانوں کے اہلخانہ کی جانب سے اہلکاروں کے لئے دعائیں، اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد رب نواز چدھڑ دریا پر آپریشن کی نگرانی کرتے رہے۔ چار روز قبل گجرات سے تعلق رکھنے والے پختون فیملی کے نوجوان 17 سالہ صابر اور 18 سالہ اناز گل فیملی کے ہمراہ دریائے چناب پر پکنک منانے کے لیے آئے اور گرمی کی شدت کو کم کرنے کے لیے دریا میں نہانے لگے اور نہاتے ہوئے اچانک گہرے پانی میں چلے گئے اور تیز لہروں کی نظر ہو کر ڈوب گئے تھے۔نوجوانوں کی ڈیڈ باڈیز کو ریسکیو 1122 کے غوطہ خوروں نے چار روز کی طویل جدوجہد کے بعد دریا سے نکال لیا اس دوران ریسکیو آپریشن کی نگرانی اسسٹنٹ کمشنر وزیر آباد رب نواز چدھڑ کرتے رہے اور دریا کے کنارے موجود نوجوانوں کے اہلخانہ کو حوصلہ بھی دیتے رہے نعشیں ملنے پر متاثرہ فیملی کی جانب سے انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے متاثرہ خاندان نے ریسکیو اہلکاروں اور اسسٹنٹ کمشنر رب نواز چدھڑ کو دعائیں دی۔ریسکیو حکام کے مطابق نعشوں کو تدفین کے لئے آبائی علاقوں پشاور اور کاموکی روانہ کر دیا گیا ہے۔

## ماسٹر محمد اقبال کے بیٹے مبشر اقبال کی شادی کے موقع پر دعوت کا اہتمام

پاکپتن (محمد عمران جنجوعہ قوت) دیپال پور کانوائی گاؤں جنجوعہ والی آبادی میں ماسٹر محمد اقبال کے بیٹے مبشر اقبال کی شادی کے موقع پر دعوت کا اہتمام کیا گیا علاقہ کی بھرپور شرکت ۔ منعقدہ تقریب میں علاقہ بھر سے سیاسی سماجی صحافی ومذہبی شخصیات سمیت دوست احباب رشتے دار نے شرکت کی۔ مہمان خصوصی سدا بہار ایم پی اے ملک علی عباس کھوکھر صاحب نے خصوصی شرکت کی ماسٹر محمد اقبال جنجوعہ کی جانب شرکاء کیلئے پر تکلف اور خلوص ضیافت کا اہتمام کیا گیا۔

## طلبہ کو کمپیوٹر کی تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے تربیتی نشست

### نشست کی صدارت ریحان اللہ والا اسکول کراچی کے پرنسپل مفتی احسان حسینی نے کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) دارالعلوم محمدیہ پرانا اڈہ لاریاں میں طلبہ کو کمپیوٹر کی تعلیم سے آراستہ کرنے کیلئے تربیتی نشست کا آل صدیق ویلفیئر سوسائٹی بھکھی کے زیر اہتمام انعقاد کیا گیا جس کی صدارت ریحان اللہ والا اسکول کراچی کے پرنسپل مفتی احسان حسینی اور پروفیسر عثمان خالد شیخوپوری نے کی، اس موقع پر قاری عبدالحفیظ، مولانا انصر، مولانا طاہر، رانا غلام سرور، رانا محمد اشرف، رانا محمد اکرم، رانا اخلاق احمد آف نیویارک، رانا محمد الیاس، حافظ عبدالوہاب، حافظ سمیع، حافظ محمد خبیب سمیت طلبہ کی کثیر تعداد موجود تھی، مفتی احسان حسینی نے کمپیوٹر سیکشن کا دورہ کیا اور طلبہ کو دی جانیوالی آئی ٹی کی سہولیات کا جائزہ لیتے ہوئے انہیں سراہا اور منتظمین کو خراج تحسین پیش کیا، آرگنائزر رانا محمد اشرف نے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ طلبہ کو ماہر اساتذہ کی زیر نگرانی بیسک کمپیوٹر کورس، ڈیجیٹل مارکیٹنگ، گرافک ڈیزائنگ، ویڈیو ایڈیٹنگ، ایس ای او، ایمازون ورکنگ اور ویب ڈویلپمنٹ کورس بالکل مفت کروائے جا رہے ہیں ہماری کوشش ہے کہ دینی طلبہ ہنرمند بن سکیں، بعدازاں طلبہ سے خطاب کرتے ہوئے مفتی احسان حسینی نے کہا کہ دینی طلبہ کو جدید تعلیمی تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے دارالعلوم محمدیہ میں شروع کیا گیا کمپیوٹر کلاسز کا سلسلہ صدقہ جاریہ ہے جس کے تحت دینی تعلیم کے ساتھ طلبہ کو ہنرمند بنانے میں بھی مدد ملے گی اسلام دین فطرت ہے جس نے تعلیم و ہنر کے فروغ پر زور دیا گیا ہے، پروفیسر عثمان خالد شیخوپوری نے کہا کہ دینی طلبہ کو تعلیم کی فراہمی کے ساتھ ساتھ بہترین تربیت کا اہتمام بھی ضروری ہے جس پر دارالعلوم محمدیہ کی انتظامیہ بھرپور توجہ دے رہی ہے کمپیوٹر کورسز کا اجراء بھی نہایت خوش آئند اقدام ہے جس کی تقلید دیگر مدارس کو بھی کرنی چاہئے یہ دور حاضر کے تقاضوں کے تحت ناگزیر ہے۔

## سیدنا حضرت امام حسینؓ کے سیرت وکردار اور کارناموں سے تاریخ اسلام کے صفحات روشن، ارسلان کیانی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) نواسۂ رسولؐ، جگر گوشہ بتولؓ سیدنا حضرت حسینؓ وہ عظیم ہستی ہیں کہ جن کے فضائل و مناقب، سیرت و کردار اور کارناموں سے تاریخ اسلام کے صفحات روشن ہیں، سیدنا حضرت حسینؓ نے اپنے نانا حضور اکرمؐ سے بے پناہ شفقت ومحبت کو سمیٹا اور سیدنا حضرت علیؓ کی آغوش محبت میں تربیت و پرورش پائی، حضرت سیدنا حسینؓ کی ذات مبارکہ تمام صحابہؓ کے لئے انتہائی عقیدت واحترام اور محبت وتکریم کا مرکز تھی، ان خیالات کا اظہار ناظم اعلیٰ مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان ارسلان کیانی، ناظم اطلاعات ونشریات مسلم سٹوڈنٹس آرگنائزیشن پاکستان بلال ربانی نے میڈیا سے مشترکہ گفتگو کرتے ہوئے کیا، مرکزی ناظم اعلیٰ ایم ایس او پاکستان ارسلان کیانی کا کہنا تھا کہ حضرت حسینؓ کی ذات مبارکہ تمام صحابہؓ کے لئے انتہائی عقیدت واحترام اور محبت وتکریم کا مرکز تھی، یہی وجہ ہے کہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اپنی زندگی کے 57 برس مدینہ منورہ میں عام صحابہ کرامؓ اور ان کی اولادوں کے درمیان بسر فرمائے، خلیفہ اوّل سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ، سیدنا حضرت عمر فاروقؓ اور سیدنا حضرت عثمان ذوالنورینؓ سمیت تمام صحابہؓ کو بھی حسنین کریمینؓ اور خاندانِ نبوت ﷺ سے بہت زیادہ عقیدت ومحبت اور اُلفت تھی، انہوں نے مزید کہا کہ حضرت حسن اور حضرت حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہما خاندانِ نبوت اور صحابہ کرامؓ کی دو روشن آنکھیں ہیں۔

CRIME & COURT
جرم وسزا

## ای، پی، آئی پروگرام ویکسی نیٹر کی عدم دلچسپی مدھریانوالا میں بچوں کو حفاظتی ٹیکے نہ لگ سکے

### 1 سالہ عروش عثمان پیدائشی ٹیکہ کے بعد تاحال حفاظتی ٹیکوں سے محروم نمائندہ ڈبلیو ایچ او سے فوری نوٹس کا مطالبہ

حافظ آباد(ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ صحت حافظ آباد کا ای، پی، آئی پروگرام ویکسی نیٹر کی عدم دلچسپی مدھریانوالا میں متعدد بچوں کو وقت پر حفاظتی ٹیکے نہ لگ سکے، 1 سالہ عروش عثمان پیدائشی ٹیکہ کے بعد تاحال حفاظتی ٹیکوں سے محروم نمائندہ ڈبلیو ایچ او سے فوری نوٹس کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق یونین کونسل سونگلی اعوان کے قصبہ مدھریانوالا میں ای، پی،ای آئی پروگرام مبینہ طور پر غیر فعال دکھائی دینے لگا، محکمہ صحت حافظ آباد کے ذمہ دار آفیسران اور یوسی ویکسی نیٹر کی عدم دلچسپی کے باعث متعدد بچوں کو مقررہ وقت پر حفاظتی ٹیکے نہ لگ سکے ویکسی نیٹر کے انتظار اور عدم دستیابی سے والدین نے بنیادی مرکز صحت کوٹ نواں میں جا کر خود حفاظتی ٹیکے لگوائے جبکہ مذکورہ بالا گاؤں کی رہائشی خاتون نے یاسمین نے بتایا کہ میری بیٹی عروش عثمان 1 سال سے اوپر ہو چکی ہے۔ پیدائشی ٹیکہ کے بعد آج تک اس کو کوئی بھی حفاظتی ٹیکہ نہ لگا ہے اور نہ ہی کسی نے اس بابت ہم سے پوچھا دوسری جانب متعدد بچوں کے والدین کا کہنا ہے کہ ہم ٹیکے لگانے والی ٹیم کا انتظار کرتے رہتے ہیں وہ گاؤں میں آکر ٹیکے لگاتے ہی نہیں جس کی وجہ سے ہمارے بچوں کو بروقت حفاظتی ٹیکے نہیں لگ پاتے بعد ازاں خود حافظ آباد یا بنیادی مرکز صحت کوٹ نواں گھگو کا سے مذکورہ ٹیکے لگواتے ہیں۔ انھوں نے نمائندہ ڈبلیو ایچ او سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

## دیہات اور مین شاہراؤں کو شہر سے ملانے والا یونس روڈ خستہ حال

### بارش اور سیوریج کا پانی جمع ہونے سے مچھروں کی افزائش میں اضافہ

نارنگ منڈی (میاں عظم سے) درجنوں دیہات کو شہر سے ملانے والا یونس روڈ خستہ حالی کا شکار گہرے کھڈوں سے گاڑیاں تباہ اہل علاقہ کا گزرنا محال بارش اور سیورج کا پانی جمع ہونے سے مچھروں کی افزائش نسل جاری اہل علاقہ کی مشکلات میں اضافہ تفصیل کے مطابق نارنگ شہر میں داخل ہونے کے لئے اہم شاہراہ یونس روڈ جس کی تعمیر ومرمت مسلم لیگ ق کے دور حکومت ہوئی عرصہ پندرہ سال سے زائد گزر جانے پر بھی تاحال اس کی تعمیر ومرمت نہ ہو سکی اہم ترین شاہراہ میں گہرے کھڈے بن چکے شاہراہ کا نام ونشان ختم ہو کر رہ گیا ہے جس سے گاڑیاں تباہ ہو رہی اہل علاقہ کا گزرنا ناممکن ہو چکا ہے شہر کی داخلی شاہراہ ہونے کی وجہ سے انتہائی اہمیت کی حامل ہے اہل علاقہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے وفاقی وزیر صنعت وپیداوار رانا تنویر حسین ممبر قومی اسمبلی رانا احمد عتیق انور ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض سمیت ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ سے اہم ترین شاہراہ کی فوری تعمیر کا مطالبہ کیا ہے۔

## مصطفی آباد:منشیات فروش لاکھوں روپے کی آئس اور ڈرون سمیت گرفتار

### ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سید نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مارا

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) پولیس تھانہ مصطفی آباد کی کامیاب کاروائی: منشیات کا سپلائر لاکھوں روپے کی آئس اور ڈرون سمیت گرفتار، ملزم عنایت اللہ کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی آدھا کلوگرام آئس، ڈرون کیمرہ اور دو پسٹل برآمد،تفصیلات کے مطابق ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر پولیس تھانہ مصطفی آباد کی کامیاب کاروائی: ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سید نے خفیہ اطلاع پر چھاپہ مار کر نواحی گاؤں وڈارہ سے کاہنہ کا رہائشی منشیات فروش عنایت اللہ کو گرفتار کر کے ملزم کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کی آدھا کلوگرام آئس، ڈرون کیمرہ اور دو پسٹل برآمد کر لیا گیا،ملزم منشیات سپلائی کیلئے ڈرون کیمرہ استعمال کرتا تھا جو کہ ڈرون آدھا سے ایک کلوگرام تک آسانی سے لے جاتا تھا ،ملزم عنایت نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ وہ بدنام زمانہ کالے خاں میو کی منشیات سپلائی کرتا ہے، تھانہ مصطفی آباد پولیس نے عنایت اللہ اور کالے خاں کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی، ڈی پی او محمد عیسیٰ خاں کی ہدایت پر ضلع بھر میں منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری ہیں۔

## گوبر نالے میں پھینکنے پر مقدمہ درج

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) جانوروں کا گوبر اور پیشاب سرکاری نالہ میں پھینکنے پر پندرہ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج انفورسمنٹ انسپکٹر میونسپل کمیٹی ڈسکہ نے اپنی ٹیم کے ہمراہ ڈسکہ کلاں میں چھاپہ مارا تو ملزمان شمس گجر،تنہا، ذوالفقار، سلیم، یونس، طارق و دیگر نے اپنے جانوروں کا گوبر اور پیشاب سرکاری نالہ میں پھینکا ہوا تھا۔

## سات ملزمان کا تین افراد پر تشدد

ڈسکہ(تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) لڑائی جھگڑے کے تین مختلف واقعات میں سات ملزمان کا تین افراد پر تشدد ڈسکہ کا عثمان حیدر اپنی دوکان پر موجود تھا کہ موٹر سائیکل اور رکشہ کی ٹکر ہونے سے بیچ بچاؤ کروایا تو اسی دوران ملزمان منور، سبحان، طیب اور حمزہ نے اس کو تشدد کا نشانہ بنا کر زخمی کر دیا۔

## اوکاڑہ میں پولیس مقابلہ،انتہائی خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ میں پولیس مقابلہ۔ انتہائی خطرناک ڈاکو زخمی حالت میں گرفتار، تین فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس ترجمان کے مطابق ابتدائی تفتیش میں زخمی ڈاکو کی شناخت شیر محمد عرف لنڈا فوجی سکنہ 39/D کے نام سے ہوئی زخمی ڈاکو ڈکیتی اور راہزنی کی 27 سے زائد سنگین جرائم میں ملوث نکلا۔ محسن رضا نامی شہری نے 15 پر پولیس کو اطلاع دی کہ 04 ڈاکو گجر چوک کے قریب سے موٹر سائیکل اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے ہیں تھانہ سٹی دیپالپور پولیس نے فوری ریسپونڈ کرتے ہوئے ملزمان کا تعاقب شروع کیا دیارام کے نزدیک ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی کو دیکھ کر مختلف اطراف سے سیدھی فائرنگ شروع کر دی پولیس پارٹی نے حق حفاظت خود اختیاری کے تحت جوابی فائرنگ کی ڈاکوؤں کی اپنی ہی فائرنگ سیان کا اپنا ہی ایک ڈاکو زخمی ہو گیا جس کو پولیس نے گرفتار کر لیا۔ جبکہ تین ڈاکو فرار ہو گئے زخمی ڈاکو کے قبضہ سے چھینی گئی موٹر سائیکل، رقم، موبائل فون اور اسلحہ برآمد کر لیا گیا فرار ہونیوالے ڈاکوؤں کی گرفتاری کیلئے سپیشل ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں۔ زخمی ڈاکو کو برائے علاج معالجہ ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

## گیس لیکیج سے گھر میں آگ بھڑک اٹھی تین بہن بھائی بری طرح جھلس گئے حالت تشویشناک

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گیس لیکج سے گھر میں آگ بھڑک اٹھی تین بہن بھائی بری طرح جھلس گئے حالت تشویشناک۔نواحی موضع چک پڑوپیاں کے اللہ دتہ کے گھر میں کچن کے چولہے کا پائپ اترا ہوا تھا جس سے کمرہ میں گیس جمع ہو گئی چھوٹے بچے طیب حسن نے آگ جلائی تو زوردار دھماکہ سے آگ بھڑک اٹھی جس نے کچن سمیت پورے گھر کو لپیٹ میں لے لیا جس سے سات سالہ طیب حسن آٹھ سالہ طاہر اور نو سالہ انقلاب فاطمہ بری طرح جھلس گئے گھر اور سامان بھی جل گیا تینوں بہن بھائیوں کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال ڈسکہ پہنچا دیا گیا۔

## نارنگ منڈی میں آئس کے نشے اور چرس کی فروخت نوجوان نسل تباہ

### جگہ جگہ منشیات فروشوں کے ڈیرے چرس کی بدبو سے سانس لینا محال

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) نارنگ شہر اور گردونواح میں جگہ جگہ نشئیوں نے ڈیرے جمالیے چرس اور آئس کی فروخت جاری نوجوان نسل تباہی کے دھانے پر ہر گلی محلے میں چرس کی بدبو سے سانس لینا محال منشیات فروشی سے اہل علاقہ شدید پریشان تفصیل کے مطابق نارنگ منڈی میں منشیات فروشوں اور نشئیوں نے ڈیرے جمالیے ہیں سرعام آئس اور چرس کی فروخت جاری ہے کوئی پوچھنے والا نہیں عرصہ دراز سے کوئی بھی منشیات فروش پولیس کے شکنجے میں نہیں آیا گلی محلوں میں نشئیوں کے ٹولے گشت کرتے رہتے ہیں جس سے اہل محلہ شدید پریشان ہیں نشئی ناصرف گلیوں میں نشہ کرتے نظر آتے ہیں بلکہ نشہ فروخت کرتے ہیں جس سے نوجوان نسل نشے کی لت کا شکار ہو رہی ہے جبکہ عوامی پارکوں میں چرس کی بدبو سے سانس لینا محال ہو چکا ہے۔

## امام حسین علیہ السلام کا قتل کائنات کی سب سے بڑی توہین رسالت تھی، صاحبزادہ جواد نظامی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) امام حسین علیہ السلام کا قتل کائنات کی سب سے بڑی توہین رسالت تھی صاحبزادہ جواد نظامی امام حسین علیہ السلام نے یزید کی بیعت سے انکار کر کے قیامت تک کے مسلمانوں اور انسانوں کے لئے حق پرستی کی نا ختم ہونے والی مثال قائم کر دی امام حسین علیہ السلام کا قتل کائنات کی سب سے بڑی توہین رسالت تھی آپ کو آپ کے خاندان کے ساتھ صرف کلمہ حق بلند کرنے اور ظالم فاسق حکمران کی بیعت نہ کرنے پر شہید کر دیا گیا جس گلے کو حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چومتے تھے اس گلے پر تلواریں چلائی گئی آپ نے اپنا خاندان اور رفقا کو شہید کروا کر قیامت تک اسلام کو ہر قسم کے یزیدوں سے محفوظ کر دیا آپ علیہ السلام کے تمام ساتھیوں کی عظیم قربانی کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار شہزادہ خانوادہ چشت صاحبزادہ جواد نظامی نے بمباانوالہ میں منعقدہ سالانہ لبیک یا حسین علیہ السلام کانفرنس سے کیا اس موقع پر سابقہ چیئرمین بلدیہ ڈسکہ خواجہ عاطف رضا پاشی قاری ذوالفقار علی سیالوی پروفیسر طارق جرال حامد مغل محمد ناصر مغل رانا راشد محمد قمر الدین رانا محمد صغیر بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے کانفرنس میں مبلغ ادارہ المصطفی حافظ محمد یامین مصطفائی علامہ ابوبکر کیلانی عثمان مدنی علامہ حافظ عزیز الرحمن استاد العلماء علامہ محمد احمد رضا نورانی حافظ آبادی نے خصوصی خطابات فرمائے۔

## ایم او ریگولیشن رانا ثقلین کا تجاوزات مافیا کیخلاف کریک ڈاؤن

### تجاوزات مافیا کیجانب سے مزاحمت، 3افراد گرفتار کئے، رانا ثقلین محمود

سیالکوٹ ( ڈسٹرکٹ بیورو چیف خواجہ عامر جاوید)میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ کا رات گئے تجاوزات مافیا کے خلاف آپریشن،لہائی بازار، گندم منڈی ،گڑ منڈی، امام صاحب روڈ اور نیکاپورہ پل ایک پر تجاوزات کو ہٹا دیا گیا،لہائی بازار میں تجاوزات مافیا کی ہلڑ بازی ،تہہ بازاری وین کا شیشہ توڑنے پر 3 افراد کے خلاف تھانہ کوتوالی میں مقدمہ درج کر کے گرفتار کر لیا گیا۔ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت کے مطابق سڑکوں اور بازاروں کو ہر قسم کی تجاوزات سے پاک کرنے کیلئے ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن کی زیر نگرانی مہم کامیابی سے جاری ہے۔ ایم او ریگولیشن میونسپل کارپوریشن سیالکوٹ رانا ثقلین محمود نے بتایا کہ تجاوزات کنندگان کو از خود تجاوزات کے خاتمہ کیلئے نوٹس اور وارننگ جاری کی گئیں تھیں۔انہوں نے کہا کہ تجاوزات قابل گرفت فوجداری جرم ہے جس میں جرمانے اور قید کے علاوہ تجاوزات کو مسمار کیا جا سکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ دکان اپنا سامان دکانوں کی حدود کے اندر رکھیں اور ریڑھی بان پھیری لگا کر سامان فروخت کریں۔

## رانا خالد محمود کی زیر صدارت عوامی محاذ کے اجلاس کا انعقاد

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی ) محرم الحرام اور عاشورہ کے موقع پر سیکورٹی اور صفائی ستھرائی کے مثالی انتظامات کرنے پر ڈی پی او فیصل گلزار اور ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد کی کاوشوں کو جتنا بھی سراہا جائے وہ کم ہے جس کی وجہ سے ضلع بھر میں کسی بھی جگہ پر کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آیا اور ان ایام میں تمام مسالک کے راہنماؤں علماء وذاکرین نے امن وامان کی فضا کو قائم رکھنے میں جو کردار ادا کیا۔اس پر وہ بھی تحسین کے مستحق ہیں۔ان خیالات کا اظہار رانا خالد محمود کی زیر صدارت عوامی محاذ کے ایک اجلاس میں کیا گیا۔اجلاس میں کہا گیا کہ محرم الحرام کے ایام میں امن وامان کی فضا کو قائم رکھنے میں ڈی پی او فیصل گلزار اور ڈپٹی کمشنر سندس ارشاد خود ہمہ وقت فیلڈ میں موجود رہ کر جس طرح تمام مسالک کے راہنماؤں اور ضلع کی سرکردہ شخصیات سے رابطے میں رہے اسکی ماضی میں مثال ملنا مشکل ہے۔

## ہارون شہید پائلٹ سیکنڈری سکول شرقپور شریف کے ممتاز معلم میاں محمد صہیب سچیار نوشاہی مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد ریٹائر ہو گئے

شرقپور شریف (نامہ نگار) ہارون شہید پائلٹ سیکنڈری سکول شرقپور شریف کے ممتاز معلم میاں محمد صہیب سچیار نوشاہی جو اپنی مدت ملازمت پوری کرنے کے بعد 20 جولائی کو ریٹائر ہو گئے انکے اعزاز میں سکول کی لائبریری ہال میں الوداعی تقریب منعقد ہوئی۔جس میں سکول کے پرنسپل جناب سرفراز احمد صاحب اور انکے حقیقی برادر جناب خالد پرویز صاحب جو جھنگ میں بطور ڈی سی اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں خصوصی طور پر طور پر اس تقریب میں شمولیت کی اور اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا اور پھر خاص طور پر ان کے والد گرامی جو کہ یہاں سابق استاد بھی رہے ہیں جناب محترم اکبر صاحب وہ بھی ان کے ہمراہ تھے تو اس طرح سے ماضی حال میں آیا۔جبکہ جناب ملک خرم شہزاد، جناب مطیع اللہ صاحب جو میاں محمد صہیب سچیاد نوشاہی صاحب کے شاگرد بھی رہے انہوں نے اپنی شاگردی کا اعتراف بھی کیا اور اپنی اس شاگردی کے زمانے کا اظہار بھی کیا اور بطور استاد اب وہاں پہ اپنی ڈیوٹی سرانجام دے رہے ہیں۔ان کے علاوہ شیخ نورالہی، جناب ملک ندیم خالد، جناب محبوب علی، جناب محمد ایوب، اختر حسین پی ای ٹی جناب سید شبیر حسین شاہ جو کہ حال ہی میں ریٹائر ہوئے ان کے علاوہ سینئر صحافی جناب اشفاق انور اور عامر مجید نوشاہی نے بھی اس تقریب میں خصوصی طور پر شرکت کی اور میاں محمد صہیب سچیاد نوشاہی صاحب کی ادارہ کے لئے پیش کی جانے والی خدمات کو سراہتے ہوئے انکے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔آنے والے مہمانوں کی کھانے سے تواضع بھی کی گئی۔

## اوکاڑہ3 نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ 3 نامعلوم افراد فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کر دیا۔واقعہ کسی سابقہ رنجش یا دشمنی کا شاخسانہ دکھائی دے رہا ہے پولیس زرائع۔ بتایا گیا ہے کہ بصیر پور کے نواحی علاقہ موضع پوران تیجیکا سکنہ واں سڑک والی میں محمد ظفر والد محمد حسن تیجیکا وٹو عمر تقریباً 60 سے 65 سال جو اپنے کھوہ پر جانوروں کا دودھ دوھنے کے لیے گیا جس کو تین نامعلوم ملزمان نے فائر مار کر قتل کر دیا پولیس نے موقع پر پہنچ کر ضروری کاروائی کے بعد ڈیڈ باڈی ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔ ڈی ایس پی ذوالفقار علی وریا۔ ایس ایچ او طاہر وحید جٹ نے موقع پر پہنچ کر کاروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ پولیس زرائع کے مطابق واقعہ کسی سابقہ رنجش یا دشمنی کا شاخسانہ لگتا ہے پولیس نامعلوم ملزمان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مار رہی ہے۔۔ پولیس نے سائنسی بنیادوں پر تفتیش شروع کر دی ہے بعد از تفتیش اصل حقائق سامنے آئینگے۔

## گزشتہ رات لاہور جڑانوالہ روڈ اسپائیر کالج کے سکیورٹی گارڈ سلیم عباس کے ساتھ ڈکیتی کی واردات

شرقپور شریف (نامہ نگار) گزشتہ رات لاہور جڑانوالہ روڈ ،اسپائیر کالج کے سکیورٹی گارڈ سلیم عباس کے ساتھ ڈکیتی کی واردات ہوئی، سلیم عباس کھانا کھانے جا رہا تھا کہ پنجاب کالج کے سامنے پیچھے سے آنے والے دو موٹر سائیکل سواروں نے اسے گن پوائنٹ پر روکا اور اس سے قیمتی موبائل اور 30000 روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے جس کی رپٹ تھانہ شرقپور شریف میں درج کروا دی گئی ،اہلیان علاقہ نے اعلی حکام سے شرقپور وگردونواح میں بڑھتی ہوئی چوری ڈکیتی کی وارداتوں کو فوری کنٹرول کرنے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ شہری سکھ کا سانس لے سکیں۔

## بلڈنگ انسپکٹر رحمت انصاری کی میونسپل کارپوریشن میں مبینہ طور پر کرپشن سامنے آگئی

### پلازہ مالکان روڈ کی جگہ بھی پلازہ میں شامل کرنے لگے

گوجرانوالہ( بیورو قوت رانا ظفر اقبال) میونسپل کارپوریشن گوجرانوالہ کا بلڈنگ انسپکٹر رحمت انصاری نے کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے،راشی آفیسر نے شیخوپورہ روڈ پر واقع ایک غیر قانونی بلڈنگ تعمیر کروا رکھی ہے،جس کا نہ نقشہ منظور ہے اور نہ ہی سیٹ بیک چھوڑا ہوا ہے۔ پلازہ مالکان نے روڈ کی جگہ بھی پلازہ میں شامل کر رکھی ہے بلڈنگ مالکان پر محکمہ ہائی وے کی طرف سے ایف آئی آر کا اندراج بھی ہو چکا ہے۔رحمت انصاری نے اپنی سرپرستی میں غیر قانونی بلڈنگ اور ناجائز تجاوزات قائم کروا رکھی ہیں۔اور کرپشن کا بازار گرم کر رکھا ہے،گوجرانوالہ میں جگہ جگہ ناجائز تجاوزات قائم ہیں اندرون بازار اور گردونواع میں غیر قانونی بلڈنگ قائم ہونے کی وجہ سے حکومت کو کڑوروں کا نقصان ہو رہا ہے اور کرپٹ راشی رحمت انصاری مال بٹورنے میں مصروف ہے،اعلی حکام سے نوٹس لینے کی اپیل ہے

## آئی پی پیز کے ساتھ معاہدوں کی وجہ سے آج ہماری انڈسٹری پر تالے لگنا شروع ہو چکے، عبدالجبار رضا

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی) حافظ آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے سینئر وائس چیئرمین چوہدری شفقت حسین تارڑ اور وائس چیئرمین عبدالجبار رضا انصاری نے چیمبر آف کامرس کے آفس میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2015 میں حکومت نے آئی پیز کے ساتھ جو معاہدے کئے اسکی وجہ سے آج ہماری انڈسٹری پر تالے لگنا شروع ہو چکے ہیں اور ان معاہدوں نے غریب عوام کی کمر توڑ کر رکھ دی ہے۔جبکہ ان معاہدوں میں پاکستان کے دو سابق وزیر شامل ہیں جنکی وجہ سے آج پوری پاکستانی قوم پر بجلی کے بلوں کے بوجھ تلے دبتی چلی جارہی ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت یا تو چالیس آئی پیز کو بچالے یا چوبیس کروڑ پاکستانیوں کو کو بچالے۔کیونکہ جو بجلی عوام کو پچیس روپے میں ملنے چاہئے وہ ساٹھ روپے میں مل رہی ہے۔حکومت کو چاہئے کہ وہ غریب عوام کا ان آئی آئی پیز کے مظالم سے بچائے اور جہاں سے سستی بجلی ملے وہاں سے لے کیونکہ عوام بجلی کے بلوں میں ہوشربا اضافے کی وجہ سے اب خودکشیاں کر رہے ہیں جبکہ ملک کی پچیس فیصد تک انڈسٹری بند ہو چکی ہے۔

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ،اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003 شعبہ اشتہارات

### بقیہ بقیہ جات 1

خان نے بیان دیا کہ شہریوں پر براہ راست فائرنگ ہوگئی، بنوں میں تاجروں کا ایک امن مارچ تھا، تحریک انتشار کے لوگ بھی شامل ہوئے، 9 مئی کو بھی ان کا بیانیہ عوام کو فوج سے لڑانے کا تھا۔ اتوار کو یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کچھ حقائق عوام کیسامنے رکھنا چاہتا ہوں، پی ٹی آئی ملکی معیشت کو تباہ کرنا چاہتی ہے، یہ ہمیشہ لاشوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ عطا تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی ملکی معیشت کو تباہ کرنا چاہتی ہے، ملک میں ایک سیاسی جماعت کو تحریک انتشار کہتے ہیں، یہ ہمیشہ لاشوں کی تلاش میں رہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے بانی چیئرمین نے کہا کہ ہم اتنے طالبان کو واپس لا کر بسا رہے ہیں، آپ کو ہمیشہ طالبان خان کہا جاتا تھا اور آپ طالبان کے ہمدرد تھے، آپ کے اندر تشدد کی سیاست رچی بسی ہے، یہ جو تحریک طالبان پاکستان تحریک انصاف ہے، یہ آج بھی اس کوشش میں ہے کہ کہیں سے سیاست کے لیے لاشیں مل جائیں۔

### بقیہ بقیہ جات 2

کمپنیوں کو گزشتہ تین ماہ میں 169 ارب 36 کروڑ ادا کیے گئے۔ واپڈا کے 21 بجلی گھر 21 فیصد کپیسٹی پر چل سکے لیکن واپڈا کے بجلی گھروں کو 21 ارب 27 کروڑ کپیسٹی چارجز ادا کیے گئے۔ کے پی حکومت کی ملکیت مالاکنڈ تھری بجلی گھر 40 فیصد کپیسٹی پر چلا لیکن مالاکنڈ تھری بجلی گھر نے 100 فیصد جنریشن کپیسٹی کے لحاظ سے 20 کروڑ چارجز لیے۔ پنجاب حکومت کی ملکیت قائداعظم تھرمل 42 فیصد چلا لیکن 11 ارب 52 کروڑ وصول کیے۔ پنجاب تھرمل پاور کمپنی کے بند بجلی گھر کو بغیر کسی یونٹ کے عوض 10 ارب 64 کروڑ روپے ادا کیے گئے جبکہ پنجاب کا قائداعظم سولر 3.16 فیصد چل کر 2 ارب 41 کروڑ لے گیا۔ وفاقی حکومت کی 3 جنکوز صرف 8.5 فیصد چل کر 5 ارب 95 کروڑ کپیسٹی چارجز لے گئیں۔

### بقیہ بقیہ جات 3

زیریں کے مانیٹائزیشن لینے والے افسران سے گاڑیاں واپس لینے کے احکامات جاری کردیے۔ ایاز صادق نے واضح کیا کہ مانیٹائزیشن لینے والے افسران قواعد کے مطابق ادائیگی کر کے گاڑی استعمال کریں، افسران اور ایم این ایز پرانی سرکاری گاڑیوں کو بھی احتیاط سے چلائیں۔ اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے اپنے لیے بھی نئی گاڑی لینے سے انکار کردیا۔ اسپیکر قومی اسمبلی نے اپنا پروٹوکول بھی انتہائی محدود کردیا جو صرف 2 گاڑیوں پر مشتمل ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 4

خیبر پختونخوا پولیس کے افسروں اور جوانوں کی قربانیوں کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا، دہشتگردی سے نمٹنے کے لیے قوم ایک ہے اور ہر سطح پر غیر معمولی عزم کا اظہار کیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 5

قیمت 2 روپے کم ہوگی، 200 یونٹ والے 2 کروڑ 80 لاکھ صارفین کی سہولت اور تحفظ یقینی بنائیں گے۔ اویس لغاری نے کہا کہ آئی پی پیز کپیسٹی پیمنٹ تبدیل نہیں ہوگی، معاہدوں کی شرائط میں نرمی کیلئے کوشاں ہیں، آئی پی پیز کیلئے ریکوڈک کی طرح غیر ذمہ داری نہیں دکھائیں گے، سیاسی بیان بازی کرنا بہت آسان ہے، ہم مکمل ذمہ داری کے ساتھ کام کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 2013 سے 2018 میں بننے والے بجلی گھروں کی بجلی استعمال نہ ہونا مسائل کی وجہ ہے۔ 2017-18 کے بعد ملکی ترقی رکنے پر بجلی کی مانگ بڑھنا ختم ہوگئی، سابق نگران وزراء نے اپنے دور میں کچھ کیا نہیں اور اب سیاسی بیان بازی کررہے ہیں۔ موجودہ حکومت کو ابھی تین چار ماہ ہی ہوئے ہیں، مسائل کا حل جلد نکال لیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 6

مشورہ دے ڈالا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی نے تو کھلے الفاظ میں بتادیا ہے کہ حکومت نے بجٹ سمیت کئی اہم امور سرانجام دینے کیلئے ان سے مشورہ ہی نہیں کیا۔ انہوں نے بتایا کہ میں نے شروع سے خدمت کی سیاست کی ہے، حکومت میں ہوں یا اپوزیشن کا حصہ عوامی خدمت کا مشن جاری وساری رہے گا۔ میاں منظور احمد وٹو نے موجودہ سیاسی تناظر پر بتایا کہ وہ قطعاً کسی بھی سیاسی جماعت پر حکومتی سطح پر پابندی لگادینے جیسے اقدامات کے حق میں نا ہیں نا ہی یہ جمہوری طرز عمل ہے۔ منظور احمد وٹو نے بتایا کہ پیپلز پارٹی موجودہ حکومتی سیٹ اپ کا اہم ترین حصہ ہے، ان سے بجٹ سمیت دیگر کئی حکومتی امور بارے مشاورت نا کرنا درست قدم نہیں ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 7

رانا اقبال سمیت 4 سے 5 ارکان کی کابینہ میں شمولیت کا امکان ہے جبکہ جنوبی پنجاب سے بھی 2 افراد کی کابینہ میں شمولیت متوقع ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ منشاء اللہ بٹ، سلطان حیدر علی خان کے نام بھی زیر غور ہیں۔ ذرائع کے مطابق صوبائی کابینہ میں توسیع کے حوالے سے حتمی فیصلہ مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف سے مشاورت کے بعد کیا جائے گا۔ واضح رہے کہ اس وقت پنجاب کابینہ میں ایک سینیئر وزیر، 17 وزرا، ایک مشیر اور 2 معاون خصوصی کے ساتھ ارکان کی تعداد 21 ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 8

ہے۔ پاکستان نے فرینکفرٹ جرمنی میں انتہاپسند گروہ کی جانب سے اپنے قونصل خانے پر حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ جرمن حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ویانا کنونشنز کے تحت ذمہ داریوں کو پورا کرے۔ جرمنی میں پاکستانی سفارتخانہ نے فرینکفرٹ قونصل خانے میں توڑ پھوڑ کی شدید مذمت کی ہے۔ پاکستان سفارتخانہ کی جانب سے جاری بیان میں بتایا گیا کہ پاکستانی سفارت خانہ جرمن حکام سے رابطے میں ہے، اس بات کو یقینی بنایا جائے گا کہ ایسی صورتحال دوبارہ نہ ہو۔ بیان میں کہا گیا کہ شرپسندوں کو قانونی نتائج کا سامنا کرنا پڑے گا، پاکستانی سفارتخانہ نے اپنی کمیونٹی سے صبر اور سکون سے رہنے کی اپیل کی۔

### بقیہ بقیہ جات 9

نہیں، جناح میڈیکل سینٹر کی سہولیات سے دیگر علاقوں کے لوگ بھی مستفید ہوں گے، بجلی کا بحران تھا تو جذبات میں کہہ گیا 6 ماہ میں لوڈشیڈنگ کا خاتمہ ہوگا، میرا بہت مذاق اڑایا گیا، عزت رکھنے والا ہے تو پھر آپ نے دیکھا ملک بھر میں جاری 20، 20 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ختم ہوگئی۔ اتوار کو جناح میڈیکل کمپلیکس کا سنگ بنیاد رکھنے کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ نواز شریف کی قیادت اور مخلوط حکومت کا جڑواں شہروں کے لئے ہی نہیں بلکہ کے پی، کشمیر، گلگت بلتستان کے مریضوں کے لئے بھی تحفہ ہوگا۔ یہاں نرسنگ سکولز اور جدید لیب بنیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس جدید ہسپتال میں پیچیدہ ترین امراض کا علاج ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 10

شفقت محمود کا کہنا تھا کہ بہت سوچ و بچار کے بعد سیاست چھوڑنے کا فیصلہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ سیاست چھوڑنے کا فیصلہ کسی دباؤ کی وجہ سے نہیں کیا اور میرا کسی اور سیاسی جماعت میں جانے کا ارادہ نہیں ہے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ 34 سال قبل سرکاری ملازمت سے استعفیٰ دے کر سیاست میں قدم رکھا تھا، اپنی باقی عمر تحریر اور تدریس کے لیے وقف کرنا چاہتا ہوں۔

### بقیہ بقیہ جات 11

لیکن سمجھ نہیں آتی ہمارے مخالفین کو اس پر اعتراض کیوں ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ عمران خان ملک کی سب سے بڑی حقیقت ہے ہمارے مخالفین اس حقیقت کا سامنا کریں، عمران خان محب وطن پاکستانی ہیں ان کی خواہش ہے کہ عوام اور ملک کے حالات ٹھیک ہوں۔ پاکستان کو اللہ تعالیٰ نے عمران خان کی صورت میں ایک ایسا لیڈر دیا ہے جس کی نظر آگے ہیں وہ ماضی میں نہیں رہتا، وہ کسی سے بدلہ نہیں لے گا کیونکہ انہیں ملک اور عوام کا مفاد عزیز ہے۔ مسرت جمشید چیمہ نے کہا کہ پوری قوم اجتماعی دعا اور اجتماعی نوافل ادا کرے کہ اللہ ان لوگوں کو ہوش کے ناخن لینے کی توفیق دے جو ملک کو تباہ کررہے ہیں، انہیں توفیق دے کہ وہ دیوار پر جو لکھا ہے اسے پڑھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ آج لوگوں کے حالات یہ ہوچکے ہیں کہ وہ اپنے زیور بیچ کر بجلی کے بل ادا کررہے ہیں لیکن ان سے روٹی پوری نہیں ہورہی، جس عوام کے پیٹ میں دو وقت کی روٹی نہیں جا رہی انہیں حکمرانوں نے ایک سوچی سمجھی سازش کے تحت شش و پنج اور اضطراب کی کیفیت میں ڈال رکھا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مخصوص نشستوں کے حوالے سے فیصلہ آنے کے بعد آئینی عہدوں کے سارے الیکشن متنازعہ ہوگئے ہیں۔ آئی ایم ایف اور کوئی عالمی امداد پاکستان کو ٹھیک نہیں کرسکتی اگر پاکستان کو ٹھیک کرنا ہے تو اسے آئین و قانون کے مطابق چلانا ہوگا۔

### بقیہ بقیہ جات 12

انتشار کا زہر پھیلایا جارہا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر پیغام میں سعد رفیق نے لکھا کہ بہت سے لوگ دانستہ اور غیر دانستہ طور پر اس صورت حال کا حصہ بن رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آئینی پامالی، زرد جمہوریت، معاشی بدحالی اور غربت جنگل کی آگ کی طرح پھیل رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ توڑنا آسان جب کہ جوڑنا بہت مشکل کام ہے، ایک دوسرے کے گریبان پھاڑنے اور دامن تار تار کرنے سے فرصت ملے تو سوچیے کہ ہم اجتماعی خود کشی پر کیوں تلے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 13

خان نے کہا کہ فارم 47 والوں کے لیے میدان خالی نہیں چھوڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ لوٹا ہوا مینڈیٹ واپس لے کر حکومت بنائیں گے، جس کے وزیراعظم بانی پی ٹی آئی ہوں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 14

ایئر ایمبولینس نے کام شروع کردیا ہے۔ سماجی رابطوں کی ویب سائٹ ایکس (سابقہ ٹوئیٹر) پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ میاں نواز شریف کی ہدایت کے مطابق پنجاب کی عوام سے کیا ایک اور وعدہ پورا کردیا، پاکستان کی تاریخ کی پہلی ایئر ایمبولینس نے کام شروع کردیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ میانوالی میں چھت سے گرنے والی خاتون کو فوری ریسکیو کرکے گولڈن آور میں پنڈی منتقل کیا گیا اور علاج کی سہولیات فراہم کی گئیں۔ واضح رہے کہ میانوالی میں بزرگ خاتون چھت سے گری جس کو ایئر ایمبولینس کے ذریعے بروقت راولپنڈی منتقل کر کے ان کی جان بچالی گئی۔

### بقیہ بقیہ جات 15

ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حماس کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ پاکستانی اعلان مسلمانوں کے بنیادی مقصد کی حمایت میں تاریخی موقف ہے، تمام ممالک فاشسٹ قابض اسرائیلی ریاست کا بائیکاٹ کرنے کے اقدامات کریں۔ بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ عالم اسلام فلسطینی عوام کی حمایت اور مدد کرنے کی کوششیں جاری رکھیں۔ تمام ممالک صیہونی ریاست پر غزہ میں جاری نسل کشی روکنے کیلئے ہر ممکن دباؤ ڈالیں۔

### بقیہ بقیہ جات 16

کرے گا۔ بانی پی ٹی آئی نے بیرسٹر سلمان صفدر کے ذریعے لاہور ہائیکورٹ میں درخواستیں دائر کیں جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ انسداد دہشتگردی عدالت نے جسمانی ریمانڈ دیتے وقت ریکارڈ کا درست جائزہ نہیں لیا جیل میں قید ہوں پولیس پہلے بھی تفتیش کرچکی ہے، جسمانی ریمانڈ دیتے وقت قانون کو بھی مدنظر نہیں رکھا گیا۔ استدعا ہے لاہور ہائیکورٹ انسداد دہشتگردی عدالت کی جانب سے بارہ مقدمات میں دیا گیا جسمانی ریمانڈ کالعدم قرار دے۔

### بقیہ بقیہ جات 17

مختلف دیہی علاقوں میں 12 گھنٹے جبکہ شہری علاقوں میں 4 سے 6 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کی گئی۔ حکام کے مطابق واپڈا کے پاور پلانٹس سے صرف 500 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے، پانی سے ساڑھے 4 ہزار، ایٹمی توانائی سے 3 ہزار اور دیگر ذرائع سے 1800 میگاواٹ بجلی تیار کی جارہی ہے جبکہ آئی پی پیز سے بجلی کی پیداوار ساڑھے 13 ہزار میگاواٹ ہے۔ پاور ڈویژن حکام نے دعوی کیا ہے کہ شارٹ فال کے باوجود اعلانیہ لوڈشیڈنگ صفر ہے اور صرف ان علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل کی جارہی ہے جہاں ریکوری کم اور نقصانات زیادہ ہیں۔ پاور ڈویژن ذرائع کے مطابق نقصانات والے فیڈرز پر لوڈشیڈنگ کا دورانیہ 16 گھنٹے سے بھی زائد ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 18

پاکستانی افراد کو گرفتار کرکے قبضے سے 6 کلو چرس برآمد کی گئی۔ ادارہ انسداد منشیات کے مطابق ینبع میں ایک سعودی شہری کو ساڑھے 7 کلو چرس کے ساتھ گرفتار کیا گیا جبکہ جازان میں 4 ایتھوپین شہریوں کو گرفتار کرکے ان سے بھی منشیات برآمد کر کے مقدمہ درج کرلیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 19

برداشت نہیں کیا جائے گا، مسلم لیگ (ن) ہر حال میں آئین کا تحفظ کرے گی۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ زبان درازی، خیالی پلاؤ اور فلسفے جھاڑنے میں تحریک انصاف کا متبادل کوئی نہیں ہوسکتا، حکومت کی فکر کرنے کی بجائے انتشاری ٹولہ اپنی خیر منائے۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے عوام کو 11 سال سے سونامی، تبدیلی اور نئے پاکستان کے نام پر جھانسے دیے جارہے ہیں، تعلیم، صحت، انفراسٹرکچر اور روزگار تحریک انصاف کی کبھی ترجیح نہیں رہی، پاکستان میں 9 مئی کے فسادیوں اور دہشت گردوں کے لیے سیاست کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے۔ ملک افضل کھوکھر نے کہا کہ آج بھی تمام تر مشکلات کے باوجود پاکستان کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کے لیے جدوجہد کررہے ہیں انشاء اللہ اس میں ضرور کامیاب ہوں گے، معاشی اشاریے مثبت سمت میں گامزن ہیں، حکومت اپنی مدت پوری کرے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 20

کردیا۔ اپنے ویڈیو بیان میں انہوں نے کہا کہ میرے پاکستانیوں ہم نے پورے پاکستان میں آئندہ جمعہ تحریک تحفظ آئین پاکستان کے تحت احتجاج کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے احتجاج کے تین اغراض و مقاصد ہیں، ہمارا احتجاج ملک میں بگڑتی ہوئی امن وامان کی صورت حال اور حکومت کی ناکامی کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ دوسرا ہمارا احتجاج اس وقت ناجائز طور پر عمران خان، بشریٰ بی بی اور ہمارے دیگر اسیران جیلوں میں ہیں اور ہمارے سوشل ورکر اور خاص طور پر سوشل میڈیا سے متعلقہ لوگوں کو ناجائز طور پر اٹھانے اور غائب کرنے کے خلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ تیسرا ہمارا احتجاج مہنگائی کے خلاف ہے جو انہوں نے بجٹ کے ذریعے غریب عوام پر قیامت برپا کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بجلی کی بلوں میں اضافہ کیا گیا ہے، پیٹرول کی قیمتوں میں اضافہ کیا گیا ہے، بہت زیادہ ٹیکسز لگائے گئے ہیں جو ناقابل برداشت ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام طبقے خواہ وہ کسان ہو، طلباء ہو، تاجر ہو یا مزدور ہم سب نے اس ملک کو بچانا ہے۔ اس وقت ملک میں آگ اور خون کا کھیل کھیلا جا رہا ہے اور یہ ایک سیاسی جماعت کے خلاف کریک ڈاؤن کر رہے ہیں ایم این ایز کو خریدنے کیلئے بڑی بڑی آفرز کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو دبایا جا رہا ہے کہ اپنی وفاداری تبدیل کریں۔ انکو کوئی شرم و حیا نہیں ہے انہوں نے ہر صورت اقتدار سے چمٹنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ لوگوں نے نکلنا ہے جمعہ کو تاریخی احتجاج کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں بالخصوص جی ڈی اے کو احتجاج میں شرکت کی دعوت دیں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 21

نہیں، گالی اور گولی کی سیاست سے سیاسی جماعتوں کو اجتناب کرنا چاہیے ایسی سیاست کسی کیلئے بھی بہتر نہیں، سیاستدانوں کا اپنی اپنی انا کی تسکین کیلئے ملک میں افراتفری پیدا کرنا لمحہ فکریہ ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ختم نبوت اسلامک ریسرچ سنٹر لاہور میں مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کیا، اس موقعہ پر علامہ شاہ نواز فاروقی، مولانا خالد محمود قاسمی، سید سمیع اللہ حسینی، مولانا شبیر احمد عثمانی، مولانا حفیظ الرحمن کشمیری، میاں محمد طیب ایڈووکیٹ سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ ملک کسی بھی قسم کے تصادم کا متحمل نہیں، سیاست میں تشدد کا جو رجحان پیدا ہو رہا ہے وہ پاکستان اور عوام کیلئے بڑا خطرناک اور افسوسناک ہے۔ انتشار اور الزام تراشی کی سیاست ملک وقوم کے مفاد میں نہیں اس سے مسائل ختم ہونے کی بجائے بڑھتے ہیں موجودہ حالات ایسی سیاست کی اجازت نہیں دیتے، تمام سیاسی جماعتیں بحران سے نکلنے کیلئے بات چیت کا راستہ اپنائیں اور غریب عوام کے مفاد میں بہتر پالیسیاں تشکیل دیں تاکہ عوامی ہمدردری حاصل کی جاسکے۔

### بقیہ بقیہ جات 22

انفارمیشن ٹیکنالوجی اور پی ٹی اے ایل ڈی آئی کمپنیوں پر مہربان دکھائی دے رہی ہے۔ سما نے ایل ڈی آئی کمپنیوں کو دی گئی چھوٹ کی دستاویزات حاصل کرلیں ہیں۔ دستاویزات میں انکشاف ہوا ہے کہ 10 کمپنیوں کو لیٹ پیمنٹ چارجز کی مد میں 54 ارب روپے کی چھوٹ دیدی گئی دستاویز میں انکشاف ہوا کہ ان کمپنیوں نیا ے پی سی اور یو ایس ایف کی مد میں 76 ارب روپے ادا کرنے ہیں، اس رقم میں 24 ارب روپے اصل جبکہ 54 ارب روپے لیٹ پیمنٹ چارجز شامل ہیں۔ 24 ارب روپے کی نصف رقم 30 قسطوں میں ادا کرنے کی سہولت دی گئی اور جرمانہ نظرانداز کردیا گیا۔ سیکرٹری آئی ٹی نے بتایا کہ ایل ڈی آئی کمپنیوں کو واجبات اور مارک اپ معاف کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتے، اگر نوٹیفکیشن سے کوئی ابہام پیدا ہوا ہے تو اسے دور کریں گے، سما کے رابطہ کرنے کے باوجود ترجمان پی ٹی اے نے کوئی جواب نہ دیا۔ دستاویزات کے مطابق اس رقم کی ادائیگی کیلیے کمپنیوں نے عدالت سے رجوع کررکھا ہے، عدالت میں کیس ابھی تک زیر سماعت ہے، عدالتی احکامات میں کمپنیوں کے لائسنسوں کی تجدید کیلئے کسی رعایت کا ذکر نہیں ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 23

پارٹی چھوڑنے کا اعلان کردیا۔ مسلم لیگ (ن) سے علیحدگی اختیار کرنے کے بعد اپنے ایک بیان میں آصف کرمانی کا کہنا تھا کہ وہ کافی عرصے سے خود کو مسلم لیگ ن کے سیاسی معاملات سے علیحدہ کرچکے تھے، ابھی باقاعدہ علیحدگی کا اعلان کیا ہے۔ آصف کرمانی کا مزید کہنا تھا کہ عوام مہنگائی اور بجلی کے بلوں سے مر رہے ہیں، خوشامدی ٹولہ سب اچھا کی گردان کر رہا ہے اور نواز شریف بے خبر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کو ان حالات سے متعلق آگاہ کرنے کی کوشش کی لیکن خوشامدی ٹولے کی وجہ سے ممکن نہیں ہوسکا۔ آصف کرمانی کا کہنا تھا کہ خوشامدی ٹولہ تو یہی کہہ رہا ہے کہ سب اچھا ہے لیکن نواز شریف صاحب اب اچھا نہیں ہے۔ انہوں نے اس حوالے سے کہا ہے کہ جلد اپنا ایک تفصیلی بیان جاری کروں گا اور آگاہ کروں گا کہ پارٹی کو چھوڑنے کی وجہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام مہنگائی اور بجلی کے بلوں سے مر رہے ہیں جب کہ خوشامدی ٹولہ سب اچھا کی گردان کر رہا ہے۔ بطور وزیراعظم نواز شریف کے سابق مشیر نے پارٹی صدر کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ میاں صاحب، سب اچھا نہیں ہے۔ آصف کرمانی مسلم لیگ (ن) کے سابقہ دور حکومت میں سابق وزیراعظم نواز شریف کے معاون خصوصی اور سینیٹر رہ چکے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 24

مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبد الودود شاہد، صدر لائرز فورم لاہور محمد ہاشم تہامی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی لاہور فیضان شجاع بٹ ایڈووکیٹ، ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات قاری منظور الحسن چترالی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ حکومت کی نااہلی و بدعنوانی سے مسائل بڑھ گئے، برسراقتدار طبقے نے تعلیم صحت نجی شعبے کے حوالے کرکے عوام کی مشکلات میں اضافہ کردیا ہے، سیاسی عدالتی معاشی عدم استحکام کے باوجود حکمران ومقتدر قوتیں سب ٹھیک ہے کی رٹ لگارہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 25

سے سیدھی حرکتیں کررہی ہے، ٹیکنوکریٹ آنے والی حکومت کا حصہ بننے کے لئے تیاری کررہی ہیں۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے سابق گورنر سندھ عمران اسماعیل نے کہا کہ مجھے ہواؤں میں تبدیلی نظر آرہی ہے، حکومت زیادہ دیر نہیں چلے گی۔ حکومت خود بوکھلاہٹ کا شکار ہے اور وہ الٹی سیدھی حرکتیں کررہی ہیں، پاکستان کی سب سے بڑی سیاسی جماعت پر پابندی لگانے کی بات کررہے ہیں مجھے لگتا ہے ملک ایمرجنسی کی طرف جا رہا ہے، اسلام آباد کی فضا میں تبدیلی نظر آرہی ہے، ٹیکنوکریٹ کی دوڑیں لگی ہوئی ہیں۔ ٹیکنوکریٹ آنے والی حکومت کا حصہ بننے کے لئے تیاری کررہی ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 26

موجود رہی اور دونوں سے تفتیش کی جبکہ گزشتہ روز بھی نیب ٹیم نے تقریباً پونے گھنٹہ تک بانی چیئرمین پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی سے تفتیش کی، ٹیم نے ملزمان سے توشہ خانہ تحائف کے حوالے سے تفتیش کی تھی۔ دوران تفتیش عمران خان اور بشریٰ بی بی سے تحفے میں ملنے والی بلگری جیولری سیٹ سے متعلق بھی سوالات کئے گئے تھے۔ نیب نے ملزمان کا احتساب عدالت سے 8 روزہ جسمانی ریمانڈ حاصل کررکھا ہے، ملزمان کو 22 جولائی کو تفتیشی پیش رفت رپورٹ کے ساتھ دوبارہ عدالت پیش کیا جائے گا۔ یاد رہے کہ 13 جولائی کو عدت نکاح کیس میں بریت کے بعد قومی احتساب بیورو نے توشہ خانہ کے نئے ریفرنس میں عمران خان اور ان کی اہلیہ کی گرفتاری ڈال دی تھی۔

### بقیہ بقیہ جات 27

کی وجہ سے اجلاس ملتوی کیا گیا۔ اجلاس کی نئی تاریخ کا اعلان جلد کیا جائے گا۔

### بقیہ بقیہ جات 28

فروخت بند کردی جس کے نتیجے میں شہری وزیراعظم ریلیف پیکج کے تحت سستی چینی سے محروم اور اوپن مارکیٹ سے مہنگی چینی خریدنے پر مجبور ہوگئے ہیں۔ ترجمان یوٹیلیٹی اسٹورز کے مطابق کارپوریشن کے پاس اس وقت وافر مقدار میں چینی دستیاب ہے، تاہم فی کلو 15 روپے نئی فیڈرل ایکسائز ڈیوٹی کی وجہ سے چینی کی فروخت بند ہے۔ ترجمان کے مطابق ایف ای ڈی کی وضاحت کیلئے ایف بی آر سے ایڈوائس مانگی گئی ہے اور جیسے ہی ایف بی آر کلیئر کرتا ہے چینی کی ترسیل کی فوری شروع ہوجائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 29

کی گئی ہیں جس میں تربیتی اور تعلیمی سہولیات خاص طور پر تیار کی گئی ہیں۔ کوہ پیمائی، شیرپا کی تربیت اور پاکستان کے شمال میں پائیدار سیاحت کے طریقے تاکہ عالمی معیار کے ماحول دوست کوہ پیمائی، کوہ پیمائی اور پہاڑی سیاحت کو فروغ دیا جاسکے۔ گلگت بلتستان میں کوہ پیما سکول کے قیام کے لیے وزیر اعظم کی کمیٹی کے دوسرے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے جو یہاں وزارت موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ میں منعقد ہوئی، رومینہ خورشید عالم نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف نے کوہ پیما سکول کے قیام کے لیے بہت اہم کردار ادا کیا ہے۔ گلگت بلتستان اور ملک کے دیگر پہاڑی علاقوں میں۔ ایسی سہولیات کا قیام جو خواہشمند کوہ پیماؤں اور کوہ پیماؤں کو پہاڑوں سے محفوظ طریقے سے لطف اندوز ہونے کے لیے علم اور اعتماد سے آراستہ کرنے میں مدد فراہم کرے گا اور ساتھ ہی کوہ پیماؤں کے مقامی ماحول، اقدار اور پہاڑی برادریوں کی ثقافتوں کا احترام کرتے ہوئے پائیدار اور ماحول دوست کوہ پیمائی کو فروغ دینے کے لیے ایک اہم تقلید ثابت ہوگا۔ اور ملک میں کوہ پیمائی، وزیراعظم کے موسمیاتی معاون نے کہا کہ اسکردو میں عالمی معیار کا پہلا سرکاری کوہ پیمائی اسکول قائم کرنے کے لیے گلگت بلتستان حکومت کے ساتھ قریبی تعاون اور تعاون سے ایک منصوبہ پر عمل درآمد کیا جارہا ہے۔ اس کا مقصد مقامی پہاڑی برادریوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع کھولنا اور پائیدار اور ماحول دوست کوہ پیمائی اور کوہ پیمائی کو فروغ دینے میں مدد کرنا ہے۔'' وزیر اعظم کے معاون نے تبصرہ کیا۔ رومینہ خورشید نے کہا کہ خوبصورت گلگت بلتستان طویل عرصے سے دنیا کی دوسری بلند ترین پہاڑی K2 سمیت اپنی خوبصورت بلند و بالا چوٹیوں کے لیے منایا جاتا ہے۔ یہ خطہ قدرتی خوبصورتی اور ثقافتی ورثے سے مالا مال ہے، جو دنیا بھر سے مہم جوئی اور متلاشیوں کو راغب کرتا ہے۔ تاہم، اس خطہ میں کوہ پیمائی اور کوہ پیمائی کو فروغ دینے کے لیے بہت بڑی صلاحیت موجود ہے، اس کے باوجود کوہ پیمائی کی مہارت کی ترقی کی تربیت اور سہولیات کے انتظامات کے ذریعے، انہوں نے کہا کہ اسکردو میں جلد ہی قائم کیے جانے والے مجوزہ کوہ پیمائی اسکول میں مقامی اور بین الاقوامی شرکاء کو ضروری مہارتوں اور علم سے آراستہ کرکے، ہمارا مقصد کوہ پیماؤں اور سیاحت کے پیشہ ور افراد کی ایک نئی نسل کو فروغ دینا ہے جو گلگت بلتستان کی قدرتی اور ثقافتی سالمیت کے تحفظ کے لیے پرعزم ہیں۔'' وزیر اعظم کے آب و ہوا کے معاون نے زور دیا۔ قبل ازیں، میٹنگ میں کوہ پیمائی اور کوہ پیمائی کے نصاب، متعلقہ مہارت کی نشوونما کے لیے ماڈیولز، ریسکیو ٹریننگ، کوہ پیمائی اسکول کی تعمیر کے لیے جگہ کی نشاندہی، مقامی ٹور گائیڈز کے لیے تربیتی پروگرام اور مجوزہ کوہ پیمائی کے قیام اور انتظام کے لیے ممکنہ فنڈنگ کے مواقع اور تعاون کے مواقع پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اسکول کی سہولت اجلاس میں دیگر کے علاوہ ایڈیشنل سیکرٹری موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ ذوالفقار یونس، ڈپٹی سیکرٹری موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ وزارت ڈاکٹر مظہر حیات، سیکرٹری وزارت بین الصوبائی رابطہ ندیم ارشاد کیانی، سیکرٹری وفاقی تعلیم اور دیگر نے شرکت کی۔ وزارت پیشہ ورانہ تربیت محی الدین احمد وانی، نیشنل ووکیشنل اینڈ ٹیکنیکل ٹریننگ کمیشن کے سینئر آفیشل نمائندے گلگت بلتستان پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ، معروف پاکستانی کوہ پیما نائلہ کیانی پی آر او ٹو پی ایم کے کوآرڈینیٹر محمد ارشد چوہدری، ڈپٹی ڈائریکٹر کلائیمیٹ چینج اینڈ انوائرمینٹل کوآرڈینیشن منسٹری محمد سلیم شامل تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 30

راولپنڈی منتقلی سے جان بچالی گئی۔ چالیس سالہ حلیمہ بی بی چھت سے گرنے کے باعث تشویشناک حالت میں تھی۔ مریضہ کی جان بچانے کے لئے فوری بڑے ہسپتال منتقلی ضروری تھی۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال میانوالی کے سرجن نے حلیمہ بی بی کو فوری علاج کے لئے راولپنڈی منتقل کرنے کا کہا تھا۔ اطلاع ملتے ہی وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے ایئر ایمبولینس گولڈن آور کے ذریعے حلیمہ بی بی کو راولپنڈی منتقل کرایا۔ ڈاکٹر راضون نصیر کی نگرانی میں ڈاکٹرز نے حلیمہ بی بی کا آپریشن کیا۔ ریسکیو ایئر ایمبولینس کی آزمائشی سروس کے ذریعے حلیمہ بی بی کو فوری طور پر میانوالی سے راولپنڈی منتقل کیا گیا۔ حلیمہ بی بی کے اہل خانہ نے وزیراعلیٰ پنجاب کو دعا دیتے ہوئے کہا کہ مریم نواز شریف رحمت کا فرشتہ ثابت ہوئیں، اللہ تعالیٰ انہیں زندگی اور کامیابی دے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے حلیمہ بی بی کے اہل خانہ کو پیغام میں کہا کہ جس نے ایک جان بچائی، اس نے پوری انسانیت کو بچایا، اللہ تعالیٰ کے حکم پر عمل کیا، الحمدللہ۔ وزیراعلیٰ پنجاب کی حلیمہ بی بی کی صحتیابی کیلئے پوری قوم سے دعا کی بھی اپیل۔ مریم نواز نے کہا کہ دعا اور دلی آرزو ہے کہ ہر شہری کی زندگی سے ہر دکھ مٹادوں۔

### بقیہ بقیہ جات 31

پارٹنرشپ کو فروغ دینے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی زیر صدارت اجلاس ہوا جس میں ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی (TEVTA) میپنگ پلان کو حتمی شکل دینے کے لیے سفارشات کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں ٹیوٹا اداروں میں مارکیٹ کی ڈیمانڈ کے مطابق جدید کورسز پڑھانے کا فیصلہ کیا گیا، ٹیوٹا اداروں میں کورین، جاپانی، جرمن، چینی اور عربی لینگویج کورسز بھی متعارف کرانے کی منظوری دی گئی۔ انٹرنیشنل مارکیٹ میں اسکلڈ جاب کے لیے پنجاب اوورسیز ایمپلائمنٹ پروموٹنگ اتھارٹی کے قیام کی تجویز پر بھی اتفاق ہوا۔ دوران اجلاس لارج اسکیل کنسٹرکشن ڈویلپرز کے تعاون سے ہیوی مشینری ڈرائیونگ/آپریٹر کورس کی آؤٹ سورسنگ کا فیصلہ کیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے 9 شہروں میں 45 ویلڈنگ ورک شاپس بنانے جبکہ گوجرانوالہ، ساہیوال، بہاولپور، ملتان، اٹک، ٹیکسلا، لیہ اور میانوالی میں ویلڈنگ اور کنسٹرکشن کورس کی جدید ترین لیب قائم کرنے کی بھی منظوری دی۔ اجلاس میں ٹیوٹا میں ہیومن ریسورس کی کمی دور کرنے کے لیے ایک ہزار ملازمین کو بھرتی کرنے کی تجویز پر اتفاق ہوا، پریکٹیکل ٹریننگ کے لیے ٹریننگ میٹریل کی خریداری کے بجٹ کو بڑھانے کی تجویز بھی زیر غور آئی جبکہ ٹریننگ میٹریل کا ماہانہ بجٹ 2 ہزار روپے فی طالب علم کرنے کی تجویز دی گئی۔ دوران اجلاس اساتذہ کی بائیومیٹرک حاضری یقینی بنانے کے لیے اقدامات کی ہدایت کی گئی۔ ٹیوٹا کے نئے کورسز میں بلڈنگ، ٹیکسٹائل، گارمنٹس، ٹورازم، ہاسپٹلٹی، انفارمیشن کمیونیکیشن اینڈ ٹیکنالوجی، آٹوموبائل اسمبلنگ اور پینٹنگ شامل فوڈ پروسیسنگ، بائیومیڈیکل ٹیکنالوجی، لائٹ انجینئرنگ، ری نیو ایبل انرجی، سرجیکل انسٹرومنٹ کی پروفیشنل ٹریننگ بھی دی جائے گی۔

### بقیہ بقیہ جات 32

سکتا۔ اپنے ایک بیان میں صوبائی مشیر اطلاعات بیرسٹر سیف نے کہا کہ بعض مسترد شدہ سیاسی ڈرامے باز بنوں واقعے پر سیاست کی ناکام کوشش کررہے ہیں، انتشار کی سیاست کرنے والوں کے منفی عزائم سے عوام باخبر ہیں، وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈا پور بنوں کی صورتحال کو مسلسل مانیٹر کررہے ہیں۔ بیرسٹر سیف نے کہا کہ واقعے کے فوری بعد وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا نے تمام مصروفیات چھوڑ کر بنوں کے معاملات پر توجہ دی ہوئی ہے، بنوں میں کسی بڑے ناخوشگوار واقعے کی روک تھام صوبائی حکومت کی اولین ترجیح رہی، بنوں انتظامیہ مسلسل علی امین گنڈا پور کو آگاہ کررہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ مقامی انتظامیہ اور سماجی عمائدین پر مشتمل کمیٹی کے مذاکرات چل رہے ہیں، مذاکرات کا عمل شروع ہوتے ہی بنوں میں امن بحال ہوا، سماجی عمائدین اور انتظامیہ پر مشتمل کمیٹی علاقے میں دیرپا قیام امن کو یقینی بنائے گی، سماجی عمائدین پر مشتمل کمیٹی کی جلد وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سے ملاقات متوقع ہے۔ مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا نے بتایا کہ وزیراعلیٰ علی امین گنڈا پور کی ہدایت پر قائم کمیشن بہت جلد واقعے کے حوالے سے انکوائری رپورٹ جمع کرے گا، خیبر پختونخوا دہشت گردی سے پہلے متاثر ہے اور کسی بھی بڑے سانحے کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ بیرسٹر سیف نے مزید کہا کہ عوام کی جان و مال کی حفاظت صوبائی حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں، عوام شدت پسندی کے خاتمے کے لیے صوبائی حکومت اور مقامی انتظامیہ سے تعاون کریں۔

### بقیہ بقیہ جات 33

جاری ایک پیغام میں فواد چوہدری نے لکھا کہ اسٹیبلشمنٹ نے 18 نشستوں کی بنیاد پر شہباز شریف کو وزیراعظم بنایا۔ شہباز شریف کو اس امید پر وزیراعظم بنایا گیا کہ وہ آصف زرداری کے ساتھ مل کر اسٹیبلشمنٹ کے سیاسی بیانیے کا بوجھ اٹھائیں گے اور بانی پی ٹی آئی کی مقبولیت کا مداوا ہوگا لیکن موجودہ سیٹ اپ کا اسٹیبلشمنٹ کو کچھ بھی فائدہ نہیں۔ اس سیٹ اپ سے نہ سیاست سنبھل رہی ہے نہ معیشت، یہ سیٹ اپ مکمل طور پر ناکام ہوچکا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 34

کہ ان سے ملک کو بچایا جائے، حکومت کول پاور پلانٹس سے اوسطاً 200 روپے فی یونٹ بجلی خرید رہی ہے، سولر اور ونڈ پاور پلانٹس سے فی یونٹ 50 سے زائد میں خریدا جارہا ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق گوہر اعجاز نے کہا کہ انہوں نے کہا کہ یہ تمام پاور پلانٹس 20 فیصد سے کم کپیسٹی پر چل رہے ہیں، ان آئی پی پیز کو 1.95 ٹریلین روپے کی ادائیگیاں ہوچکی ہیں، ان آئی پی پیز کے بتایا 160 ارب روپے کی تصدیق ہورہی ہے، حکومت ایک ایسے پاور پلانٹ کو 150 ارب روپے ادا کررہی ہے جس کا لوڈ فیکٹر 15 فیصد سے کم ہے۔ حکومت ایک ایسے پاور پلانٹ کو 140 ارب روپے ادا کررہی ہے جس کا لوڈ فیکٹر 15 فیصد ہے، ایک ایسے پاور پلانٹ کو 120 ارب روپے ادا کررہی ہے جو 17 فیصد لوڈ فیکٹر پر چل رہا ہے، حکومت 22 فیصد لوڈ پر چلنے والے پلانٹ کو 100 ارب روپے ادا کررہی ہے۔ گوہر اعجاز نے کہا کہ حکومت تین پاور پلانٹس کو 370 ارب روپے ادا کررہی ہے جو 15 فیصد لوڈ فیکٹر پر چل رہے ہیں، حل صرف ایک ہی ہے ''نو کپیسٹی پیمنٹس''، آئی پی پیز کو صرف بجلی کے پیداوار کی رقم ادا کی جائے، آئی پی پیز کے ساتھ بھی دیگر کاروبار کی طرح سلوک کیا جائے۔ گوہر اعجاز نے مزید کہا کہ آئی پی پیز میں 52 فیصد حکومت کے اور 28 فیصد پاکستانی پرائیویٹ سیکٹر کے ہیں، ہم 60 روپے فی یونٹ ان کرپٹ معاہدوں کی وجہ سے ادا کرتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 35

برسات کے دوران حبس اور گرمی کی وجہ سے کانوں میں ویکس کی مقدار بڑھ جاتی ہے جس سے کان بھاری محسوس ہوتے ہیں کان میں آوازیں سنائی دیتی ہیں اور خارش محسوس ہوتی ہے اس صورتحال کے تدارک کے لیے ضروری ہے کہ ماہر معالج سے مشورہ کیا جائے انہوں نے کہا کہ مشین کی مدد سے کان میں جمی ہوئی ویکس کی اضافی مقدار باسانی نکالی جاسکتی ہے اور اس سے کان میں کسی قسم کی انفیکشن بھی نہیں ہوتی اس لیے احتیاطی تدابیر پر عمل کرتے ہوئے صحیح طریقہ علاج اختیار کیا جائے ٹوٹکوں اور غیر موزوں علاج سے کان کی انفیکشن ہو سکتی ہے اور کانوں کو نہ قابل تلافی نقصان پہنچ سکتا ہے

### بقیہ بقیہ جات 36

لاکھ 40 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے۔ مردان میں 18 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے گئے اور 6 لاکھ 35 ہزار روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ علاوہ ازیں، گوجرانوالہ میں 3، ساہیوال میں 3، سرگودھا میں 3 اور بہاولپور میں کمپریسر کے استعمال پر 4 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔

### بقیہ بقیہ جات 37

شاخت سعید خان کے نام سے ہوئی جس کی نماز جنازہ ملک سعد پولیس لائن میں پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کردی گئی۔ نماز جنازہ میں کیپٹل سٹی پولیس افسر (سی سی پی او) پشاور قاسم علی خان اور دیگر پولیس افسران، اہلکاروں اور شہید کے لواحقین نے شرکت کی۔ پولیس کے چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی اور پولیس افسران نے شہید کے تابوت پر پھول چڑھائے۔

### بقیہ بقیہ جات 38

مقدمات درج کر کے 34 ہزار 388 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے۔ دوسری جانب بجلی چوروں کو اب تک 11 کروڑ 78 لاکھ 21 ہزار 87 یونٹس چارج کیے گئے جس کی مالیت 4 ارب 23 کروڑ 34 لاکھ 61 ہزار 4 سو 82 روپے ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 39

ہے، متعدد افراد نے گھریلو اشیاء فروخت کر کے اپنے بل جمع کروائے، ایک خاتون نے سود پر پیسے حاصل کر کے بجلی کا بل جمع کروایا، جبکہ متعدد افراد نے موبائل فونز، فریج، اے سی اور دیگر گھریلو استعمال کی مصنوعات فروخت کر کے اپنے بجلی کے بل جمع کروائے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 40

ریڈیو، فیول ایڈجسٹمنٹ، ٹیکسٹی، ویری ایشن، ود ہولڈنگ اور فکسڈ ٹیکسز کے ذریعے بھتہ خوری کی جاری اور عوام کو لوٹا جارہا ہے۔ بدقسمتی سے (ن) لیگی اور پیپلز پارٹی والے حکمران جو الیکشن سے پہلے غریبوں کو 300 یونٹ مفت بجلی فراہم کرنے کے وعدے کررہے تھے اب غریب عوام کو بھول کر ایئر کنڈیشنڈ کمروں میں حکمرانی کے مزے لوٹ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہر پاکستانی بجلی اور گیس کے بلوں میں بے انتہا اضافے کی وجہ سے پریشان ہے حکومت عوام کو قربانی کا بکرا بنانے کی بجائے افسر شاہی اور اشرافیہ کی عیاشیاں کنٹرول کرکے عوام کو ہر ممکن ریلیف فراہم کریں۔

### بقیہ بقیہ جات 41

نقشبندی، ناظم اعلیٰ مولانا ایوب خان، ڈپٹی سیکرٹری پیر اکبر ساقی، لاہور کے ناظم اعلیٰ مولانا طیب عثمانی، نائب امیر مولانا صلاح الدین ایوبی، قاری واحد بخش، قاری رحمت اللہ لاشاری، انجینئر خالد ٹیپو، عبد الحمید تونسوی، مولانا محمد ممتاز، مولانا توقیر عباس سمیت دیگر رہنماؤں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ قادیانیوں کو پوری امت اور پارلیمنٹ نے غیر مسلم اقلیت قرار دے رکھا ہے لیکن قادیانی اپنے کفر کو اسلام کا نام دے کر مسلمانوں کے حقوق غصب کررہے ہیں اور ریاستی رٹ کو چیلنج کررہے ہیں۔ قوانین ختم نبوت کو منظور کروانے کے لیے اکابرین امت نے بہت بڑی قربانی دی ہے ہم ان قوانین کی حفاظت اپنی جان سے بڑھ کر کریں گے۔

### بقیہ بقیہ جات 42

پرفارمنس انڈیکیٹرز'' کے نفاذ کے حوالے سے پیش رفت پر بریفنگ دی۔ اجلاس میں لاہور پولیس کے مختلف ونگز کی کارکردگی کا بھی جائزہ لیا گیا۔ سی سی پی او لاہور نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پولیس افسران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کریں۔ انہوں نے سپروائزری افسران کو ماتحت عملے کی کارکردگی کی جانچ کیلئے باقاعدگی سے فیلڈ وزٹس کرنے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ بہتر کمانڈ اینڈ کنٹرول سے ماتحت عملے کی بہتر کارکردگی کے ساتھ ساتھ عوام کو ریلیف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ کے پی آئیز کے نفاذ سے نا صرف محکمانہ ڈسپلن، میرٹ اور کارکردگی میں بہتری آئے گی بلکہ عوام کو ریلیف کی فراہمی کا عمل تیز تر ہوگا۔ بلال صدیق کمیانہ نے کہا کہ پولیس افسران اپنے علاقوں کی مساجد اور پبلک مقامات پر باقاعدگی سے کھلی کچہریاں لگائیں۔ انہوں نے کہا کہ کھلی کچہریوں کے انعقاد سے شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل ہوں گے۔ انہوں نے موثر تفتیش سے مقدمات کو منطقی انجام تک پہنچانے کی ہدایت دیتے ہوئے کہا کہ بے گناہ کے ساتھ ناانصافی نہ ہو اور گناہ گار سزا سے بچنے نہ پائے۔

### بقیہ بقیہ جات 43

جانب سے گرجا گھروں کی فول پروف سیکورٹی کیلئے موثر انتظامات کیے گئے، راولپنڈی پولیس کے 400 سے زائد افسران و جوان نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، گرجا گھروں کی موثر سیکورٹی کیلئے چھتوں پر ماہر نشانہ باز کو تعینات کیا گیا، سینئر پولیس افسران نے ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک کیا اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کرتے رہے، تھانوں کی پٹرولنگ موبائلز، ایلیٹ فورس اور ڈولفن فورس کی خصوصی ٹیموں نے علاقہ میں موثر گشت کے فرائض سرانجام دیئے، عبادت کیلئے گرجا گھروں میں آنے والے افراد کو مکمل باڈی سرچنگ کے بعد داخلے کی اجازت دی جاتی۔ سی پی او سید خالد ہمدانی کا کہنا تھا کہ ڈیوٹی پر مامور افسران نے الرٹ ڈیوٹی کو یقینی بناتے ہوئے اردگرد کے ماحول پر کڑی نظر رکھی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ اور امن و امان کا قیام اولین ذمہ داری ہے جسے یقینی بنانے کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 44

سازش کے ذریعے گرایا گیا تھا مگر کسی کی طرف سے اظہار تشویش نہیں آیا، مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ اپنے سیاسی حریفوں کا مقابلہ سیاسی میدان میں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک پاکستان کو ایٹمی قوت، موٹروے، میٹروبس، اورنج ٹرین، سی پیک جیسے میگا منصوبے دینے والوں کی بجائے 4 سال تک اقتدار میں رہنے والوں کو ہیرو بنا کر پیش کیا جارہا ہے، پی ٹی آئی نے اپنے دور میں تحریک لبیک پر پابندی لگائی تھی، اس وقت مسلم لیگ (ن) واحد جماعت ہے جو اقدار کی سیاست کررہی ہے جبکہ پی ٹی آئی ہر قیمت پر انتشار اور گالی گلوچ کی سیاست کو پروان چڑھا رہی ہے، حکومتی اقدامات سے پاکستان ایک بار پھر معاشی طور پر خوشحالی کیجانب گامزن ہوچکا ہے وہ وقت دور نہیں جب پاکستان حقیقی معنوں میں خودمختار عوام خوشحال ہونگے، حکومت نے عوام سے جو وعدے کئے تھے ان کی تکمیل کیلئے عملی اقدامات کا آغاز کردیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 45

کے خیالات سے آگاہی حاصل کرنا ہے۔ اس کمیٹی میں مختلف شعبوں کے ماہرین شامل ہیں جو ماحولیاتی اقدامات کے مختلف پہلوؤں پر اہم نقطہ نظر فراہم کریں گے۔ COP29 فورم گزشتہ چند سال کے دوران ایک جانا پہچانا فورم بن چکا ہے جو ماحولیاتی تبدیلی سے نمٹنے کیلئے بہترین منصوبہ بندی اور منضبط حکمت عملی کی تیاری کیلئے سب کی نظریں اس پر لگی ہیں۔ کمیٹی کا مقصد بین الاقوامی تعاون اور شراکت داری کو فروغ دینا ہے۔ COP29 کے اہداف میں فیصلوں کو تازہ ترین سائنسی تحقیق، بہترین طریقوں سے آگاہ کرنا اور COP پروگراموں اور منصوبوں کے لئے وسائل کی شناخت اور انہیں متحرک کرنے میں مدد کرنا بھی شامل ہے۔ کمیٹی کے ارکان میں ڈبلیو ایچ او کے ڈائریکٹر جنرل ٹیڈروس ایڈہانوم گیبریسس، نظامی گنجاوی انٹرنیشنل سینٹر کے شریک چیئرمین اور سابق ورلڈ بینک صدر اسماعیل سراج الدین (مصر)، سابق صدر لاتویا وائرا ویکے فریبرگا فورسیسکو میٹلو اور فورسیسکو فیوچر انڈسٹریز کے بورڈ آف ڈائریکٹرز کے رکن، گلوبل فنڈ ٹو اینڈ ماڈرن سلیوری کے چیئرمین ایکسون موبل کے سابق نائب صدر جین بارشائیڈر، اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 73 ویں اجلاس کے صدر ایکواڈور کی سابق وزیر خارجہ، ماریا فرنانڈا اسپینوسا، ماحولیاتی حامی اور ترک ڈرامہ ارطغرل کے مرکزی اداکار انگین التان دزیاتان، برازیل کی سابق وزیر ماحولیات اور COP28 کی مشاورتی رکن ایزابیلا ٹیکسیرا، ملاوی کی سابق صدر جوائس باندا، میکسیکو کی سابق وزیر خارجہ اور اقوام متحدہ کے فریم ورک کنونشن برائے موسمیاتی تبدیلی (UNFCCC) کی ایگزیکٹو سیکرٹری پیٹریشیا اسپینوسا کانٹیلانو، ہنگری کے سفارتکار اور اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 77 ویں اجلاس کے صدر، سبا کوروسی، چین کے نیشنل سینٹر برائے موسمیاتی تبدیلی کی حکمت عملی اور بین الاقوامی تعاون کے ڈائریکٹر ژو ہواچنگ، بلغاریہ کے سابق صدر روزن پلوینلیف، رومانیہ کے سابق صدر ایمیل کانسٹنٹینسکو، مایمونا محمد شریف اور پاکستان سے پالیسی ادارہ برائے پائیدار ترقی (SDPI) کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر، ڈاکٹر عابد قیوم سلہری شامل ہیں۔ ڈاکٹر عابد قیوم سلہری جنوبی ایشیا کے واحد ماہر ہیں جو اس اعلیٰ سطح کی صدارتی کمیٹی کے رکن ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 46

حسین درخواست گزار ملک ظہیر عباس کی اپیل پر سماعت کریں گے۔ جس میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ فارم 45 کے مطابق عطا اللہ تارڑ الیکشن ہارے ہوئے ہیں، فارم 45 کے مطابق انتخابی نتائج جاری نہیں کیے گئے۔ واضح رہے کہ عطا اللہ تارڑ نے 98 ہزار 210 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی اور آزاد امیدوار ملک ظہیر عباس 82 ہزار 230 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ جبکہ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اس حلقے میں تیسرے نمبر پر رہے اور انہوں نے 15 ہزار 5 ووٹ حاصل کیے تھے۔

### بقیہ بقیہ جات 47

نوجوانوں کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ وفد نے انتخابات کے بعد حلقے کی عوام سے رابطے رکھنے پر ہمایوں اختر خان سے اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا کہ آپ نے حلقے کی ترقی کے لئے انقلابی منشور پیش کیا۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہمارے بہت سے علاقے ترقی کی دوڑ میں کئی دہائیاں پیچھے ہیں، وفاقی اور صوبائی حکومت کو ان علاقوں پر خصوصی توجہ مرکوز کرنی چاہیے، مختلف منصوبوں اور سکیموں میں ایسے علاقوں کو ترجیح دی جانی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہم ہر فورم پر حلقے کی محرومیوں کے حوالے سے آواز بلند کررہے ہیں اور کرتے رہیں گے، ہم اپنی آواز کو ایوانوں میں بھی پہنچائیں گے اور مسائل کو حل کرانے کی بھرپور کوشش کریں گے۔ ہم نوجوانوں کو قومی دھارے میں شامل کرنے کے منصوبے شروع کرانے کیلئے اپنی آواز بلند کرتے رہیں گے، اسی طرح کسانوں کے مسائل کو بھی اجاگر کریں گے۔ وفد نے ہمایوں اختر خان سے حلقے کے مسائل کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 48

ذاکرین اپنے وعظ اور تقریروں میں مثبت اور متعدل انداز اختیار کریں تاکہ امن دامان کی صورتحال اور فرقہ وارانہ کشیدگی کا خاتمہ ہوسکے، موجودہ حالات میں انتظامیہ سیکورٹی ادارے اور تمام مسالک کے جید علماء کرام کو مل کر ایک منظم طریقہ کار وضع کرنا چاہیے تاکہ ملک دشمن عناصر کو کسی قسم کی تخریب کاری کا موقع نہ مل سکے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات کا تقاضا ہے کہ ہمیں اپنی صفوں میں رواداری ہم آہنگی اور اتفاق کی فضا کو برقرار رکھنا چاہیے اس سلسلہ میں تمام مکاتب فکر کو ایک پلیٹ فارم پر جمع ہونے کی اشد ضرورت ہے جو لوگ ملک میں انتشار کو ہوا دے رہے ہیں ان کا کڑا محاسبہ ناگزیر ہے، عزم استحکام آپریشن پوری قوم کو افواج پاکستان کی پشت پر کھڑا ہونا ہوگا تاکہ ملک میں پائیدار امن کا قیام یقینی بنایا جاسکے۔ مسلم لیگی رہنما ایم ساجد عباسی نے مزید کہا کہ آج ملک کو اندرونی اور بیرونی خطرات کا سامنا ہے، عوام اپنی صفوں میں اتحاد برقرار رکھیں، ملک میں بڑھتی ہوئی دہشتگردی کے ناسور کو ایک بار پھر ختم کرنے کا وقت آچکا ہے، آپریشن عزم استحکام کی کامیابی ملک میں پائیدار امن کے قیام کی ضمانت ہے، ملک کے تمام باشعور شہری اس آپریشن کے حق میں ہیں اور افواج پاکستان کی پشت پر کھڑے ہیں، پاکستان کے عوام امن پسند ہیں جو دہشتگردی کے ناسور سے چھٹکارا پانے کی خاطر لازوال قربانیاں دیتے آرہے ہیں، موجودہ سیاسی وعسکری قیادت ملکی سلامتی واستحکام کیلئے ایک پیج پر ہے اور اس راہ میں کسی رکاوٹ کو حائل نہیں ہونے دے گی، اب وقت آگیا ہے کہ دہشتگردوں کا مکمل صفایا ممکن بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ سیاسی وعسکری قیادت ملکی سلامتی واستحکام کیلئے ایک پیج پر ہے اور اس راہ میں کسی رکاوٹ کو حائل نہیں ہونے دیں گی، پاکستان کے عوام امن پسند ہیں جو دہشتگردی کے ناسور سے چھٹکارا پانے کی خاطر لازوال قربانیاں دیتے آرہے ہیں، اس وقت جاری دہشتگردوں کی طرف سے بزدلانہ کارروائیاں قوم کے حوصلے پست نہیں کرسکتیں، اس جنگ میں ہمارے بچوں کے محفوظ مستقبل کیلئے اپنی جانوں اور خاندانوں کے نذرانہ دینے والے قوم کے بہادر بیٹے پوری قوم کے جھومر اور فخر ہیں، جنہوں نے ہمارے کل کیلئے اپنا آج قربان کردیا ہے، ان بہادر بیٹوں کی دی گئی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔

### بقیہ بقیہ جات 49

تو اس کی چیخیں سنائی دیں۔ ایف آئی آر میں کہا گیا کہ ملزم بچی کے ساتھ ریپ کرنے کی کوشش کررہا تھا، تاہم جیسے ہی اس نے کسی کو آتے ہی دیکھا تو فرار ہوگیا۔ اطلاع ملنے کے بعد ڈسٹرکٹ پولیس افسر (ڈی پی او) احمد محی الدین نے نوٹس لے لیا اور چھوٹی بچی کے ساتھ مبینہ ریپ کی کوشش کرنے پر ملزم کے خلاف فوری مقدمہ درج کرنے اور اس کی گرفتاری کا حکم دے دیا اور ساتھ ہی ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ڈی ایس پی) ملکوال سرکل سے رپورٹ طلب کرلی۔ ڈی ایس پی ملکوال غلام جعفر نے تے ملزم کی گرفتاری کے لیے پولیس کی چھاپہ مار ٹیمیں روانہ کیں، اور علاقے بھر کی ناکہ بندی کروادی، جس پر پولیس کی ٹیم ملزم کو گرفتار کرلیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق متاثرہ بچی زیادتی نے ملزم کی شناخت کرلی، جبکہ سرکاری ہسپتال کی ابتدائی میڈیکل رپورٹ میں بھی زیادتی کی کوشش کے شواہد ملے۔ پولیس نے بتایا کہ مزید تحقیقات جاری ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 50

جائے گا۔ ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، شہریوں کو ان کے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

### بقیہ بقیہ جات 51

برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق نصیر آباد کے علاقہ میں پولیس کو ڈکیتی کی اطلاع موصول ہوئی، پولیس نے فوری رسپانڈ کرتے ہوئے ڈاکوؤں کا تعاقب کیا تو ڈاکوؤں نے پولیس پارٹی پر فائرنگ شروع کردی، فائرنگ کے دوران ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دوسرے کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا گیا، واقعہ کی اطلاع پر ڈی ایس پی کینٹ اور ایس ایچ او نصیر آباد پولیس نفری کے ہمراہ فوری موقعہ پر پہنچ گئے، ہلاک ڈاکو کی شناخت داؤد جبکہ زخمی ڈاکو کی شناخت اجمل کے نام سے ہوئی، ڈاکوؤں سے دوران واردات چھینے گئے موبائل فونز، پرس اور استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ بھی برآمد ہوا۔ سی پی او سید خالد ہمدانی نے ڈولفن ٹیم کو بہادری سے خطرناک ڈاکوؤں کا مقابلہ کرنے پر شاباش دیتے ہوئے کہا کہ شہریوں کی جان ومال اور پولیس پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

### بقیہ بقیہ جات 52

گاڑی خراب ہوگئی، اس دوران موٹر سائیکل سوار مسلح ملزمان نے ان سے لوٹ مار کی، تو مزاحمت کے دوران فائرنگ سے ایک خاتون اور بچی زخمی ہو گئیں۔ پولیس حکام کے مطابق واقعہ ڈکیتی مزاحمت پر پیش آیا، ملزمان خاتون کا موبائل فون اور پرس چھین کر لے گئے، زخمی ہونے والی بچی کی شناخت سکینہ جب کہ خاتون کی شناخت نائلہ کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمی خاتون اور بچی کو طبی امداد کے لیے سول اسپتال منتقل کیا گیا، پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر ملزمان کی گرفتاری کے لیے اطراف کے علاقوں میں ناکہ بندی کردی ہے۔ ڈی آئی جی ساؤتھ نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے لیے خصوصی ٹیم تشکیل دے دی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 53

کے اثرات بچوں میں بھی پائے گئے ہیں۔ تحقیقاتی ٹیم نے ڈھاکا اور کراچی کے 74 پرائمری اسکولوں سے 2769 بچوں کے تھوک کے نمونے حاصل کیے تھے جبکہ بنگلہ دیش کی پروفیسر رومانہ حق اس تحقیق کی شریک مصنفہ میں شامل ہیں۔ تحقیق میں شامل بچوں کی عمریں 9 سے 14 سال کے درمیان تھیں۔ سیکنڈ ہینڈ اسموکنگ سے نوزائیدہ اور شیرخوار بچوں میں سانس کی نالی میں مختلف انفیکشنز اور پھیپھڑوں کی بیماری میں اضافہ ہوتا ہے۔ تحقیق کے مطابق سگریٹ نوشی کے دھوئیں سے سڈن انفینٹ ڈیتھ سنڈروم (SIDS) کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ تحقیق مکمل طور پر لیب ٹیسٹ کی بنیاد پر مکمل کی گئی ہے، پاکستان میں سیکنڈ ہینڈ اسموکنگ سے مختلف نوعیت کے امراض بھی سامنے آتے ہیں۔ واضح رہے کہ سیکنڈ ہینڈ اسموکنگ میں وہ لوگ شامل ہوتے ہیں، جو خود تو سگریٹ نہیں پیتے لیکن اردگرد سگریٹ پینے والے افراد کے فضا میں چھوڑے ہوئے دھوئیں کا وہ شکار ہوتے ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 54

جانے والے غیرملکیوں میں 12 ہزار 400 اقامہ قوانین کی خلاف ورزی کے مرتکب تھے جبکہ 4 ہزار 800 کو سرحدی قوانین اور 2500 کو محنت قوانین کی خلاف ورزی پر حراست میں لیا گیا۔ سرحدی قوانین کی خلاف ورزی کرنے والوں میں 45 فیصد یمنی، 53 فیصد ایتھوپی اور 2 فیصد دیگر قومیتوں کے افراد شامل تھے۔ سعودی عرب کی سرحد غیر قانونی طور پر عبور کرکے بیرون ملک جانے کی کوشش کرنے پر 48 افراد کو گرفتار کیا گیا جبکہ غیر قانونی افراد کو نقل وحمل اور روزگار کی سہولت فراہم کرنے پر 9 افراد کے خلاف مقدمہ دائر کیا گیا۔

### بقیہ بقیہ جات 55

میں 966.6 ہیکٹر اراضی پر آم کے باغات لگائے گئے ہیں جن میں مختلف آموں کی کامیابی سے کاشت کی جاتی ہے۔ آم کی کاشت میں اس وقت سعودی عرب 68 فیصد خودکفیل ہوچکا ہے۔ مملکت کے مختلف علاقوں میں آم کی فصل اپریل سے اگست تک تیار ہوتی ہے۔ وزارت زراعت کا مزید کہنا تھا کہ مملکت میں اس وقت 20 اقسام کے آموں کی کاشت کی جاتی ہے جن میں سمکہ، ناعومی، الزبدہ، الجولی، تیمور اور عیون المھا سب سے زیادہ مقبول ہیں۔ مکہ میں آم کی سالانہ پیداوار 17 ٹن سے زائد ہے جبکہ مدینہ منورہ ریجن میں 4 ہزار 505 ٹن اور عسیر میں 2 ہزار 800 ٹن جبکہ تبوک میں 2 ہزار 500 ٹن سے زائد کاشت ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ ریاض، قصیم، مشرقی علاقے نجران اور الباحہ میں بھی مختلف اقسام کے آموں کی کامیابی سے کاشت کی جاتی ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 56

ایشن فار ساؤتھ ایشین ایمپیئر پروگرام کی صدر ڈاکٹر سارہ عالم نے کہا کہ اس پروگرام کا مقصد پاکستان کے ٹیلنٹ کو ایسے مواقع فراہم کرنا ہے جہاں وہ اپنا ریسرچ ورک اور اپنے مقالے پیش کرسکتے ہیں، اس سلسلے میں اگلے سال کینیڈا اور یورپ میں کانفرنسز کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ ڈاکٹر سارہ عالم نے کہا کہ ہنرمند طلبہ و طالبات کو امیگریشن کے بعد بیرون ملک میں درپیش مسائل کا سامنا ہوتا ہے۔ پاکستان، بھارت، نیپال اور بنگلہ دیش کے تارکین وطن افراد کو بیرون ملک بہت سے چیلنجز کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور بیرون ملک ہمارا خطہ جنوبی دنیا کا حصہ بتایا جارہا ہے ہمیں وہ مواقع فراہم نہیں کیے جاتے جو دیگر ممالک کے لوگوں کو فراہم کیے جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں تیزی کے ساتھ بدلاؤ آرہا ہے اور ہمارا خطہ بھی تیزی سے دنیا کا حصہ بنتا جارہا ہے ہمیں ایسے ٹریٹ تو کیا جاتا ہے لیکن ہمیں وہ سہولیات نہیں ملتیں جو باقی لوگوں کو ملتی ہیں۔ سارہ عالم نے کہا کہ ہم اپنے لوگوں کو دنیا بھر میں پروموٹ کرنے جارہے ہیں ہمارے لوگ بہت محنتی ہیں۔ ڈاکٹر سارہ عالم نے میڈیا سے بات چیت میں کہا کہ اس وقت پاکستانی نوجوان مایوس ضرور ہیں لیکن بہت صلاحیت بھی ہیں وہ دنیا میں جا کر اپنی صلاحیتوں کو بہتر انداز میں منواسکتے ہیں۔ تقریب سے امیگریشن کنسلٹنٹ ریحان صدیقی ودیگر مقررین نے بھی خطاب کیا۔

### بقیہ بقیہ جات 57

سروس ریسکیو 1122 سینٹرل کمانڈ اینڈ کنٹرول کو کال موصول ہوئی۔ ریسکیو 1122 غوطہ خور اہلکار بمعہ واٹر ریسکیو وہیکل کے ہمراہ جائے حادثہ پہنچ کر ریسکیو آپریشن شروع کردیا۔ کنویں میں موجود دونوں افراد کو بحفاظت ریسکیو کرکے قریبی ہسپتال منتقل کردیا۔ ترجمان ریسکیو 1122 سندھ حسان الحسیب کے مطابق ڈوبنے والے افراد کی شناخت سمیع اللہ عمر 35 سال جبکہ حبیب کی عمر 30 سال ہے۔ یہ دونوں افراد قریبی ہوٹل کے 1 ملازم اور 1 مالک تھے۔ بارشوں کے بعد صفائی کے دوران حادثہ رونما ہوا۔ پہلے 1 ملازم حادثہ کا شکار ہوا، جس کو بچانے ہوٹل کا مالک سمیع اللہ بھی کنویں میں اترا۔ موقع پر موجود ریسکیو 1122 سندھ کی ٹیم نے واٹر ریسکیو آپریشن کے بعد دونوں افراد کو بچا کر قریبی ہسپتال منتقل کردیا۔

### بقیہ بقیہ جات 58

کلینک میں جاتی ہیں انہیں خواتین ڈاکٹرز اس قدر بے عزت کرتی ہیں ان خواتین کے مطابق زندگی بھر بھی ہمیں اس قدر بے عزت نہیں کیا۔ خواتین ڈاکٹرز ان حاملہ خواتین کو ایسی ایسی غلیظ گالیاں دیتی ہیں کہ جن کو کوئی شخص زبان پر نہیں لاسکتا۔ حاملہ خواتین کے وارثوں کا کہنا ہے کہ وفاقی وزیر صحت اور وزیراعظم پاکستان کو فوری طور پر پھر اور پولی کلینک میں تعینات خواتین ڈاکٹرز کے اس ہتک آمیز رویے کا نوٹس لینا چاہیے۔ ان خواتین کے وارثوں کا کہنا ہے کہ یہ ہمارے حلال کے بچے ہیں حرام کے نہیں کہ خواتین ڈاکٹرز ہماری خواتین کی اس قدر بے عزتی کرتی ہیں۔

### بقیہ بقیہ جات 59

گئے۔ 5 گولے الجلیل کے بالائی علاقوں کی طرف فائر کئے گئے تھے۔ ان میں سے زیادہ تر کو فوج کے دفاعی نظام نے روک لیا اور کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ بیان میں کہا گیا کہ اسرائیلی فائر اینڈ ریسکیو سروسز نے راکٹ فائر کے نتیجے میں علاقے میں لگنے والی بہت سی آگ کو بجھانے کے لیے کام شروع کردیا تھا۔ دوسری جانب لبنانی حزب اللہ گروپ نے اعلان کیا کہ اس کے جنگجوؤں نے ہفتے کے روز شمالی اسرائیل پر درجنوں راکٹ فائر کیے اور 9 ماہ میں پہلی مرتبہ ایک گولے کو تیز کو نشانہ بنایا۔ گروپ نے ایک بیان میں کہا کہ یہ راکٹ باری ایک اسرائیلی ڈرون حملے کے جواب میں کی گئی جس کے نتیجے میں برج الملوک قصبے میں بچوں سمیت متعدد افراد زخمی ہوئے تھے۔ لبنان، اسرائیلی محاذ پر 48 گھنٹوں کے اندر بڑی شدت دیکھی گئی ہے۔ اسرائیل کی طرف سے حزب اللہ اور اسلامی گروپ کے 4 رہنماؤں کو مارنے کے بعد کشیدگی میں اضافہ ہوگیا ہے۔ حزب اللہ نے اسرائیل کے حملوں کا جواب دیا۔ اس جواب میں پہلی مرتبہ 3 نئی اسرائیلی بستیوں کو نشانہ بنایا گیا۔ اسرائیلی ردعمل پر عالمی سطح پر میں ایک مکمل جنگ کے آغاز کا خدشہ پیدا ہورہا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 60

حسین نے میڈیا سے گفتگو میں بتایا کہ علاقہ عدنان حرب الرجب العودہ ہسپتال پہنچیں تو وہ تقریباً مرچکی تھیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹروں کی ٹیم ماں کو بچانے میں تو ناکام رہے تاہم جب انہوں نے الٹرا ساؤنڈ کیا تو انہیں بچے کی دل کی دھڑکن محسوس ہوئی تو انہوں نے فوری طور پر آپریشن کیا اور بچے کو نکالا۔

### بقیہ بقیہ جات 61

محمد نے بتایا کہ اہلکار تھانے سے موبائل بلوا کر تین ملازمین کو اٹھا کر لے گئے اور ہوٹل ملازمین پر سلنڈر رکھنے کا مقدمہ درج کیا، اہلکاروں نے ہوٹل سے 18 کرسیاں اور کاؤنٹر سے 30 ہزار روپے بھی لوٹے۔ علی محمد کے مطابق ہیڈ محرر کورنگی نے ہوٹل ملازمین کو شخصی ضمانت پر رہا کروانے کیلیے رقم وصول کی۔ دوسری جانب، ہوٹل ملازمین پر تشدد کرنے پر ایس ایس پی کورنگی توحید رحمان نے نوٹس لیتے ہوئے تین اہلکاروں کو معطل کردیا اور انکوائری ایس پی شاہ فیصل کو دے دی۔ معطل پولیس اہلکاروں میں شاکر، مدثر اور وقاص شامل ہیں، تینوں اہلکاروں کو اگلے حکم تک کوارٹر گارڈ کردیا گیا ہے۔

### بقیہ بقیہ جات 62

نوشاہی توشہ پور شریف نزد کشمیر کالونی جہلم میں ادا کی جائے گی۔ سیاسی و مذہبی شخصیات نے علامہ پیر سید معروف حسین عارف شاہ کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے دین اسلام کی اشاعت اور فروغ کے لئے ان کی خدمات کو بھرپور خراج تحسین پیش کیا ہے۔

بعدالت جناب چوہدری امان اللہ گوندل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع چہ پرانا
متوفی: نذیر احمد ولد ماہلہ
وارثان: ماہلہ والد، فاطمہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ
زندہ: نذیراں بیوہ، محمد شبیر، تصور عباس، منور حسین، مدثر حسین پسران، کلثوم بی بی، شہناز بی بی، شمیم بی بی، مسرت بی بی دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔

بعدالت جناب احسن شہزاد ہرل صاحب نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر حلقہ تحصیل آفس بھلوال

درخواست تصدیق وراثت انتقال موضع دیووال
متوفی: نذیر احمد ولد ماہلہ
وارثان: ماہلہ والد، فاطمہ بی بی والدہ پہلے فوت شدہ
زندہ: نذیراں بی بی بیوہ، محمد شبیر، تصور عباس، منور حسین، مدثر حسین پسران، کلثوم بی بی، شہناز بی بی، شمیم بی بی، مسرت بی بی دختران متوفی ہیں۔ اگر ان کے علاوہ کوئی دیگر وارث ہو تو اندر سات یوم اپنا اعتراض داخل کرواسکتا ہے۔ بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہ ہوگا اور انتقال وراثت تصدیق کردیا جائے گا، دستخط مہر عدالت سے جاری ہوا۔



# ٹوٹکوں اور غیر موزوں علاج سے کان کی انفیکشن ہو سکتی ہے ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری

### حالیہ موسم برسات کے دوران کان میں ویکس کا جمع ہو جانا ایک فطری عمل ہے کان میں کسی بھی نوکیلی شے سے خارش نہ کی جائے

### نیم حکیموں کے طریقہ علاج یا غیر مناسب ادویات کا استعمال کیا جائے اس سے کان کی انفیکشن بڑھ سکتی ہے اور قوت سماعت بھی متاثر ہو سکتی ہے

اسلام آباد (بیورورپورٹ) اسلام اباد راولپنڈی میڈیکل یونیورسٹی کے معروف سرجن ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری نے کہا ہے کہ حالیہ موسم برسات کے دوران کان میں ویکس کا جمع ہو جانا ایک فطری عمل ہے کان میں کسی بھی نوکیلی شے سے خارش نہ کی جائے نہ ہی نیم حکیموں کے طریقہ علاج یا غیر مناسب ادویات کا استعمال کیا جائے اس سے کان کی انفیکشن بڑھ سکتی ہے اور قوت سماعت بھی متاثر ہو سکتی ہے متعدی امراض کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر محمد اسلم چوہدری نے کہا کہ درجہ حرارت میں اضافے، ہوا میں نمی کا تناسب بڑھنے اور موسم

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر35

گیس چوروں کیخلاف کریک ڈاؤن

# پنجاب، کے پی اور اسلام آباد میں مزید 61 گیس کنکشن منقطع 12 لاکھ جرمانے

### لاہور میں، سوئی ناردرن ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 گیس کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے

### اسلام آباد میں غیر قانونی گیس استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے گئے۔ پشاور میں ریجنل ٹیم نے 26 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے اور 6 لاکھ 40 ہزار روپے کے جرمانے عائد کیے

لاہور (خبر نگار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائنز لمیٹڈ (SNGPL) نے گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں مزید 61 غیر قانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے اور 12 لاکھ روپے کے جرمانے عائد کیے۔ لاہور میں، سوئی ناردرن ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 گیس کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے۔ اسلام آباد میں غیر قانونی گیس استعمال پر 3 کنکشن منقطع کیے گئے۔ پشاور میں ریجنل ٹیم نے 26 غیر قانونی کنکشن منقطع کیے اور 6

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر36



لاہور، ریلویز پولیس کی غفلت کی وجہ سے نشئی ٹریک کے اوپر بنے پل کے حفاظتی جنگلے تک اکھاڑ کر لے گئے

## منہ زور مہنگائی نے عوام کو ادھ موا کر دیا ہے‘ علامہ منیر احمد وقار

### بجلی کی مد میں جگا ٹیکس کے ذریعے بل وصول کیے جا رہے ہیں‘ رہنما مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان

لاہور (این این آئی) مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے رہنما علامہ منیر احمد وقار نے کہا ہے کہ منہ زور مہنگائی نے عوام کو ادھ موا کر دیا ہے، آمدن اور اخراجات میں غیر معمولی فرق سے ہر شہری پریشان ہے خصوصاً بجلی کی مد میں جگا ٹیکس کے ذریعے بل وصول کیے جا رہے ہیں اس نے قوم کو انفرادی اور اجتماعی طور پر ذہنی اذیت میں مبتلا کر دیا ہے، مساجد ومدارس کے ساتھ تعاون یا سہولت دینے کی بجائے انہیں بھی ظلم کی اس چکی میں رگڑا جا رہا ہے، سوشل میڈیا پر اور ملک بھر سے شہری سراپا احتجاج ہیں۔

## پیپلز پارٹی عوام کی فلاح و بہبود، ملکی ترقی و خوشحالی کے لئے ہمیشہ لڑتی رہے گی‘ رانا جمیل منج

### زندگی میں ہر قسم کی آزمائشیں آتی ہیں ہمیں ہر قسم کی آزمائشوں کا مقابلہ کرنا ہے‘ جنرل سیکرٹری پیپلز پارٹی لاہور

لاہور (این این آئی) پیپلز پارٹی لاہور کے جنرل سیکرٹری رانا جمیل منج نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی عوامی فلاح اور ملکی ترقی کے لئے جدوجہد کر رہی ہے، عوام کی بلا تفریق خدمت کرنا ہی ہمارا عزم ہے، بھٹو خاندان نے جمہوریت، آئین اور ملکی ترقی کیلئے عظیم قربانیاں دیں۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ پیپلز پارٹی بھی ختم نہیں ہو سکتی، عوام کے دلوں میں بھٹو اپنی سوچ اور افکار کی بدولت آج بھی زندہ ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی فلاح و بہبود، ملک کی ترقی وخوشحالی کے لئے ہمیشہ لڑی ہے اور لڑتی رہے گی، پیپلز پارٹی جمہوریت، مساوات اور فلاحی معاشرے کے قیام کے لئے کوشاں ہے۔

## بانی ورلڈ اسلامک مشن یو کے، جمعیت تبلیغ اسلام پیر سید معروف حسین عارف شاہ انتقال کر گئے



لاہور (سٹاف رپورٹر) بانی ورلڈ اسلامک مشن یو کے، جمعیت تبلیغ اسلام علامہ پیر سید معروف حسین عارف شاہ یو کے میں انتقال کر گئے۔ ممبر مرکزی بزم نوشاہیہ پاکستان بر طانیہ قاضی محمد عبدالغفار قادری نوشاہی کے مطابق ان کے جسد خاکی کو آج (پیر) کے روز پاکستان لایا جائے گا اور نماز جنازہ اسی روز سہ پہر 4 بجے دربار

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر62

## پشاور میں پولیس چوکی پر نامعلوم حملہ آوروں کی فائرنگ‘ ایک پولیس اہلکار جاں بحق

پشاور (این این آئی) پشاور میں پولیس چوکی پر نامعلوم حملہ آوروں کی فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا۔ پولیس پر فائرنگ کا افسوسناک واقعہ رات گئے پشاور کے نواحی علاقے اور مڑ میں پیش آیا، جہاں پولیس چوکی پر نامعلوم حملہ آوروں نے اسنائپر گن سے فائرنگ کی۔ پولیس کے مطابق فائرنگ سے ایک پولیس اہلکار جاں بحق ہوگیا تاہم پولیس کی جوابی فائرنگ سے حملہ آور فرار ہوگئے۔ جاں بحق ہونے والے پولیس اہلکار کی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر37

## دس ماہ کے دوران 4 ارب 23 کروڑ روپے کی بجلی چوری پکڑی گئی

### 90 ہزار سے زائد ملزمان کے خلاف مقدمات بھی درج کیے گئے

لاہور (این این آئی) وفاقی حکومت کی جانب سے انسداد بجلی چوری مہم جاری ہے اور دس ماہ کے دوران 4 ارب 23 کروڑ روپے کی بجلی چوری پکڑی گئی۔ پکڑے جانے والوں میں گھریلو، کمرشل صنعتی اور ٹیوب ویلز کے کنکشنز شامل ہیں۔ بجلی چوری مہم کے دوران 90 ہزار سے زائد ملزمان کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ مجموعی طور پر 1 لاکھ 5 ہزار 878 ملزمان بجلی چوری میں ملوث پائے گئے ہیں، 90 ہزار 26 ملزمان کیخلاف

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر38

## بجلی کے بلوں کی ادائیگی کیلئے شہری گھروں کی اشیاء بیچنے پر مجبور

### خاتون نے سود پر پیسے حاصل کر کے بجلی کا بل جمع کرایا، بل جمع کرنے والی نجی فرنچائز کے عملے کی گفتگو

لاہور (این این آئی) بجلی کے بلوں کی ادائیگی کیلئے شہری گھروں کی اشیاء بیچنے پر مجبور ہو گئے۔ معلوم ہوا ہے کہ رواں ماہ آنے والے بجلی کے بلوں میں جہاں بجلی کی قیمت بڑھ گئی ہیں وہاں اسی تناسب سے بھاری ٹیکس ڈالے گئے ہیں جس کی ادائیگی کو ممکن بنانے کیلئے شہریوں نے اپنے گھروں کا سامان بیچنا شروع کر دیا ہے۔ بل جمع کرنے والے نجی فرنچائز کے عملے نے بتایا کہ بجلی کی بلوں میں حالیہ اضافے سے عام آدمی کا بھرکس نکل گیا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر39

لاہور، میکلوڈ روڈ پر رنگ ساز گاہکوں کے انتظار میں بیٹھے ہیں

## جرمنی میں پاکستانی سفارت خانے کی فرینکفرٹ میں پاکستان قونصلیٹ جنرل میں توڑ پھوڑ کی شدید مذمت

برلن (این این آئی) جرمنی میں پاکستانی سفارت خانے نے شرپسندوں کی طرف سے فرینکفرٹ میں پاکستان قونصلیٹ جنرل میں توڑ پھوڑ کے فعل کی شدید مذمت کی۔ اتوار کو سفارت خانے نے اپنے آفیشل ایکس ہینڈل پر کہا کہ ہم جرمن حکام کے ساتھ رابطے میں ہیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ایسی صورت حال دوبارہ پیدا نہ ہو اور شرپسندوں کو قانونی نتائج کا سامنا کرنا پڑے۔ انہوں نے پاکستانی برادری سے صبر اور پرسکون رہنے کی بھی اپیل کی۔

## مردان میں فائرنگ سے شوہر اور اس کی 2 بیویاں قتل، مقدمہ درج

مردان (این این آئی) مردان میں ملزمان نے فائرنگ کر کے ایک شخص اور اس کی 2 بیویوں کو قتل کر دیا۔ پولیس کے مطابق واقعہ علاقہ سعید آباد باجوڑ وکورونہ میں پیش آیا، فائرنگ کرنے والے ملزمان فرار ہوگئے، اس کیس کی تحقیقات جاری ہیں۔ پولیس کے مطابق مقتول کی دوسری بیوی نے کچھ عرصہ قبل گھر سے بھاگ کر شادی کی تھی، لڑکی کے ورثاء نے گھر میں گھس کر اسے، اس کے شوہر اور سوتن کو قتل کیا۔ پولیس کے مطابق تینوں لوگ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے تھے۔

لاہور، پی سی ایم ای اے کے سینئر وائس چیئر مین عثمان اشرف کی قیادت میں ملاقات کرنے والا وفد سینئر صحافی مجیب الرحمن شامی کو پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہا ہے

## بجلی کی مفت خوری اور بلوں میں جگا ٹیکس قابل قبول نہیں‘ سنی علماء کونسل

### وزیر، مشیروں، افسر شاہی، ججز اور حکومتی حکام بل اپنی تنخواہوں سے ادا کریں‘ مولانا حافظ حسین احمد

لاہور (این این آئی) صدر سنی علماء کونسل لاہور وصوبائی ترجمان مولانا حافظ حسین احمد نے کہا ہے کہ بجلی کی مفت خوری اور بلوں میں جگا ٹیکس قابل قبول نہیں، بجلی کے بل موت کے پروانے بن چکے ہیں محدود آمدن میں گھر کا راشن خریدنا مشکل ہو چکا ہے، وزیر، مشیروں، افسر شاہی، ججز اور حکومتی حکام بل اپنی تنخواہوں سے ادا کریں۔ اپنے جاری بیان میں انہوں نے کہا کہ بجلی کے بلوں میں درجن سے زائد ناجائز ٹیکسز انکم ٹیکس، جی ایس ٹی، ٹی وی،

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر40

## قادیانی مبارک ثانی کیس کا محفوظ فیصلہ جلد از جلد سنایا جائے‘ قاری اعظم حسین

### ریاستی داروں کا فرض بنتا ہے کہ وہ قادیانیوں سے متعلق آئین اور قانون کے مطابق عمل درآمد کریں

لاہور (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (س) لاہور کے امیر و مرکزی سالار مولانا قاری اعظم حسین نے کہا ہے کہ قادیانی مبارک ثانی کیس کا محفوظ فیصلہ جلد از جلد سنایا جائے، آئین و قانون میں مرزائیوں کیلئے جو اسٹیٹس طے کیا گیا ہے اس کو چھیڑنے کی سازش ہو رہی ہے، ریاستی داروں کا فرض بنتا ہے کہ وہ قادیانیوں سے متعلق آئین اور قانون کے مطابق عمل درآمد کریں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے امیر مولانا پیر عبدالقدوس

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر41

## کوپ 29 کے جامع ”ماحولیاتی اقدام“ کیلئے عالمی مشاورتی کمیٹی کا اعلان

### 21 رکنی کمیٹی میں دنیا بھر کے مختلف شعبوں کے ماہرین، دانشور اور اداکار بھی شامل ہیں

### ایس ڈی پی آئی کے سربراہ جنوبی ایشیا کے واحد ماہر ہیں جنہیں کمیٹی میں شامل کیا گیا ہے

اسلام آباد (این این آئی) اقوام متحدہ کی 29ویں عالمی ماحولیاتی تبدیلی کانفرنس (COP29) کے صدر نے ” سرسبز دنیا کے ساتھ یکجہتی“ کے نعرے کے ساتھ جامع ماحولیاتی اقدام کے لئے بین الاقوامی مشاورتی کمیٹی کا اعلان کر دیا ہے۔ یہ کمیٹی 21 ارکان پر مشتمل ہے، جس کا مقصد جامع نتائج کے حصول کیلئے عالمی سطح پر تمام متعلقہ فریقین

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر45

## (ن) لیگ ہی پاکستان و بحرانوں سے نکال سکتی ہے، نسرین اشرف

### نواز شریف کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال پر گہری نظر ہے وہ موجودہ حالات میں فعال کردار ادا کر رہے ہیں

### وزیر اعظم شہباز شریف ملکی معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے سرگرم عمل ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) شعبہ خواتین NA-54 اسلام آباد کی صدر نسرین اشرف نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ پاکستان میں سیاسی جماعتوں پر پابندی پہلی بار نہیں لگ رہی اس سے پہلے بھی پابندیاں لگتی رہی ہیں مگر پہلی بار ایک سپر پاور کی طرف سے اظہار تشویش آنا سمجھ سے بالاتر ہے، قائد نواز شریف کی حکومت کو بھی ایک

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر44

## راولپنڈی، گرجا گھروں کی فول پروف سکیورٹی کیلئے موثر انتظامات

### پولیس کے 400 سے زائد افسران وجوان نے ڈیوٹی فرائض سرانجام دیئے

### گرجا گھروں کی موثر سکیورٹی کیلئے چھتوں پر ماہر نشانہ باز کو بھی تعینات کیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی فول پروف سکیورٹی کیلئے موثر انتظامات کئے گئے، راولپنڈی پولیس کے 400 سے زائد افسران وجوان نے ڈیوٹی کے فرائض سرانجام دیئے، گرجا گھروں کی موثر سکیورٹی کیلئے چھتوں پر ماہر نشانہ باز کو بھی تعینات کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر43

## کراچی میں سیوریج ملا پانی ہیضے کے پھیلاؤ کا سبب بننے لگا

### جناح اسپتال میں آج کل روزانہ 70 سے 80 ہیضے کے کیسز آرہے ہیں، طبی ماہرین

کراچی (این این آئی) کراچی میں سیوریج ملا پانی ہیضے کے پھیلاؤ کا سبب بننے لگا۔ طبی ماہرین کے مطابق کراچی میں سیوریج ملا پانی ہیضے کے پھیلاؤ کا سبب بن رہا ہے، جناح اسپتال میں آج کل روزانہ 70 سے 80 ہیضے کے کیسز آرہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ان دنوں زیادہ تر مریض پیٹ کے انفیکشن کے ساتھ لائے جارہے ہیں، جناح اسپتال میں عام طور پر ہیضے کے 30 سے 40 مریض لائے جاتے ہیں۔ طبی ماہرین نے کہا کہ کراچی میں مون سون کے آغاز سے ہی ہیضے کے کیسز میں اضافہ ہوا ہے اور بارشوں میں ہیضے کے کیسز میں مزید پھیلاؤ کا خدشہ ہے۔

لاہور، موٹر سائیکل سوار اپنے ساتھی کو خراب موٹر سائیکل کے ہمراہ کھینچ کر ورکشاپ لے جا رہے ہیں

## الیکشن ٹریبونل میں این اے 127 سے عطا تارڑ کی کامیابی کیخلاف اپیل پر سماعت (آج) ہوگی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کا الیکشن ٹریبونل حلقہ این اے 127 سے وفاقی وزیر اطلاعات ومسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما عطا اللہ تارڑ کی کامیابی کے خلاف اپیل پر آج (پیر) کے روز سماعت کرے گا۔ ٹربیونل کے جج جسٹس انوار

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر46

## کسانوں کو درپیش مشکلات کا ادراک نہ کیا گیا تو فوڈ سکیورٹی کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں‘ ہمایوں اختر خان

### کسانوں اور نوجوانوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر منصوبے شروع کئے جائیں

### محرومیوں کا شکار علاقوں میں بنیادی انفراسٹراکچر تعمیر کیا جائے کسانوں اور نوجوانوں کے وفد سے گفتگو

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ کسانوں کو درپیش مشکلات اور مسائل کا ادراک نہ کیا گیا تو فوڈ سکیورٹی کے مسائل پیدا ہو سکتے ہیں جس کا پاکستان جیسا ترقی پذیر ملک ہرگز متحمل نہیں ہو سکتا، کسانوں اور نوجوانوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر منصوبے شروع کئے جائیں محرومیوں کا شکار علاقوں میں بنیادی انفراسٹراکچر تعمیر کیا جائے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 سے تعلق رکھنے والے کسانوں اور

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر7

## آپریشن عزم استحکام ملک میں پائیدار امن کے قیام کی ضمانت ہے، ایم ساجد عباسی

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) اسلام آباد سٹی کے جنرل سیکرٹری و سابق چیئرمین میٹرو پولیٹن کارپوریشن و چیئرمین مارکیٹ کمیٹی اسلام آباد ایم ساجد عباسی نے اپنے جاری بیان میں کہا ہے کہ وطن عزیز کی سالمیت استحکام اور بقاء کیلئے مسلکی رواداری اور ہم آہنگی کے فروغ کی اشد ضرورت ہے، تمام علماء کرام خطباء حضرات اور

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر48

نارووال، لاہور سے شکر گڑھ آتے ہوئے درخت سے ٹکرا کر تباہ ہونے والی مسافر وین

## تھانہ نصیر آباد، ڈاکوؤں اور ڈولفن فورس کے درمیان فائرنگ سے ایک ڈاکو ہلاک

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ نصیر آباد کے علاقہ میں موٹر سائیکل پر سوار دو ڈاکوؤں نے ڈولفن فورس پر فائرنگ کی، فائرنگ کے دوران ایک ڈاکو ہلاک جبکہ دوسرا زخمی حالت میں گرفتار کر کے سے دوران واردات چھینے گئے موبائل فونز، پرس اور استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ بھی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر51

## راولپنڈی، سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ گرفتار

### قبضہ سے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق وارث خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں فرقان اور عمران شامل ہیں، ملزمان سے چھینا گیا موٹر سائیکل، موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، ملزمان کو متعدد وارداتوں کے انکشاف پر شناخت پریڈ کیلئے جیل منتقل کیا گیا، شناخت پریڈ کے بعد مزید برآمدگی کا تحرک کیا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر50

## منڈی بہاؤ الدین، 11 سالہ بچی کے ریپ کی مبینہ کوشش، پھوپھا گرفتار

منڈی بہاؤ الدین (این این آئی) منڈی بہاؤ الدین میں پولیس نے مبینہ طور پر 11 سالہ بچی کا ریپ کرنے کی کوشش پر اس کے پھوپھا کو گرفتار کر لیا۔ بچی کی آنٹی کی مدعیت میں درج فرسٹ انفارمیشن رپورٹ (ایف آئی آر) کی کاپی کے مطابق ملزم بچی کو اپنے گھر میں لے گیا، جب اس کی آنٹی نے بچی کو دیکھنے کے لیے ملزم کے گھر بھیجا

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر49

## پکنک پر جاتے ہوئے راستے میں گاڑی خراب ہونے پر ڈاکوؤں کا حملہ، گولی لگنے سے خاتون اور بچی زخمی

کراچی (این این آئی) شہر قائد کے علاقے ماڑی پور میں سائٹ گودام فٹبال چوک کے قریب فائرنگ سے خاتون اور بچی زخمی ہو گئی، مذکورہ فیملی پکنک کے لیے جارہی تھی کہ راستے میں گاڑی خراب ہو گئی تھی۔ تفصیلات کے مطابق ایک کار سوار فیملی ہاکس بے پر پکنک منانے جارہی تھی کہ راستے میں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر52

## کراچی میں 99.4 فیصد بچے سیکنڈ ہینڈ اسموکنگ کا شکار، تحقیقات میں انکشاف

کراچی (این این آئی) کراچی میں 99.4 فیصد بچوں کے سیکنڈ ہینڈ اسموکنگ کا شکار ہونے کا ہولناک انکشاف سامنے آیا ہے جس میں شیر خوار بچے بھی شامل ہیں۔ تحقیقاتی رپورٹ کے مطابق کراچی میں 99.4 فیصد بچے سیکنڈ ہینڈ اسموکنگ کا شکار ہیں۔ ماحول میں موجود سگریٹ کے دھوئیں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر53

## کراچی، ناشتے کا بل مانگنے پر پولیس اہلکاروں کا ہوٹل ملازمین پر تشدد

### ایس ایس پی کورنگی نے نوٹس لیتے ہوئے تین اہلکاروں کو معطل کر دیا اور انکوائری کا حکم

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کورنگی میں پولیس اہلکاروں نے ناشتے کا بل مانگنے پر ہوٹل کے ملازمین کے خلاف سلنڈر رکھنے کا مقدمہ درج کرتے ہوئے انہیں تشدد کا نشانہ بنا دیا۔ ہوٹل کے ایک متاثرہ ملازم علی محمد نے بتایا کہ کورنگی نمبر 2 پر واقع ہوٹل میں اہلکار روزانہ مفت کھانا کھاتے ہیں، جمعہ کی صبح 5 اہلکار ہوٹل پر ناشتہ کرنے پہنچے، مہنگائی سے پریشان ہو کر جب ان سے ناشتے کا آدھا بل مانگا تو انہوں نے تشدد کرنا شروع کر دیا۔ ملازم علی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر61

لاہور، ریس کورس پارک کی سیر کے لئے آئی فیملی کشتی پر سوار رہی ہے

## سعودی عرب میں 19 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار

### 17 ہزار غیر ملکیوں کو ملک بدر کرنے کی کارروائی مکمل کر لی ہے، وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے مختلف مقامات سے ایک ہفتے میں 19 ہزار غیر قانونی تارکین گرفتار کر لئے گئے۔ عرب ٹی وی کے مطابق وزارت داخلہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے کی ٹیموں نے مملکت کے مختلف علاقوں سے 19 ہزار 800 غیر قانونی تارکین کو حراست میں لیا۔ گرفتار کیے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر54

## سعودی عرب آم کی پیداوار میں 68 فیصد خود کفیل

### مملکت میں آم کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے، وزارت زراعت کا بیان

مکہ مکرمہ (این این آئی) سعودی عرب آم کی پیداوار میں 68 فیصد خود کفیل ہو گیا، مکہ میں سالانہ پیداوار 17 ٹن سے زیادہ ریکارڈ کی گئی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سعودی وزارت ماحولیات، پانی وزراعت کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ مملکت میں آم کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہوا ہے۔ سعودی عرب کے مختلف علاقوں

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر55

## غزہ میں ڈاکٹروں نے مردہ ماں کے رحم میں موجود بچے کو بچا لیا

### بچے کو انکیوبیٹر میں رکھا گیا اور بعد میں دیر البلح کے الاقصی ہسپتال منتقل کر دیا گیا

پیرس (این این آئی) غزہ کے ایک ہسپتال میں ڈاکٹروں نے اسرائیلی حملے میں زخمی ہونے کی وجہ سے جان کی بازی ہارنے والی ایک حاملہ خاتون کے رحم میں موجود بچے کو بچا لیا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق غزہ ہسپتال کے سرجن اکرم

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر60

## پاکستانی ہنر مند افراد اور طلبہ وطالبات کے لیے پلیٹ فارم سامنے آگیا

کراچی (این این آئی) نارتھ امریکن ایسوسی ایشن فار ساؤتھ ایشن افیئرز کی جانب سے کراچی کے مقامی ہوٹل میں پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ پروگرام کا بنیادی مقصد ٹیلنٹ کو سامنے لانا ہے۔ تقریب سے خطاب اور میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر فیوژن فورا اور نارتھ امریکن ایسوسی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر56

## فیڈرل بی ایریا کنویں کے اندر پھنسے مالک اور ملازم کو ریسکیو 1122 سندھ نے بچالیا

کراچی (این این آئی) رات گئے فیڈرل بی ایریا دربار سلطانی مسجد کے قریب 2 افراد صفائی کے دوران کنویں میں گر گئے۔ سندھ ایمرجنسی ریسکیو

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر57

## لبنان سے اسرائیل پر 45 میزائل فائر، ایک بستی کو پہلی مرتبہ نشانہ بنایا گیا

### زیادہ تر کو فوج کے دفاعی نظام نے روک لیا اور کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، رپورٹ

تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج نے اعلان کیا ہے کہ لبنان سے اسرائیل پر آدھے گھنٹے کے اندر تقریبا 45 میزائل داغے گئے جس میں سے کچھ کو فضائی دفاعی نظام نے ناکارہ بنا دیا۔ فوج نے وضاحت کی کہ فضائی دفاعی نظام نے کچھ گولوں کو روک لیا اور باقی کھلے علاقوں میں گرے جس سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بیان میں کہا گیا ہے کہ لبنان سے مغربی الجلیل کی طرف لگ بھگ 10 گولے فائر کئے

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر59

## پمز اور پولی کلینک کے گائنی وارڈ میں حاملہ خواتین کیساتھ خواتین ڈاکٹرز کی طوفان بدتمیزی معمول بن گیا

### وفاقی وزیر صحت اور وزیر اعظم فوری طور پر پمز اور پولی کلینک میں تعینات خواتین ڈاکٹرز کے اس ہتک آمیز رویے کا نوٹس لیں، شہریوں کا مطالبہ

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد میں پمز اور پولی کلینک کے گائنی وارڈ میں حاملہ خواتین کیساتھ خواتین ڈاکٹرز کی طوفان بدتمیزی معمول بن گیا ان ہسپتالوں میں تیسرا بچہ پیدا کرنا پاکستان کا سب سے بڑا جرم بن گیا جو بھی حاملہ خواتین پمز اور پولی

باقی صفحہ 7بقیہ نمبر58

A PILOT PROJECT ON
"TRANSFORMING

کراچی، میئر کراچی مرتضی وہاب، جی ٹی ایس امتیاز کے دورے کے دوران پلاسٹک کے کچرے سے پیور بلاک بنانے کے تجربے کا معائنہ کر رہے ہیں

| | |
|---|---|
| چیف ایڈیٹر | میاں محمد فیاض |
| مینجنگ ایڈیٹر | صدف الطاف چوہدری |
| سینئر گروپ ایڈیٹر | ڈاکٹر محمد احسن محمود |
| ایڈیٹر | امداد اللہ قریشی |
| سینئر ڈپٹی ایڈیٹر | چوہدری عمران شوکت |
| ڈپٹی ایڈیٹر | محمد شہروز میاں |
| لیگل ایڈوائزر | وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ |

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔

آفس نمبر 2 اباسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

خراج تحسین

ہم

اسد ریاض بھٹی
ڈپٹی رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز فیصل آباد

عرفان شوکت
سرکل رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز فیصل آباد

نوید عباس ملہی
اسسٹنٹ رجسٹرار کوآپریٹو سوسائٹیز فیصل آباد
کنوینئر کیئر ٹیکر کمیٹی ایف اے آر سی ایچ ایس لمیٹڈ فیصل آباد

اکمل مقصود
ممبر کیئر ٹیکر کمیٹی
سب انسپکٹر کوآپریٹو سوسائٹیز فیصل آباد

عبداللہ عاصم
ممبر کیئر ٹیکر کمیٹی
ایف اے آر سی ایچ ایس لمیٹڈ فیصل آباد

دی فیصل آباد ریلوے ایمپلائز کو آپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ فیصل آباد کے پلاٹ نمبر 429 کیٹگری بی سیکٹر نمبر 7 کے جعلی ڈاکومنٹس کے ذریعے قبضہ کرنے کی کوشش کو ناکام بناتے ہوئے حقائق پر مبنی منصفانہ فیصلہ کرنے پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں

موجودہ کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹیز فیصل آباد کے دلیر افسران کے حق پر مبنی فیصلوں پر
دی فیصل آباد ریلوے ایمپائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ فیصل آباد کے تمام ممبران کو سلام پیش کرتے ہیں

منجانب
سوسائٹی ممبران
دی فیصل آباد ریلوے ایمپائز کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی لمیٹڈ فیصل آباد